حواشی ابوالکلام آزاد

زیرِ مطالعہ کتابوں پر

مرتب
سیّد مسیح الحسن

www.kitabosunnat.com

مکتبہ قدوسیہ
غزنی سٹریٹ
اردو بازار
لاہور۔ پاکستان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ

مجلس التحقیق الاسلامی کے زیر اہتمام

محدث لائبریری

کتاب وسنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

معزز قارئین توجہ فرمائیں

- کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب ...عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ (Download) کرنے کی اجازت ہے۔

تنبیہ

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے

کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com

www.KitaboSunnat.com

www.KitaboSunnat.com

www.KitaboSunnat.com

حواشی ابوالکلام آزاد

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حواشی ابوالکلام آزاد

زیرِ مطالعہ کتابوں پر

مرتّب
سیّد مسیح الحسن

مکتبہ قدوسیہ
غزنی سٹریٹ
اردو بازار
لاہور۔ پاکستان

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



اشاعت اول ---------- جنوری ۹۲
مطبع ---------- ندیم یونس پریس

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فہرست مضامین

نمبر شمار	موضوع اور نام کتاب	مصنف	صفحات
	حرفِ آغاز	سید شریف الحسن نقوی	۱۱
	پیش لفظ	خلیق انجم	۱۳
	مقدمہ	مرتب۔ (سید مسیح الحسن)	۱۹
	فلسفہ و مذہب		۸۵
	فلسفہ		۸۷
	اردو		۸۹
۱	مقالاتِ شبلی : فلسفیانہ ۔ جلد ہفتم	شبلی نعمانی	۹۰
۲	مبادی الحکمت	محمد نذیر احمد خاں	۹۱
	عربی		۹۲
۳	شرح تہذیب المنطق والکلام	محمد عبدالحئی لکھنوی	۹۳
۴	شرح حکمت الاشراق	محمد بن مسعود قطب الدین شیرازی	۹۴
	انگریزی		۹۵
۵	Handbook of History of Philosophy. Tr. by James Hutchinson Sterling	ALBERT SCHWIEGLER	۹۶
	مذہب		۱۰۵
	اردو		۱۰۷
۶	ترجمان القرآن جلد اوّل	ابوالکلام آزاد	۱۰۸
۷	کتابِ مقدس یعنی پرانا اور نیا عہد نامہ		۱۱۳
۸	معرکۂ مذہب و سائنس ۔ ترجمہ ظفر علی خاں	جان ولیم ڈریپر	۱۲۳

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نمبر شمار	موضوع اور نام کتاب	مصنف	صفحات
۹	مقالاتِ شبلی : مذہبی ۔ جلد اوّل	شبلی نعمانی	۱۲۸
۱۰	الحبل المتین فی الاخفاء بآمین	محمد ظہیر احسن شوق نیموی	۱۳۰
۱۱	المقالة الکاملة فی ردّ الاجوبة الفاخرة الفاضلة	〃 〃 〃	۱۳۳
۱۲	اوشحة الجید فی اثبات التقلید	〃 〃 〃	۱۳۵
۱۳	جلاء العین فی رفع الیدین	〃 〃 〃	۱۳۷
۱۴	حقیقت المذاہب	محمد عبدالسلام خاں	۱۳۹
۱۵	تحفۂ گولڑویہ	میرزا غلام احمد	۱۴۱
۱۶	تاریخ مذاہب الاسلام	محمد نجم الغنی	۱۴۳
	فارسی		
۱۷	دبستان المذاہب		۱۴۵
۱۸	ازالة الخفا عن خلافة الخلفاء	شاہ ولی اللہ	۱۴۹
	عربی		
۱۹	الاعتصام ۔ جلد اول	ابراہیم بن موسیٰ	۱۵۲
۲۰	تاویل مختلف الحدیث	ابن قتیبہ	۱۵۳
۲۱	مجموعة الرسائل الکبریٰ	ابن تیمیہ	۱۶۱
۲۲	کتاب الصلوٰة وما یلزم فیہا	احمد بن محمد بن حنبل	۱۶۲
۲۳	تفسیر الفاتحہ	محمد رشید رضا	۱۶۳
۲۴	الہدایت إلی الصراط المستقیم	احمد زنانی	۱۶۴
۲۵	فوائد فی الصلٰوة والعوائد	شہاب الدین احمد	۱۶۵
۲۶	کتاب الفوائد البہیة فی تراجم الحنیفہ	محمد عبدالحی لکھنوی	۱۶۶
۲۷	احیاء العلوم الدین	امام غزالی	۱۶۹

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نمبر شمار	موضوع اور نام کتاب	مصنف	صفحات
۲۸	قرآن جمائل شریف۔ ترجمہ نذیر احمد		۱۷۲
	انگریزی		
۲۹	The Bible is true	Charles Marstan	۱۸۸
۳۰	The New knowledge about the Old Testament.	Charles Marstan	۱۹۰
۳۱	The Life of Jesus	Ernest Renan	۱۹۲
۳۲	Mohammad and Mohammadanism	R. Basworth Smith	۱۹۵
	ادب وتذکرہ		۲۰۹
	ادب		۲۱۱
	اُردو		۲۱۳
۳۳	خزینۃ الامثال	سید حسین شاہ حقیقت	۲۱۴
۳۴	رسائل شبلی (کاپی اوّل)	شبلی نعمانی	۲۱۵
۳۵	رسائل شبلی (کاپی دوم)	〃 〃	۲۱۸
۳۶	مقالاتِ شبلی: ادبی۔ جلد دوم	〃 〃	۲۲۰
۳۷	کلیاتِ میر	میر تقی میر	۲۲۱
	فارسی		۲۳۳
۳۸	قاطع برہان	اسد اللہ خاں غالب	۲۳۴
۳۹	کلیاتِ غالب فارسی	〃 〃 〃	۲۳۸
۴۰	غزلیات میرزا ابوالحسن	میرزا ابوالحسن یغما	۲۳۹

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نمبر شمار	موضوع اور نام کتاب	مصنف	صفحات
	تذکرہ		۲۴۱
	اُردو		۲۴۳
۴۱	سخندانِ فارس	محمد حسین آزاد	۲۴۴
۴۲	ابن رشد	محمد یونس انصاری	۲۴۶
۴۳	یادگارِ غالب	الطاف حسین حالی	۲۴۷
۴۴	سیرۃ فریدیہ	سید احمد خاں	۲۴۹
۴۵	حیاتِ شبلی	سید سلیمان ندوی	۲۵۸
۴۶	سیرۃ النعمان ۔ جلد اوّل	شبلی نعمانی	۲۶۵
۴۷	سیرۃ النعمان جلد دوم	〃 〃	۲۶۷
۴۸	شعر العجم ۔ جلد اوّل	〃 〃	۲۸۴
۴۹	الغزالی	〃 〃	۲۸۷
	فارسی		۲۹۱
۵۰	خزانۂ عامرہ	میر غلام علی آزاد بلگرامی	۲۹۲
۵۱	مآثر الکرام ۔ جلد اوّل	〃 〃 〃	۳۱۰
۵۲	مآثر الکرام ۔ جلد دوم	〃 〃 〃	۳۱۵
۵۳	تذکرۃ الشعراء	دولت شاہ	۳۲۰
۵۴	بزمِ سخن	علی حسن خاں	۳۲۲
۵۵	تذکرہ مراۃ الخیال	علی شیر خاں	۳۲۳
	عربی		۳۲۷
۵۶	ذیل التذکرہ لبعض تلامیذہ	داؤد الانطاکی	۳۲۸

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

شمار	موضوع اور نام کتاب	مصنف	صفحات
	انگریزی		۳۲۹
۵۰	Zakaullah of Delhi	C.F. Andrenas	۳۳۰
	جغرافیہ و تاریخ		۳۳۵
	جغرافیہ		۳۳۷
	عربی		۳۳۹
۵۸	صفۃ المعمورہ من القانون المسعودی مرتبۂ ذکی ولیدی توغان	ابوریحان البیرونی	۳۴۰
	تاریخ		۳۴۵
	اُردو		۳۴۷
۵۹	مضامینِ عالمگیر	شبلی نعمانی	۳۴۸
۶۰	محاربات پلیونہ۔ ترجمۂ محمد انشاءاللہ۔ جلد اوّل	ولیم۔ ڈی' ہربرٹ	۳۶۱
	فارسی		۳۶۳
۶۱	منتخب التواریخ۔ جلد دوم	عبدالقادر بدایونی	۳۶۴
۶۲	توزک جہانگیری۔ مرتبۂ سید احمد خاں	نورالدین جہانگیری	۳۶۵
۶۳	تاریخ پنجاب۔ تحفۃ الاحباب	عبدالکریم	۳۹۱
۶۴	مآثرالامراء۔ مرتبہ عبدالرحیم۔ جلد اول	صمصام الدولہ شاہنواز خاں	۳۹۳
۶۵	مآثرالامراء۔ مرتبہ عبدالرحیم۔ جلد دوم	〃 〃	۴۲۰
۶۶	مآثرالامراء۔ مرتبہ عبدالرحیم۔ جلد سوم	〃 〃	۴۷۳
۶۰	سیرالمتاخرین	غلام حسین طباطبائی	۵۲۷

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نمبر شمار	موضوع اور نام کتاب	مصنف	صفحات
۶۸	رقعاتِ عالمگیر مرتبہ نجیب اشرف	محی الدین اورنگ زیب عالمگیر	۵۳۰
	عربی		۵۳۱
۶۹	سبحة المرجان فی آثارِ ہندوستان	میر غلام علی آزاد بلگرامی	۵۳۲
۷۰	تجارب الامم	ابو علی احمد بن محمد بن مسکویہ	۵۳۳
۷۱	فی تحقیق ماللہند۔ مرتبہ ایڈورڈ سیخاؤ	ابوریحان البیرونی	۵۳۴
۷۲	آثار البلاد واخبار العباد	زکریا بن محمد بن محمود القزوینی	۵۳۹
	انگریزی		۵۴۷
۷۳	Akbar and the Jesuits. Tr by C.H. payne	PIERRE DUJARRIC	۵۴۸
۷۴	The Indian Musalmns	W.W. HUNTER	۵۶۹

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حرفِ آغاز

دہلی ہندوستان کا دل ہے اور اس میں کوئی شک نہیں کہ یہ شہر اپنی تہذیبی رُوح، ثقافتی رنگارنگی اور تاریخی کردار کے اعتبار سے ایک چھوٹا سا ہندوستان ہے۔ دہلی کلچر کے فروغ میں اردو نے ایک تاریخ ساز کردار ادا کیا ہے، اور آج بھی یہ زبان اس کی ادبی و تہذیبی شناخت کا اہم وسیلہ ہے۔ اردو کی کلچرل اہمیت اور دہلی کی ثقافتی زندگی سے اس کے گہرے رشتے کے پیشِ نظر آنجہانی محترمہ اندرا گاندھی سابق وزیرِ اعظم مرکزی حکومتِ ہند کے ایما پر ۱۹۸۱ء میں اردو اکادمی کا قیام عمل میں آیا۔

اکادمی کا اپنا ایک انتظامی ڈھانچہ اور طے شدہ دستور العمل ہے۔ دہلی کے لفٹیننٹ گورنر اس کے صدر نشین (چیئرمین) ہیں اور اکادمی کے اراکین کو دو سال کے لیے نامزد کرتے ہیں۔ ان اراکین میں ممتاز اہلِ قلم، ادیب، نقاد، صحافی، معلّم اور محقّق شامل ہیں۔ اکادمی دہلی اور بیرونِ دہلی کے دوسرے علمی، ادبی، تہذیبی اور تعلیمی حلقوں سے بھی رابطہ قایم کیے ہوئے ہے اور اپنی سرگرمیوں میں اُن کے تعاون اور مشوروں کو خوش آمدید کہتی ہے۔

ہمیں احساس ہے کہ کتاب انسان کی بہترین ساتھی ہے اور کتاب کا مطالعہ اس کا شریف ترین مشغلہ۔ کتاب ماضی کو حال اور حال کو مستقبل سے جوڑنے کا سب سے عمدہ وسیلہ ہے۔ اپنے اس بیش بہا ورثے کو محفوظ کرنا اُسے خوب تر اور مفید تر بنانا ہمارے تہذیبی فرائض کا سب سے اہم حصّہ ہے۔ یہ گویا ادبی روشنیوں کو عام کرنا اور علمی خوشبوؤں کو پھیلانا ہے۔

اکادمی نے نہایت اہم موضوعات پر اچھی کتابوں کی اشاعت کا جو منصوبہ بنایا ہے

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

"حواشی ابوالکلام آزاد" اسی سلسلۂ پیش کش کا ایک حصہ ہیں۔ مولانا ابوالکلام آزاد کے حواشی جناب سید مسیح الحسن صاحب نے جس جانفشانی سے یک جا کیے ہیں اور جو ترتیب آپ نے دی ہے قابلِ تعریف ہے۔ اس کے لیے ہم فاضل مرتب کی علمی کاوشوں کے ممنون ہیں اور اِس تعاون کے بھی جو اشاعتی کمیٹی کے ارکان کی طرف سے ہمیں میسّر آتا ہے اور ہمارے لیے روشنی و رہنمائی کا باعث بنتا ہے۔ اکادمی مولانا آزاد کی صد سالا تقریبات کے موقعے پر "حواشی ابوالکلام آزاد" کی شکل میں مولانا کو خراجِ عقیدت پیش کرتی ہے اور اُردو دنیا کو مولانا موصوف کے حواشی سے روشناس کرانے کے لیے یہ حقیر سا نذرانہ پیش کرتی ہے، جس سے مولانا کی علمی و ادبی بصیرت پر مزید روشنی پڑتی ہے۔

ہم اپنے موجودہ سرپرست اور اکادمی کے صدر نشین ایر وائس مارشل (ریٹائرڈ) جناب ایچ۔ ایل کپور صاحب کی عنایات اور توجہات کے بے حد ممنون ہیں۔ ایگزیکٹیو کونسلر (تعلیم) جناب کلانند بھارتیہ کی عنایت کا بھی اعتراف ہے اور ان کی رہنمائی کے لیے بھی شکر گزار ہیں۔

سید شریف الحسن نقوی
سکریٹری
اُردو اکادمی، دہلی

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پیش لفظ

مولانا ابوالکلام آزاد بیسویں صدی کی مسلم دنیا کی عظیم ہستیوں میں تھے۔ وہ عالم، مذہبی رہنما، مفسرِ قرآن، ادیب، نقاد، مکتوب نگار اور صحافی تھے۔ بڑی بات یہ ہے کہ وہ جس میدان میں بھی رہے، صفِ اوّل کے لوگوں میں رہے۔

وہ ہندوستان کی جنگِ آزادی کے رہنما تھے اور اس میدان میں بھی اُن کا شمار صفِ اوّل کے لوگوں میں ہوتا ہے۔ وہ واحد شخص ہیں جو سات سال تک (۱۹۳۹ء سے ۱۹۴۶ء) آل انڈیا کانگریس کمیٹی کے صدر رہے۔ یہ وہ زمانہ ہے، جب ہندوستان کی آزادی کی تحریک جدّ و جہد کی آخری منزل میں داخل ہو چکی تھی۔ ہندوستان میں سامراجی قوتیں اپنی دفاع میں پوری طاقت لگائے ہوئے تھیں۔ مولانا اور اُن کے ساتھیوں کا دنیا کے بہترین دماغوں سے مقابلہ تھا۔ اُن کی قومی خدمات کا اعتراف کرتے ہوئے گاندھی جی نے کہا تھا کہ ــــ "مولانا انڈین نیشنل کانگریس کے اعلا ترین سردار ہیں اور ہندوستانی سیاست کا مطالعہ کرنے والے ہر ایک شخص کو چاہیے کہ اس حقیقت کو نظر انداز نہ کرے۔"

قوم کی سیاسی رہنمائی کے علاوہ مولانا کا ایک بڑا کام مسلمانوں کی فکری قیادت بھی تھی۔ اِس قیادت کے لیے انھیں صحافی بننا پڑا۔ انہوں نے نیرنگِ عالم، المصباح، لسان الصدق، پیام، الہلال، البلاغ جاری کیے، اور احسن الاخبار، خدنگِ نظر، الندوہ، وکیل، دار السلطنت، پیغام اور الجامعہ سے وابستہ رہے۔ انھوں نے اخباروں اور رسالوں

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

میں چھپنے والی اپنی تحریروں سے مسلمانوں کو سیاست کا وہ راستہ دکھایا، جس سے سرسید احمد خاں نے انھیں خائف کر دیا تھا۔ مولانا نے مسلمانوں کو جنگِ آزادی میں ہم وطنوں کے ساتھ کاندھے سے کاندھا ملا کر چلنے کی ترغیب دی۔ نیاز فتحپوری اچھے سے اچھے کو نگاہ میں نہ لاتے تھے، لیکن مولانا آزاد کی صحافت کے وہ بھی دل سے معترف تھے۔ لکھتے ہیں :

"مولانا آزاد نے 'الہلال' جاری کیا اور اس شان کے ساتھ کہ صحافت کا تمام اگلا پچھلا تصور ہمارے ذہن سے محو ہو گیا اور ہم سوچنے لگے کہ کیا یہ آواز ہماری ہی دنیا کے کسی انسان کی ہے۔ کیا یہ زبان ہمارے ہی ابنائے جنس میں سے کسی فرد کی ہے۔"

مولانا نے کسی اسکول میں تعلیم نہیں پائی تھی۔ ان کی ابتدائی تعلیم گھر پر ہی ہوئی اور پھر علم کے میدان میں انھوں نے جو کچھ حاصل کیا، اپنے شوق سے۔ وہ پانچ سال کے تھے، جب عرب کے ایک عالم شیخ عبداللہ نے حرم شریف میں اُن کی بسم اللہ کی رسم ادا کی تھی۔ چھے سات برس کی عمر میں انھوں نے قرآن شریف ختم کر لیا تھا اور سورۂ یٰسین اور سورۂ قاف حفظ کر لی تھیں۔ کچھ عرصے تک اُن کے والد مولانا خیرالدین اپنے تین اور بچوں کے ساتھ ان کو بھی فارسی اور عربی پڑھاتے رہے۔ جب مولانا خیرالدین کی مصروفیات بڑھ گئیں تو دلّی کے ایک بزرگ مولوی محمد یعقوب، مولانا آزاد اور ان کے بھائی کو عربی اور منطق پڑھانے لگے۔ مولانا خیرالدین فارسی اور فقہ پڑھاتے رہے۔ کچھ عرصے بعد مولوی عبدالحق خیرآبادی کے ایک شاگرد مولوی نذیر امیٹھوی نے "مطوّل" "شمس بازغہ" اور "رشیدیہ" پڑھانی شروع کی۔ اس کے بعد انھوں نے غالباً کسی اور استاد سے تعلیم حاصل نہیں کی۔

مولانا نے اردو گھر میں ہی اپنی بڑی بہن آبرو بیگم سے اور باہر حافظ بخاری سے پڑھی۔ ابتدا میں مولانا نے فسانہ عجائب، باغ و بہار اور قصہ حاتم طائی جیسی داستانیں پڑھیں۔ ان داستانوں کی وجہ سے انھوں نے اردو میں غیر معمولی استعداد حاصل کر لی۔ انگریزی زبان پر مولانا کو خاصی قدرت حاصل تھی۔ انھوں نے یہ زبان کسی استاد سے باقاعدہ نہیں پڑھی تھی۔ اُن کی عمر سولہ سترہ سال تھی، جب انھوں نے سرسید کے مضامین پڑھے۔ ان مضامین

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نے ان میں انگریزی پڑھنے کا شوق پیدا کیا۔ ہماری آزادی (ص ص ۱۱-۱۲) میں مولانا لکھتے ہیں :

"اس کے تھوڑے ہی دن بعد سرسید احمد خاں کے مضامین پڑھنے کا اتفاق ہوا۔ جدید تعلیم کے بارے میں ان کے خیالات کا میرے اوپر بہت اثر ہوا اور میں نے محسوس کیا کہ جب تک کوئی شخص جدید سائنس، فلسفہ اور ادب کا اچھا مطالعہ نہ کرے، وہ صحیح معنوں میں تعلیم حاصل نہیں کرتا۔ میں نے طے کیا کہ میرے لیے انگریزی پڑھنا ضروری ہے۔ مولوی محمد یوسف جعفری سے میں نے اس کا ذکر کیا۔ وہ اس زمانے میں مشرقی علوم کے صدر ممتحن تھے۔ انھوں نے مجھے انگریزی کی ابجد سکھائی اور پیارے چند سرکار کی پہلی کتاب پڑھنے کو دی۔ جیسے ہی مجھے زبان کی کچھ شُدبُد ہو گئی، میں نے انجیل پڑھنا شروع کر دیا۔ میں نے اس کے انگریزی، فارسی اور اُردو کے نسخے حاصل کیے اور تینوں کو سامنے رکھ کر پڑھتا تھا۔ اس سے مجھے عبارت کو سمجھنے میں بہت مدد ملی۔ میں نے انگریزی لغت کی مدد سے اخبار پڑھنا بھی شروع کر دیا۔ اور بہت جلد اس قابل ہو گیا کہ انگریزی کتابیں پڑھ سکوں۔ میں تاریخ اور فلسفہ کا خاص طور سے مطالعہ کرتا رہا۔"

انگریزی میں مولانا کی استعداد کے بارے میں مہادیو ڈیسائی نے لکھا ہے :

"اگرچہ آپ انگریزی کم بولتے ہیں، مگر آپ کی لائبریری انگریزی اور فرانسیسی کتابوں سے بھری ہوئی ہے۔ آپ نے کئی انگریزی شعرا شیکسپیئر، ورڈزورتھ، شیلے، گوئٹے، سپینوزا، روسو، مارکس، ہیولاک، ویلس، ہیوگو، ٹالسٹائی اور رسکن کو بار بار پڑھا ہے۔"

(مولانا ابوالکلام آزاد، تحریکِ آزادی و یکجہتی ص ۲۱)

۱۹۰۸ء میں مولانا کو مصر، عراق، شام، ترکی اور فرانس جانے کا اتفاق ہوا۔ انھوں نے دیکھا کہ ان ملکوں میں فرانسیسی کا چلن زیادہ ہے تو انھوں نے فرانسیسی سیکھنی شروع کر دی اور

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کچھ ہی عرصے میں اس قابل ہو گئے کہ بے تکلف اس زبان کی کتابیں پڑھنے لگے۔

مولانا کو لڑکپن ہی سے پڑھنے کا بہت شوق تھا۔ ساری زندگی غیر معمولی سیاسی مصروفیات کے باوجود وہ لکھنے پڑھنے کا وقت ضرور نکالتے۔ اُن کی عمر بارہ تیرہ سال تھی۔ یہ وہ عمر تھی جس میں بچے کھیل کود میں لگے رہتے ہیں۔ مولانا کو کھیلوں سے بالکل دلچسپی نہیں تھی۔ وہ مطالعے میں غرق رہتے۔ گھر میں شور وغل ہوتا، وہ کتابیں لے کر کسی گوشۂ تنہائی میں چھپ جاتے۔ اس زمانے کا ذکر کرتے ہوئے مولانا نے حبیب الرحمٰن شروانی کو ایک خط میں لکھا ہے کہ:

"کلکتے میں جنرل پوسٹ آفس کے سامنے جو ڈلہوزی اسکوائر تھا اور جسے لال ڈگی کہا کرتے تھے، وہاں درختوں کا ایک ایسا جھنڈ تھا کہ باہر سے معلوم ہوتا ہے کہ بس درخت ہی درخت ہیں، لیکن اندر کافی جگہ تھی۔"

وہاں ایک بنچ تھی۔ مولانا اتنے کم عمر تھے کہ جب سیر کو نکلتے تو ایک ملازم حافظ ولی اللہ ساتھ ہو جاتے۔ مولانا سیر کو جاتے ہوئے ایک کتاب ساتھ لے لیتے اور ڈلہوزی اسکوائر کے درختوں کے اس جھنڈ میں بیٹھ کر کتاب کا مطالعہ کرتے۔ ملازم خاص ولی اللہ باہر ٹہلتے رہتے اور جھنجھلا جھنجھلا کر کہتے کہ "اگر کتاب ہی پڑھنی تھی تو گھر سے نکلنے کی کیا ضرورت تھی۔"

میں نے مولانا کی تعلیم اور عربی، فارسی، اُردو، انگریزی اور فرانسیسی زبانوں پر اُن کی قدرت کا تفصیلی ذکر اس لیے کیا ہے کہ انھیں اس دنیا سے گئے تیس سال ہو چکے ہیں لیکن ابھی تک وہ اپنے سیاسی مخالفوں کی زد میں ہیں۔ کچھ دن ہوئے "العلم" کراچی میں سات قسطوں میں مولانا پر ایک مقالہ شائع ہوا، جس میں ان پر کئی الزامات عائد کیے گئے۔ ان الزاموں میں ایک یہ بھی تھا کہ مولانا عربی اور انگریزی نہ سمجھ سکتے تھے اور نہ بول سکتے تھے۔ میں نے مختصر الفاظ میں یہ ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ مولانا عربی پر تو غیر معمولی قدرت رکھتے تھے اور انگریزی میں کتابیں بے تکلف پڑھتے تھے۔ اگرچہ اس موضوع پر پوری ایک کتاب لکھی جا سکتی ہے، لیکن یہاں تفصیل کا موقع نہیں ہے۔

مولانا مرحوم نے جب دنیا کے مختلف ملکوں سے تہذیبی روابط قائم کرنے کے لیے انڈین کونسل فار کلچرل ریلشنز کے نام سے نئی دلّی میں ایک ادارہ قائم کیا۔ اس کی ایک شان دار

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عمارت تعمیر کرائی تو دس گیارہ ہزار کتابوں پر مشتمل اپنا ذاتی کتب خانہ کونسل کو دے کر ایک لائبریری بھی قائم کی۔ جملۂ معترضہ کے طور پر عرض ہے کہ کونسل کے ذمے داران نے اس لائبریری کی ناگفتہ بہ حالت کر رکھی ہے۔

اس لائبریری میں مولانا آزاد کی کتابوں کے ذخیرے میں عربی، فارسی، انگریزی اور اُردو کی کتابیں اور بہت سی کتابوں پر مولانا کے ہاتھ کے لکھے ہوئے حواشی ہیں۔ سید مسیح الحسن صاحب نے مدت تک اس لائبریری میں کام کیا ہے۔ وہ پڑھے لکھے اور معقول آدمی ہیں اُردو اُن کی مادری زبان ہے فارسی، عربی اور انگریزی پر انھیں خاصی قدرت ہے۔ انھوں نے ایسا کام کیا ہے، جو کسی اور سے ممکن نہ تھا۔ اس لائبریری میں ملازم ہونے کی وجہ سے انھیں یہ سہولت حاصل تھی کہ وہ مولانا کی تمام کتابوں پر اپنی نظر غائر ڈال سکتے۔ انھیں یہ کام کرنے میں دس گیارہ سال لگے۔ چوں کہ مسیح الحسن صاحب نے علم کتاب خانے کی باقاعدہ تعلیم حاصل کی ہے اس لیے یہ کام انھوں نے بہت سلیقے سے کیا ہے۔ انھوں نے جس کتاب کا ذکر کیا ہے، پہلے اس کی طباعت کے بارے میں تفصیل سے روشنی ڈالی ہے۔ بتایا ہے کہ یہ کتاب کب کس شہر سے اور کس پبلشر نے شائع کی تھی۔ پھر مولانا کے حاشیے کا پس منظر اور دوسری تفصیلات بیان کر کے مولانا کا لکھا ہوا حاشیہ نقل کیا ہے۔

اگست، ستمبر ۱۹۸۸ء میں مولانا آزاد کا جشن صد سالہ شروع ہو رہا ہے۔ اس جشن کے موقعے پر یہ کتاب سب سے بڑا خراجِ عقیدت ہے، جو سید مسیح الحسن اور اردو اکادمی، دہلی، مولانا آزاد مرحوم کی یاد میں قوم کی خدمت میں پیش کر رہے ہیں۔

خلیق انجم

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مقدمہ

(۱)

آغاز

انڈین کونسل فار کلچرل ریلیشنز (انجمن روابط فرہنگی ہند) آزاد بھون، نئی دہلی کے کتب خانہ کی بنیاد امام الہند مولانا ابوالکلام آزاد کے ذاتی کتب خانہ پر رکھی گئی جو اردو، انگریزی، عربی اور فارسی کی تقریباً دس گیارہ ہزار کتابوں پر مشتمل تھا۔ اس کے بعد مختلف زبانوں میں لکھی ہوئی سائنسی میدان کو چھوڑ کر بہت سے علوم و فنون خصوصاً ہندوستان اور بین الاقوامی تاریخ و ثقافت اور فنون لطیفہ کی کتابوں کا اضافہ ہوتا رہا اور اب جملہ تعداد کتب لگ بھگ پچاس ہزار تک پہنچ گئی ہے۔

میں اب سے پندرہ سولہ سال پہلے جب اس کتب خانہ کی تنظیم و ترتیب میں مصروف تھا۔ تو باعتبار فرائض ہر کتاب کی ورق گردانی بھی ناگزیر تھی۔ چنانچہ اس دوران مولانا کے ذخیرہ میں ایسی کتابیں نظر سے گذریں جن کے اکثر و بیشتر صفحات کے حواشی پر مولانا نے اپنے ہاتھ سے اصلاحی و تنقیدی عبارت تحریر فرمائی ہے۔ ابتدا میں چونکہ ترتیب و تنظیم کتب کا کام ضروری تھا۔ اس لئے سرسری نظر ڈالتا ہوا گذرتا رہا۔ چند سال تک اپنے فرائض منصبی میں مصروف رہا۔ بعدہٗ جب کتب خانہ کی جمع شدہ پرانی کتابیں کتابداری کے اصول و ضوابط کے مطابق مرتب و منظم ہوگئیں۔ تو اُن مخصوص کتابوں کی طرف رجوع کیا۔ جن پر مولانا نے حواشی تحریر فرمائے ہیں۔ خود بھی سوچا اور کچھ اہل علم اصحاب نے بھی مشورہ دیا کہ مولانا کے ان جواہر ریزوں کو کتابی شکل میں بلحاظ سیاق و سباق ذرہ سلیقہ سے مرتب کر دیا جائے۔ لیکن مصروفیت نے ایک عرصہ تک اس خیال کو التوا میں ڈالے رکھا چونکہ کسی ایسے کتب خانہ کو جس میں ہزارہا کتابیں ایک ڈھیر کی

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

شکل میں پڑی ہوں قواعد کے مطابق ترتیب دے کر قرینے سے آراستہ کرنے میں کتنا وقت لگتا ہے اس کو وہی لوگ سمجھ سکتے ہیں، جو کہ کتب خانہ کے مروجہ فن سے واقف ہوں۔

بہرحال اس کام کی نوعیت سے اہل علم اندازہ لگا سکتے ہیں کہ مجھ کو مسلسل دس سال تک محنت شاقہ سے کام کرنا پڑا اور وہ بھی اس طرح کہ اپنے فرائض منصبی کی ادائی اور دفتری اوقات کے بعد کتب خانہ کی ہر الماری کے سامنے کھڑے رہ کر ایک ایک کتاب کو بغور دیکھا اور وہ کتابیں نکالیں جن پر مولانا نے کچھ نہ کچھ تحریر فرمایا تھا۔ آزاد بھون سے جامعہ منتقل ہو جانے کے بعد مجھ کو اس کام سے عہدہ برآ ہونے میں بے پناہ دشواریوں کا سامنا کرنا پڑا اور اس طرح اس کام کو تکمیل کے مدارج تک پہنچانے میں دس گیارہ سال کا طویل عرصہ صرف ہوا۔

میں نے ان حواشی کو ترتیب دینے میں ایک خاص انداز اختیار کیا ہے۔ پہلے ہر کتاب سے متعلق علم کتاب خانہ کی رو سے فہرست سازی کے اصولوں پر مبنی ضروری اطلاعات قلمبند کی ہیں۔ تاکہ ان اطلاعات کی مدد سے کتاب کے اسی ایڈیشن کا کوئی بھی نسخہ لے کر مطالعہ کیا جائے۔ تو اصل نسخہ تک رسائی کے بغیر میری کتاب کی مدد سے مولانا کے حاشیوں کا مقصد اور مفہوم بخوبی سمجھا جا سکے۔ ہر اس صفحہ کا حوالہ بھی دیا ہے جس کے کناروں پر مولانا کی تحریرات موجود ہیں۔ ساتھ ہی عدد داخلہ، مضمون نمبر اور کتاب نمبر بھی درج کر دیے ہیں تاکہ بوقت ضرورت کتاب فوراً مل جائے۔

یہ حواشی مختلف نوعیت کے ہیں۔ اور ہر نوعیت کے لحاظ سے ان کو پیش کرنے کی غرض سے مجھ کو مختلف طریقے اختیار کرنے پڑے ہیں تاکہ وہ بمقتضائے حال موزوں ہو سکیں۔ میں نے ہر طریق اختیار کرنے کے بعد مولانا کی تحریریں من وعن واوین کے درمیان نقل کر دی ہیں۔ ان حواشی کے سلسلہ میں مجموعی طور پر یہ بات ذہن نشین رکھنی ضروری ہے کہ ابتداً مولانا کی تحریر کو صحیح طور پر پڑھنے میں دقت پیش آئی۔ لیکن پیہم کوشش سے آہستہ آہستہ دقت دور ہوتی گئی اور میں مولانا کی تحریر پڑھنے کا عادی ہو گیا۔ پھر بھی کچھ قباحتیں سوہان روح بنی رہیں۔ مثلاً بعض کتابوں کے صفحات جلد ساز کے تیغے کی نذر ہو چکے تھے۔ اور حاشیے کٹ پھٹ گئے تھے۔ بعض الفاظ بالکل موجود نہ تھے یا ان کی شکل مسخ ہو گئی تھی۔ ایسی صورت میں جہاں جہاں ممکن ہوا ہے۔ عبارت کی دردلبست کے

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لحاظ سے کوئی حرف یا نقطہ بڑھا دیا ہے۔ اپنی طرف سے مناسب الفاظ چسپاں کرنے کی قطعی کوشش نہیں کی۔ حروف و نقاط کی بھی جسارت شاذ و نادر ہی وقوع میں آئی ہے ورنہ جس تحریر کی عبارت زیادہ کٹ گئی ہے اور مطالب و معنی کے لحاظ سے بالکل نہیں پڑھی گئی تو وہاں خالی جگہ چھوڑ کر تین نقطے لگا دیے ہیں یا اوپر لائن کھینچ کر "کذا" لکھ دیا ہے۔ کہیں کہیں ایسا بھی ہوا ہے کہ مولانا کی عبارت باوجود مکمل ہونے کے بہ لحاظ ربط و مطالب میری سمجھ میں نہیں آئی یا کوئی لفظ پڑھنے میں نہیں آیا یا بے موقع محسوس ہوا تو وہاں اس عبارت یا لفظ کو بجنسہ نقل کر دیا ہے۔ ایسے سب مقامات پر بھی اوپر لائن کھینچ کر "کذا" کا نشان لگا دیا ہے۔

(۲)

ترتیب

مولانا ابوالکلام آزاد کے یہ حواشی چار زبانوں کی کتابوں پر مشتمل ہیں۔ اردو، انگریزی، عربی اور فارسی۔ ان جملہ کتابوں کو علوم کی تین مختلف شاخوں میں تقسیم کر دیا ہے۔ یہ علوم درج ذیل ہیں۔

(۱) فلسفہ و مذہبیات

(۲) ادب و تذکرہ

(۳) جغرافیہ و تاریخ

ہر علمی شاخ کی مزید موضوعاتی درجہ بندی کر دی ہے۔ ہر موضوع یا علمی شاخ کے تحت زبانوں کی ترتیب اس طرح ہے۔

(۱) اردو

(۲) فارسی

(۳) عربی

(۴) انگریزی

ہر زبان سے متعلق کتابیں بہ لحاظ مصنف حروفِ تہجی کے مطابق ترتیب دی گئی ہیں۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کتاب فقط ایک ہی جلد میں ہوگی۔

میں نے ان حواشی کو پیش کرنے کے لئے تین کالم بنائے ہیں۔ اول صفحۂ کتاب۔ دوئم متن سیاق وسباق۔ سوئم حاشیۂ آزاد،، تفصیل درج ذیل ہے۔

اردو کتب

مولانا ابوالکلام آزاد کی ترجمان القرآن جلد اول کے علاوہ اردو کی ایسی اٹھائیس کتابیں ہیں جن پر حاشیے ملے ہیں۔ بجز چند کتابوں کے جن پر یا تو محض اشارات ہیں یا الفاظ وتراکیب ومصطلحات کی تشریحات، تمام کتابوں پر محققانہ، مجتہدانہ، ناقدانہ اور مخالفانہ تحریریں ہیں۔ اردو کی جملہ کتابوں پر مولانا نے حواشی بھی اردو ہی میں لکھے ہیں۔ میں نے ان حواشی کو پیش کرنے کا یہ طریقہ اختیار کیا ہے کہ مصنف کے موضوعِ بحث کا بخوبی مطالعہ کرنے کے بعد اس کا نچوڑ اپنے الفاظ میں متن/سیاق وسباق کے کالم میں درج کر دیا ہے۔ اس کے بعد اگلے کالم میں مولانا کی عبارت داوین کے درمیان ہو بہو نقل کر دی ہے۔ اپنے پیش کردہ اجمال میں جہاں تہاں مصنف کے جملے اور الفاظ وتراکیب کا بھی استعمال کیا ہے تاکہ مصنف کتاب کے مباحث کا مقصد قائم رہے اور نفسِ مضمون کی روح مجروح نہ ہونے پائے چونکہ مصنفین کے اقتباسات شروع تا آخر حرف بہ حرف پیش نہیں کئے ہیں۔ اس لئے داوین کا استعمال ضروری خیال نہیں کیا۔ اگر مصنفین کی مکمل عبارتیں بطور اقتباس پیش کی جاتیں تو اس کتاب کا حجم دوگنے سے بھی زیادہ ہو جاتا اور تفصیل واطناب کا ایک غیر ضروری دفتر کھل جاتا جس کی مجھ کو بظاہر کوئی اہمیت نظر نہ آئی۔ ممکن ہے اس بارہ میں میرا خیال صحیح نہ ہو لیکن میں نے کیا یہی ہے کہ مولانا کی تحریروں کو بمقتضائے حال پیش کرنے کی غرض سے پہلے اپنے الفاظ میں ایک اجمالی تعارف لکھا ہے جس کا تعلق کتاب کے مباحث سے ہے اس کے بعد مولانا کا حاشیہ حرف بہ حرف نقل کر دیا ہے۔

انگریزی کتب

انگریزی کی کل آٹھ کتابوں پر مولانا کی تحریریں ملی ہیں۔ ان میں سے ایک کتاب مغل اعظم

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

شہنشاہ اکبر پر ایک پرتگالی پادری کی تصنیف ہے۔ جس کے انگریزی ترجمہ پر مولانا نے زبانِ فارسی میں تبصرہ لکھے ہیں بعض مصطلحات، اسمار اور الفاظ و تراکیب کی تشریح بھی کی ہے۔ اس کتاب کے علاوہ انگریزی کی سات کتابوں پر اردو میں حاشیے لکھے ہیں۔ ان حواشی کے سلسلے میں عمل یہ رہا ہے۔ کہ متن/سیاق وسباق کے کالم میں پہلے مصنف کے مبحث کا خاکہ میں نے مختصر طور پر اپنی اردو میں لکھا ہے۔ اس کے بعد مصنف کا خاص متعلقہ انگریزی اقتباس واوین کے درمیان پیش کر دیا۔ حاشیہ کے کالم میں حسب معمول مولانا کی عبارت درج کر دی ہے۔ جبتہ جبتہ ایسے مقامات بھی ہیں جہاں مصنف کا اقتباس شامل کرنے کی ضرورت محسوس نہیں کی گئی۔ وہاں محض اپنے مختصر نوٹ کے بعد مولانا کی عبارت لکھ دی گئی ہے۔

عربی کتب

عربی کی انیس کتابوں پر مولانا نے کچھ لکھا ہے۔ اس زبان کی کتابوں کا مسئلہ میرے لئے بڑا مشکل ثابت ہوا اور مجھ کو یہ اعتراف کر لینے میں کوئی تامل نہیں کہ میں ان کتابوں پر کما حقہ تسلی بخش کام کرنے سے قاصر رہا کیونکہ عربی میں میری استعداد معمولی ہے۔ ویسے بھی عربی کی کم ہی کتابوں پر مولانا کے تفصیلی حاشیے ہیں۔ زیادہ تر معلوماتی نکتے ہیں۔ ان کتابوں کے سلسلہ میں ایک اور بات قابل ذکر یہ ہے کہ یہاں مولانا نے اردو، فارسی اور عربی تینوں زبانوں میں حاشیے لکھے ہیں۔ عربی کی ایسی کتابیں جن پر محض اشارات ہیں یا ایک دو سطری تحریریں ہیں ان کے متعلق ضروری کتابی اطلاعات بہم پہنچانے کے بعد فقط صفحات کے حوالے پیش کر دیے گئے ہیں۔ متن/سیاق وسباق اور حاشیہ آزاد کے کالم خالی ہیں۔

جن کتابوں پر مولانا کی تحریریں اردو یا فارسی میں ہیں۔ وہاں میں نے یہ کیا ہے کہ اپنی استطاعت کے مطابق عربی عبارت کا مفہوم سمجھنے کی کوشش کی ہے اور متن/سیاق وسباق کے نیچے اردو میں اپنا دو سطری نوٹ درج کر دیا ہے بعد ازاں واوین کے درمیان مولانا کے حاشیے نقل کر دیے ہیں۔ کہیں کہیں ایسا بھی کیا ہے۔ کہ مصنفین کی عبارتیں بغیر اپنے نوٹ کے متن سیاق وسباق میں نقل کر دی ہیں۔ مولانا کی تحریریں حاشیۂ آزاد کے کالم میں ہیں۔ عربی عبارتوں کی نقل میں اغلاط کا امکان ہے۔ دراصل میں عربی کتب کو سرے سے نظر انداز ہی کرنا چاہتا

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تھا۔ لیکن پھر خیال ہوا کہ کچھ نہ ہونے سے بہتر یہی ہے کہ کچھ نہ کچھ ہو جائے۔ کم از کم ایسی ساری کتابیں قارئین کرام کی نظر میں آجائیں گی جن پر مولانا نے کچھ لکھا ہے۔

فارسی کتب

فارسی زبان کی اٹھارہ کتابوں پر مولانا نے حاشیے لکھے ہیں۔ ان میں تین چار ہندوستان کی تاریخ سے تعلق رکھتی ہیں۔ تاریخ کی کتابوں پر مولانا کے حواشی کچھ عجیب انداز کے ہیں۔ مولانا نے کیا یہ ہے کہ اندرون متن جن مباحث کی تفصیل وتشریح ہے۔ کتاب کے کناروں پر اُن مباحث سے متعلق ایک یا دو جملوں پر مشتمل اشارے درج ہیں۔ لیکن چونکہ بعض مقامات پر مفصل جائزے اور تبصرے بھی موجود ہیں۔ اس لئے میں نے جہاں ان کو پیش کرنا لازمی خیال کیا۔ ان مختصر اشاروں کو بھی نظر انداز نہیں کیا۔ فارسی کی ایک کتاب "مآثرالامرا" تین جلدوں میں ہے۔ اس کتاب پر اندرون کتاب کے علاوہ سرورق سے پہلے منسلکہ سادے کاغذوں پر بھی مولانا نے بہت کچھ لکھا ہے لیکن افسوس کے ساتھ کہنا پڑ رہا ہے کہ کتاب تیار کرنے کی وجہ سے جو کارروائی کی گئی اُس کے سبب یہ عبارتیں متعدد مقامات پر نہایت پیچیدہ ہوگئیں اور بار بط پڑھی نہیں جاسکیں اس لئے میں اُن کو شامل کرنے سے قاصر رہا۔

فارسی کی کتابوں پر مولانا نے فارسی ہی میں حاشیے لکھے ہیں۔ اکثر مقامات پر بڑے تفصیلی مباحث ہیں۔ میں نے ان کتابوں کے حواشی پیش کرنے کا طریقہ انگریزی کی کتابوں سے ملتا جلتا اختیار کیا ہے یعنی پہلے اپنا اجمالی تعارف اردو زبان میں، اس کے بعد مصنف کی عبارت کا اقتباس، آخر میں مولانا کی عبارت ہو بہو نقل کر دی ہے۔

(۳)

حواشی کا پس منظر

حواشی کے پس منظر سے میرا مقصد یہ ہے کہ یہ بات واضح کی جائے کہ ان حواشی کے محرکات کیا تھے؟ کیوں اتنی وافر مقدار میں یہ وجود میں آئے؟ یوں تو دوسروں کی کتابوں پر تبصرہ وتنقید لکھنے کی غرض سے اہل قلم حاشیوں پر اپنی یادداشت کے لئے کچھ معمولی اشارے

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لکھ لیتے ہیں یا نشان لگا دیتے ہیں۔ آج کے زمانہ کے تبصرہ نگاروں کا بھی یہ ایک خاص طریقہ ہے لیکن اس قسم کے عمل کو ہم کوئی پر معنی اور ٹھوس تحریر قرار نہیں دے سکتے۔ مولانا آزاد کے حواشی کا کلی طور پر یہ مقصد نہ تھا۔ جزوی طور پر ہو تو کوئی مضائقہ نہیں۔

میرے ذہن میں اس کے تین اسباب و محرکات آتے ہیں۔ اول یہ کہ مولانا کی یہ ایک ابتدائی طالب علمانہ عادت تھی جو خاص وجوہ کی بنا پر پڑی۔ کسی چیز کی جب عادت ہو جاتی ہے تو پھر مشکل سے ساتھ چھوڑتی ہے۔ دوم یہ کہ مولانا اپنے تعلیمی دور سے ہی اپنی ذہانت و فطانت کی وجہ سے بحث و مباحثہ کرنے اور اعتراضات جڑنے کے خوگر تھے۔ ایسے شواہد موجود ہیں جن سے پتہ چلتا ہے کہ وہ اپنے اساتذہ اور دوسرے علماء سے اکثر بحث و مباحثہ کیا کرتے تھے۔ سوم یہ کہ طبیعت میں اُپج تھی۔ ذہن رسا پایا تھا۔ جدت اور انانیت دماغ میں جاگزیں تھی۔ ایسے رجحانات میں مخالفانہ رُخ ناگزیر تھا۔ انتظار کر نہ سکتے تھے۔ بادی النظر میں جہاں اس کے مظاہرے دکھلائے کتابوں پر حاشیے لکھ کر بھی وہی کام انجام دیا۔

مذکورہ بالا تین محرکات میں سے موخر الذکر دو محرکات ایسے ہیں جن کے لئے تفصیل درکار ہے لیکن یہاں اس کا موقع نہیں مناسب مقام پر ان سے بحث کی جائے گی فی الحال سبب اول کی توضیح پر اکتفا کرتا ہوں یعنی کتابوں پر حاشیے لکھنا مولانا کی طالب علمانہ عادت تھی۔ اس بات کا ثبوت ہم کو خود مولانا کے بیانات سے ملتا ہے۔

مولانا آزاد نے اپنے والد کے خاص طریقۂ تعلیم کا ذکر کیا ہے جس کے تحت ان کا حکم تھا کہ آئندہ سبق کے لئے پہلے سے مطالعہ کیا جائے اور متعلقہ سبق کے سلسلے میں ضروری شرح و حواشی پہلے سے دیکھ لی جائیں۔ مطالعہ کے بارے میں مولانا کے والد کی یہ بھی نصیحت تھی کہ قلم کا کوئی عمل ضرور کیا جائے۔ اس سے مباحث کے تحفظ میں مدد ملے گی۔

مولانا آزاد لکھتے ہیں:

"والد مرحوم ہمیشہ نصیحت کیا کرتے تھے کہ بلا نوٹ کرنے کے کبھی مطالعہ نہ کرو۔ اگر لکھنے کے لئے کوئی بیاض نہ ہو تو کتاب کے صفحے ہی پر لکھو۔ صفحے میں لکھنے کی گنجائش نہ ہو تو صرف ایک نشان ہی دے دو۔ مگر کوئی نہ کوئی قلم کا عمل ضرور کرو۔ اس طرح

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کتاب کے تمام مباحث ہمیشہ کے لئے محفوظ رہیں گے۔ (آزاد کی کہانی ص ۲۶۹)

مولانا کو یہ عادت اپنے والد کی نصیحت کی وجہ سے پڑی اس لئے درس کے علاوہ بھی جب ان کا مطالعہ جاری رہا تو اس عادت سے گریز ناممکن ہوا۔ ابتدا میں اسباق کے استحضار کی غرض سے یہ عمل ضروری تھا بعدازاں یہ عادت راسخ ہوگئی۔ جس زمانہ میں اُن کے ذہن میں طرح طرح کے شکوک وشبہات پیدا ہونے لگے تھے اور اُن کا دماغ گوناگوں اعتراضات کا مرکز بنا ہوا تھا۔ لیکن کسی طرح تسلی نہ ہوتی تھی تو یہ اعتراضات بھی فوری طور پر وہ کتابوں کے کناروں پر لکھ لیا کرتے تھے اسی زمانہ کے ایک واقعہ کا حوالہ دیتے ہوئے اپنے والد سے قراۃ صوتی اور قراۃ نفسی کے مباحثہ کا مولانا نے ذکر کیا ہے۔ لکھتے ہیں۔

"ایسے معاملات اور پیش آتے تھے۔ اگر سوچ سوچ کر ان تمام باتوں کو یاد کروں تو ایک بڑا دفتر ہو جائے گا۔ اس زمانہ میں یہ چیز یہاں تک ذہن پر چھا گئی تھی کہ بارہا ان مسائل پر بطور رسائل کے بہت لکھ ڈالا۔ جس قدر تقریر پڑھتا یا سنتا تھا اس سب پر ترتیب اعداد اعتراضات قلم بند کرنے لگتا تھا۔ ایسے بہت سے کاغذات اب بھی نکل آتے ہیں۔ اس میں شرح سفر السعادۃ کا ایک نسخہ میرے پاس تھا۔ وہ اب مجھے ملا اور میں نے دیکھا تو تمام حاشیہ سیاہ ہے۔ فیروز آبادی علامہ ابن قیم کے شاگرد تھے۔ اس سے اُن کے مسلک کا حال معلوم ہوسکتا ہے۔ سفر السعادۃ یا صراط مستقیم انھوں نے زاد المعاد سے اخذ کر کے لکھی ہے۔ اس میں شک نہیں کہ اپنے باب میں بہترین مختصر متن ہے۔ شیخ نے اس کی شرح صرف اس لئے لکھی تھی کہ حنفیت کا انتصار اور اس کے ابواب وتراجم کا رد کیا جائے اور اس میں شک نہیں کہ بڑا ہی زور لگایا ہے۔ نہیں معلوم کیوں؟ مجھے اس وقت یہ خبط ہوا کہ اس کی جلد توڑی اور ورد فتری کو دیکر مکرر اس طرح بندھوائی کہ ہر دو ورق کے درمیان ایک سادہ ورق آگیا اور اس پر اعتراضات اور ان کے دلائل کا رد لکھنا شروع کیا۔ اصل کتاب چونکہ فارسی میں ہے اس لئے یہ بھی فارسی میں[1]۔

مقدمہ میں انھوں نے جہاں باب تقلید میں مسلک متقدمین ومتاخرین کی دو قسمیں وضع

---

[1] یہ کتاب مجھ کو مولانا کے ذاتی کلکشن میں نہ مل سکی۔ (مرتب)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کرکے اور اپنے زمانہ کے لئے آخر الذکر کی ترجیح پر زور دیا ہے یعنی کتب فقہیۂ متاخرہ پر امتناع واکتفاء بتقلید محض اور پھر اُس کے وجوہ بیان کئے ہیں۔ میں نے صفحہ بہ صفحہ اُن پر اپنے اعتراضات وشکوک جمع کئے تھے۔

"اب اُن کتابوں کا بھی پوری طرح شوق ہوا جو ان مسائل پر بطریق مباحثہ ومناظرہ لکھی گئی ہیں۔ بڑا ذخیرہ گھر میں موجود تھا۔ بعض اردو کتب جدل وبحث جو نہیں تھیں۔ حاصل کرکے دیکھنے لگا۔ ظفر المبین کے رد میں فتح المبین اور نصرۃ المجتہدین لکھی گئی ہے۔ پھر اس کا جواب الکلام المتین یا کسی ایسے ہی نام سے دیا گیا ہے اور اس سلسلہ میں فریقین کی متعدد کتابیں نکلی ہیں اُسی زمانہ میں میں نے منگوا کر دیکھیں اور فتح المبین کے حاشیہ پر جا بجا اعتراضات لکھے۔"

(آزاد کی کہانی۔ ص ۲۷۹/۲۷۸)

ان اقتباسات سے ظاہر ہے کہ مولانا حاشیے لکھنے کی عادت کو خود تسلیم کرتے ہیں جس کا آغاز زمانۂ درس سے ہوا اور بعد تک ہمیشہ موقع بہ موقع جاری رہا۔

(۴)

حواشی کا تاریخی تعیّن

ان حواشی کا کوئی قطعی تاریخی تعین ممکن نہیں تاہم قرائن وقیاس سے ایک مبہم سی تصویر پیش کی جاسکتی ہے۔

مولانا آزاد کے زمانۂ درس وتدریس اور اس کے کچھ بعد کے احوال وکوائف شاہد ہیں کہ ان حواشی میں سے بیشتر مولانا کے دور تشکیک وتذبذب کی پیداوار ہیں۔ مولانا کی تاریخ پیدائش ۱۸۸۸ء عیسوی ہے۔ اس کے بعد تعلیم کی ابتدا اور تکمیل کی مدت ہے۔

تکمیل تعلیم کے سلسلہ میں مولانا کے اپنے بیانات سال دو سال کے فرق سے متضاد ہیں لیکن یہاں اس بحث میں پڑنے کی ضرورت نہیں کیونکہ ہم کو جن نتائج پر پہنچنا ہے۔ ان میں سال دو سال

ملہ یہ کتاب آزاد ذخیرہ میں نہیں ملی۔ (مرتب)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کے فرق سے کوئی خاص خلل نہیں پڑتا۔ یوں بھی جناب ابوسلمان شاہجہانپوری نے زبردست ردوقدح کے بعد یہ دلائل یہ ثابت کر دیا ہے کہ مولانا کی تعلیمی زندگی کی ابتدا ۱۳۱۰ ہجری مطابق ۱۸۹۲ عیسوی کے اوائل سے ہوئی اور ۱۹۰۲ء کے شروع میں تکمیل کو پہنچی۔ اِدھر اُدھر کا مطالعہ ۱۹۰۲ء سے پہلے ہی شروع ہو چکا تھا۔ اردو کے مختلف اساتذہ اور شعراء کا کلام پڑھنا شروع کر دیا تھا۔ بہت سے تذکرے بھی نظر سے گذر چکے تھے۔ ۱۹۰۳ء میں جب تدریس کے میدان میں قدم رکھا تو مولانا ایک عالم متبحر کا درجہ رکھتے تھے۔ مختلف علوم وفنون میں مہارت تامہ کے ساتھ ساتھ غیر معمولی تنقیدی صلاحیت بھی حاصل ہو چکی تھی۔ مزید پختگی اور بصیرت بہم پہنچانیکے مواقع مرزا محمد حسین طبطبی، طاہر بیگ، مرزا فرصت شیرازی اور شیخ الرئیس ایرانی کی ملاقاتوں سے حاصل ہوئے۔ مولانا نے ان سب سے فارسی ادبیات ترکی ادب و تاریخ، سیاست و معاشرت، قدیم ایرانی زبان و علوم، آداب و رسوم، مصطلحات ولغات، علوم حکمیہ اور فنون عربیہ میں استفادہ کیا اور یہ سب کچھ ۱۹۰۵ء تک ختم ہو گیا۔ انگریزی زبان بھی ۱۹۰۳ء اور ۱۹۰۵ء کے درمیان سیکھ لی تھی۔ غرضکہ اس دوران مولانا آزادنہ صرف جدید علوم سے متعلق پورے اردو لٹریچر کا مطالعہ کر چکے تھے بلکہ عربی و فارسی میں بھی جس قدر کتابیں مل سکتی تھیں ان کو پڑھ چکے تھے اور ان دونوں زبانوں کے جملہ علوم پر اجتہادی ملکہ کا دعویٰ کر سکتے تھے۔

تقریباً ۱۸۹۹ء یا ۱۹۰۰ء تک مولانا عقائد سلف پر قائم رہے لیکن جوں جوں مطالعے اور واقفیت کی وسعتیں بڑھتی گئیں۔ اردگرد کے ماحول سے بیزاری شروع ہو گئی۔ اور عہد اضطراب و پریشانی کا آغاز ہوا۔ ۱۳ یا ۱۴ سال کی عمر۔ یعنی ۱۹۰۱ء سے شک و شبہات کے میدان خارزار میں قدم رکھا اس کے بعد لامذہبیت، میٹریل ازم، ریشنلزم، کفر و الحاد، فسق و فجور غرضکہ بے راہروی کے مختلف مدارج طے کرتے چلے گئے۔ بالآخر ۲۲ سال کی عمر میں یعنی ۱۹۱۰ء کے لگ بھگ اچانک امید کی روشنی سامنے آئی اور منزل مقصود تک رسائی ہو گئی۔ تقریباً یہی وہ مدت ہے جس کی ابتدا سے کچھ پہلے سے اور جس کے اختتام کے کچھ بعد تک مولانا تلاش حقیقت میں سرگرداں اور مصروف رہے۔ مختلف مذاہب، فلسفہ، تاریخ، سائنس اور

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دیگر علوم وفنون سے متعلق مختلف زبانوں میں بے شمار کتابیں پڑھیں اور جن کتابوں پر چاہا طبیعت کے اقتضا کے مطابق حواشی ثبت کر دیے۔

اب ذرہ زیادہ تفصیل سے ان حواشی کی تاریخی حدود سے بحث کرنی چاہیے۔ ترجمان کے علاوہ تہتر کتابیں ایسی ہیں جن پر مولانا نے حواشی رقم فرمائے ہیں۔ ان میں تاریخ اشاعت کے لحاظ سے سب سے پہلی اردو کی کتاب "خزینۃ الامثال" مطبوعہ ۱۸۴۴ء ہے اور سب سے بعد کی کتاب اردو ہی میں "مقالات شبلی" جلد دوم ہے جو ۱۹۵۰ء میں شائع ہوئی۔ باقی سب کتابیں ان دونوں سنین کے درمیان کی چھپی ہوئی ہیں۔ دو اردو ایک عربی، اور چار فارسی کی کتابیں ایسی ہیں جن پر کوئی تاریخ طباعت درج نہیں ہے تاہم وہ غالباً انیسویں صدی کے آواخر اور بیسویں صدی کی پہلی دہائی کے درمیان کی مطبوعہ معلوم ہوتی ہیں۔ ۵۲ کتابیں ۱۸۴۴ء اور ۱۹۱۵ء کے درمیانی زمانہ کی شائع شدہ ہیں جن میں سے بیشتر انیسویں صدی کی آخری دہائی اور بیسویں صدی کی ابتدائی مدت میں چھپیں۔ اس طرح محض بارہ کتابیں ایسی رہ جاتی ہیں جو ۱۹۵۰ء سے پہلے لیکن ۱۹۱۵ء کے بعد اشاعت پذیر ہوئیں۔

ان اعداد وشمار سے اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ مولانا نے ان کتابوں کی کثیر تعداد ۱۹۰۲ء سے کچھ پہلے اور ۱۹۱۵ء کے کچھ بعد کی درمیانی مدت میں مطالعہ فرمائی ہوں گی۔ اس اجمال کی تفصیل بہ لحاظ زبان کتب زیادہ موزوں رہے گی۔

اردو کتب

اردو کی کتابوں میں سب سے زیادہ تعداد علامہ شبلی کی کتابوں کی ہے جو تعداد میں دس ہیں۔ ۱۹۵۰ء میں چھپی ہوئی کتاب "مقالات شبلی" جلد دوم پر محض ایک جگہ معمولی سے سہو پر اعتراض ہے۔ تلسی داس کی جگہ کالیداس کا نام آگیا ہے۔ عین ممکن ہے کہ یہ چھپائی کی غلطی ہو۔ دوسری کتاب "مقالات شبلی" جلد اول ۱۹۳۰ء کی مطبوعہ ہے۔ یہ کتاب مذہبی مقالات پر مشتمل ہے۔ ایک مقالہ میں عیسائی فرقوں کے ناموں کی نشان دہی کی گئی ہے۔ کچھ اصطلاحوں کے استعمال سے مولانا آزاد نے اختلاف کیا ہے۔ ایک مقام پر ایک عربی عبارت کا ترجمہ غلط قرار دیا ہے ورنہ بحث ونظر کے تفصیلی تبصرے اس کتاب میں بھی نہیں ہیں تبصیری

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کتاب "مقالات شبلی" جلد ہفتم فلسفیانہ مباحث پر مشتمل ہے۔ یہ ۱۹۳۸ء میں شائع ہوئی تھی۔

یہاں "استقراء" کے سلسلہ میں ایک جزوی اختلاف ہے۔ کوئی قابل ذکر بات نہیں ہے۔ ان تینوں کتابوں کو چھوڑ کر باقی سات کتابیں ۱۸۹۳ء اور ۱۹۱۱ء کے درمیان کی چھپی ہوئی ہیں۔ ۱۹۱۱ء کی مطبوعہ کتاب "مضامین عالمگیر" ہے۔ باقی چھ ۱۹۰۲ء سے پہلے کی چھپی ہوئی ہیں۔ ان میں سے ایک کتاب "الغزالی" گو ۱۹۰۱ء کی اشاعت شدہ ہے لیکن اس پر مولانا کا مندرجہ ذیل نوٹ موجود ہے۔

"حضرت مصنف تحفۂ مرحمت فرمودند"

"۱۳ اپریل ۱۹۱۲ء۔ ابوالکلام۔ کلکتہ"

ممکن ہے یہ کتاب اسی زمانہ میں پڑھی ہو۔ مضامین عالمگیر بھی ۱۹۱۱ء کے بعد ہی پڑھی ہوگی۔ باقی پانچ کتابوں کے متعلق قرائن سے فرض کیا جاسکتا ہے کہ وہ کتابیں مولانا نے ۱۸۹۳ء اور ۱۹۱۰ء کے درمیانی زمانہ میں مطالعہ فرمائیں کیونکہ ان سب کتابوں پر تفصیلی تبصرے اور اختلافی تنقیدیں ہیں نیز یہی وہ دور ہے جب مولانا شکوک و تذبذب سے گذر رہے تھے۔ اور زبردست مطالعہ میں بھی منہمک تھے۔ "مضامین عالمگیر" جو ۱۹۱۱ء میں کبھی پڑھی اضطرابی زمانہ کے اختتام سے قریب ہے۔ رہا "الغزالی" کا معاملہ اگرچہ یہ ۱۹۱۲ء میں پڑھی ہوگی تاہم یہ بھی کچھ زیادہ بعد کا زمانہ نہیں ہے۔ اس کتاب پر حاشیوں میں حنفیت کے خلاف اظہار خیال کیا ہے اور علامہ شبلی کے افکار و خیالات کی پرزور تردید کی ہے۔ یونانی فلسفہ کے بارے میں چند تاریخی واقعات سے اختلاف کیا ہے۔ لیکن یہاں اتنے تیز و تند اختلافات نہیں ہیں جتنے "سیرت النعمان" اور "مضامین عالمگیر" پر ہیں۔ "رسائل شبلی" اور "شعر العجم" جلد اول ۱۸۹۸ء اور ۱۹۰۷ء کے درمیانی عرصہ میں پڑھی ہوں گی۔ ان میں تاریخ اور زبان و ادب کے سلسلہ میں اختلافی نوٹس ہیں۔ ان سے مولانا کے اس دور پر روشنی پڑتی ہے۔ جب وہ معلومات جدیدہ اور زبان و لغت کی باریکیوں کے کھوج میں غرق مطالعہ تھے۔ ہر طرح کی قدیم و جدید مطبوعات تلاش کر کے پڑھ رہے تھے چنانچہ یہ عہد ٹھیک وہی ہے جس کو ایک طرف اُن کے ذوق مطالعہ کا زمانہ کہہ سکتے ہیں

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور دوسری طرف ان کے دور تذبذب سے تعبیر کر سکتے ہیں۔ یعنی ۱۹۰۰ء سے ۱۹۱۰ء تک کا زمانہ۔

۱۸۹۸-۹۹ء سے مولانا کے اردو کتب کے بے پناہ ذوقِ مطالعہ کا آغاز ہوتا ہے۔ ابتدا کہانیوں اور ناولوں سے ہوئی۔ خود لکھتے ہیں۔

"ان ناولوں کے ساتھ کتابوں کے اشتہارات بھی ہوتے تھے۔ ان سے اور ناولوں کا پتہ چلتا تھا۔ اب میں نے خود بھی منگوانا شروع کیا۔ سب سے پہلے عبدالستار کتب فروش چوک کو ایک خط لکھ کر دو روپے کے ناول منگائے تھے۔ اور انتخاب کرنے میں بڑی کوشش کی تھی کہ اس رقم میں زیادہ سے زیادہ تعداد حاصل ہو جائے۔ ایک ناول کے لوح پر نثار حسین کے قومی پریس کا اشتہار تھا۔ اس میں ایک کتاب "المامون" بھی تھی۔ میں نے اُسے بھی ناول سمجھا اور منگوالی لیکن جب اُسے دیکھا تو بڑی مایوسی ہوئی کہ وہ تو کوئی دوسری چیز ہے۔ اردو کی نئی ادبی تصنیفات میں یہ پہلی کتاب ہے جو میں نے دیکھی اسکے کچھ دنوں بعد جب شاعری کا شوق ہوا تو اس سلسلہ میں "آب حیات" دیکھی، پھر "حیات سعدی" اور "یادگارِ غالب" نظر سے گذری۔

اس اثنا میں اس قدر تعلیم بھی بڑھ چکی تھی کہ اب ان کتابوں کو ناول کے دھوکے میں نہیں منگواتا تھا بلکہ واقعی ان کا موضوع سمجھ کر۔ رعد کی جنتری ہر سال والد مرحوم لیا کرتے تھے۔ اس جنتری میں البراکہ کا اشتہار دیکھا اور اسے بھی منگوالیا۔ اب اچھی طرح ان کتابوں کے مطالعہ کا شوق پیدا ہو گیا تھا۔ یہ ۱۸۹۸ء ۹۹ء کی بات ہے۔

جس قدر بھی روپیہ میسر آسکتا تھا وہ میں نئی کتابوں پر خرچ کرتا اور ہندوستان کے تمام کتب فروشوں کے یہاں سے شوق میں فہرستیں منگا کر اور ان میں جن کتابوں کا نام اچھا معلوم ہوا ان پر نشان دے کر ایک بڑی فہرست مطلوبات کی تیار کر لی تھی۔ مولوی ضیاء الرحمٰن امام مسجد کو لوٹولہ نے کتابوں کی دوکان کی تھی وہاں بھی جانے لگا، اور وہ میری مطلوبات اپنے طور پر منگا لیتے تھے۔ اور مجھے یہ آسانی رہتی تھی کہ اُدھار بھی لے آتا تھا۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اب مولانا حالی، محمد حسین آزاد، مولانا شبلی، عبدالحلیم شرر، مولوی نذیر احمد وغیرہ نئے مصنفوں کی اکثر کتابیں میری نظر سے گزر گئیں اور نئے اردو علم و ادب کا پورا فہم و شوق حاصل ہوگیا۔" (آزاد کی کہانی خود آزاد کی زبانی۔ ص ۲۵۰/۲۴۹)

اگرچہ ممکن ہے کہ مولانا نے علامہ شبلی کی زبان و ادب سے متعلق تصنیفات اسی دور میں پڑھی ہوں لیکن حواشی کی ناقدانہ بصیرت اور مذہبی معلومات میں مشکل اور ٹھوس مبحث اس حقیقت پر دلالت کرتے ہیں کہ "رسائل شبلی"، "شعر العجم"، "الغزالی" خصوصاً "سیرۃ النعمان" مولانا نے ۱۹۰۲ء کے بعد پڑھی ہوں گی اور "مضامین عالمگیر" تو یقیناً ۱۹۱۱ء کے بعد پڑھی۔

۱۹۰۵ء تک مولانا آزاد نہ صرف علوم جدیدہ سے متعلق مکمل اردو ادبیات پر عبور رکھتے تھے۔ بلکہ عربی و فارسی کے جدید لٹریچر کا بیشتر حصہ پڑھ چکے تھے۔ ۱۹۰۱ء سے بحث و مباحثہ کا شوق پیدا ہوگیا اور اسی دوران میں مولوی محمد حسین فاروقی، مولوی عبدالحق حقانی، مولانا عبداللہ ٹونکی اور مولوی نذیر الحسن سے معرکہ آرائیاں ہوتی رہیں۔

۱۹۰۲ء میں مولانا کو مطالعے کے بہترین مواقع ہاتھ آئے۔ جب تک درسیات جاری تھیں۔ اس وقت تک مولانا اپنے والد کی خفگی کی وجہ سے ادھر اُدھر کی کتابیں چھپ کر پڑھتے تھے لیکن جب درسیات سے فراغت ہوگئی تو پھر پابندیاں اُٹھ گئیں۔ چنانچہ اردو زبان میں علوم جدیدہ کی جس قدر کتابیں مل سکتی تھیں۔ حاصل کیں اور نہ صرف بعض مصنفین کی کتابیں پڑھیں بلکہ بعض تحقیقاتی اداروں کے مکمل ادب کو بھی پڑھ ڈالا۔ مثلاً سائنٹیفک سوسائٹی علی گڈھ کے تراجم پنجاب کی لٹریری سوسائٹی کی کتابیں، میرزا پور اور لکھنؤ کے چرچ مشن کے تراجم یونیورسٹیوں کی کتابیں منگوائیں اور اُن کا مطالعہ کیا۔ اس کے علاوہ کلکتہ اور بمبئی کے مختلف کتب خانے چھان مارے۔ کتب فروشوں سے بے شمار کتابیں خریدیں۔ بعض شخصی ذخیرے حاصل کئے اور مختلف علوم و فنون کی کتابوں کا مطالعہ کیا یہ سب زیادہ تر ۱۹۰۰ء اور ۱۹۱۰ء کے درمیان کی باتیں ہیں۔

شک و اضطراب کے دور کے واقعات خود مولانا ہی کی زبانی سنیئے:۔

"زیادہ سے زیادہ میری تیرہ برس کی عمر تھی کہ میرا دل اچانک اپنی موجودہ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حالت اور اردگرد کے منظر سے اُچاٹ ہوگیا اور ایسا محسوس ہونے لگا کہ میں کسی اچھی حالت میں مبتلا نہیں ہوں۔ یہ بے اطمینانی بڑھتی گئی۔ حتیٰ کہ مجھے اُن ساری باتوں سے جو لوگوں کی نظروں میں انتہا درجہ عزت واحترام کی باتیں تھیں۔ ایک طرح کی نفرت ہوگئی۔

چند دنوں کے بعد یہ جذبہ ایک دوسرے رُخ پر بہنے لگا۔ اپنی حالت کے احتساب نے اپنے عقائد وافکار کے احتساب پر توجہ دلائی اور اب جو میں نے اپنے مذہبی عقائد کا جائزہ لیا تو اس میں بجز آبائی تقلید، دیرینہ رسم پرستی اور موروثی اعتقاد کے اور کچھ نہ تھا۔" (ذکر آزاد۔ ص ۲۵۶)

دیرینہ رسم وعقائد وآبائی تقلید، خدا کی حقیقت اور مختلف مذاہب کے باہمی اختلافات یہ تین سوالات تھے جن کے حل میں مولانا سرگرداں وپریشان تھے۔ آگے چل کر لکھتے ہیں۔

"یہ تین سوال تھے جو ۱۴ برس کی عمر میں مجھ پر اس طرح چھا گئے تھے کہ خون اور گوشت کی جگہ میرے اندر صرف انہی کی گونج بھری ہوئی تھی۔ گرہ کو جس قدر کھینچا جائے اتنا ہی اور زیادہ اُلجھ جاتی ہے۔ اس طرح میں جس قدر حل کرنے کی کوشش کرتا تھا۔ اتنا ہی زیادہ اُلجھاؤ بڑھتا جاتا تھا۔ میں نے ہر طرح کی کتابوں کا مطالعہ شروع کیا۔ مختلف مذہبوں کی کتابیں بار بار دیکھ ڈالیں۔ میں اس وقت بمبئی میں تھا۔ وہاں مجھے متعدد عیسائی، یہودی، پارسی، بہائی، ناستک اور ہندو عالموں سے ملنے اور بحث ومباحثہ کا موقعہ ملا لیکن ان کی باتیں میری الجھن کو اور زیادہ کرتی تھیں۔ اُن کے جوابات اور مباحث سُن کر مجھے معلوم ہوتا تھا کہ میری پریشانی اُس سے کہیں زیادہ ہونی چاہیئے جس قدر میں سمجھے ہوا تھا۔ بالآخر یہ اندرونی تکلیف یہاں تک بڑھی کہ میں بیمار ہوگیا۔ غنودہ ہوگئی۔ بینائی اُچاٹ ہوگئی۔

اسی اثنا میں میں نے ماڈرن فلاسفی اور سائنس کی مختلف شاخوں کا مطالعہ کیا جس قدر مطالعہ مشرقی زبانوں کے تراجم سے کرسکتا تھا۔ اُس کا نتیجہ یہ نکلا کہ مذہب کی طرف سے میری بے اطمینانی اور زیادہ گہری ہوگئی۔

اب مجھ پر وہ دروازہ کھلا جو اس راہ میں ہمیشہ کھلا کرتا ہے۔ یعنی مذہب اور عقل کی تطبیق واتحاد کا طریقہ۔ اس کے بھی متعدد اسکول ہیں۔ میں نے سب کا مطالعہ کیا، اور

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اس سے اتنا ضرور ہوا کہ عارضی سکون مجھے ہو گیا۔ اسی زمانہ میں میں نے سرسید احمد خاں مرحوم کی کتابوں کا مطالعہ کیا جن کی نسبت سمجھا جاتا ہے کہ انھوں نے موجودہ زمانہ میں مذہب اور ماڈرن سائنس کو ملانے کے لئے ایک نئے اسکول کی بنیاد ڈالی ہے۔ مجھ پر ان کی تصنیفات کا بہت اثر ہوا۔ حتیٰ کہ کچھ دنوں تک میرا یہ حال رہا کہ میں بالکل اُن کا مقلد اور پیرو ہو گیا تھا۔ مگر یہ دقفہ عارضی تھا۔ بہت جلد ہی مجھے معلوم ہو گیا کہ یہ منزل مذہب کی طرف لے جانے والی نہیں ہے۔ بلکہ مذہب سے انکار کی ایک نرم اور ملائم صورت ہے۔ آخر نتیجہ میرے دل و دماغ پر حاوی ہو گیا تھا۔ یعنی گو میں زبان سے صاف صاف اقرار نہیں کرتا تھا لیکن میرے اندر قطعی انکار و الحاد کی آواز گونج رہی تھی۔

میں اب ایک پکا دہری ہو گیا تھا۔ میٹریلزم اور ریشنلزم کے اعتقاد پر میرے اندر فخر و غرور تھا۔ اور مذہب کے نام میں جہل و توہم کے سوا کچھ نظر نہیں آتا تھا۔ تاہم وہ چیز کہاں تھی جس کی ڈھونڈھ میں نکلا تھا؟ یعنی دل کا اطمینان؟ وہ تو اب اور زیادہ دور ہو گئی۔ میرے اضطراب کی اندھیاری میں تسلی کی ایک ہلکی کرن بھی دکھائی نہیں دیتی تھی۔

۱۴ برس سے لے کر ۲۲ برس کی عمر تک میرا یہی حال رہا۔ میرا ظاہری روپ ایک ایسے مذہبی آدمی کا تھا جو مذہب کو عقل و علم کے ساتھ ساتھ چلانا چاہتا ہے لیکن میرے اندر اعتقاد میں قطعی الحاد تھا اور عمل میں قطعی فسق۔ یہی منزل میری آخری مایوسی کی منزل تھی اور اس کے بعد اچانک امید کی روشنی میرے سامنے چمکی۔" (ذکر آزاد۔ ص ۲۶۰۔۲۵۷)

مولانا کے اس بیان سے ظاہر ہے کہ اس دور میں ان کا ذوق مطالعہ عروج پر تھا۔ اور انھوں نے ہر طرح کے گوناگوں موضوعات سے متعلق کتابیں پڑھیں۔ زیر بحث کتابوں کا بیشتر حصہ انھوں نے اسی زمانہ میں پڑھا ہوگا کیونکہ ہر مبحث پر مولانا نے زبردست اختلافی تنقیدیں لکھی ہیں۔ خصوصاً جامد اور تقلیدی رسوم و عقائد کے بارے میں مولانا کے قلب میں ایک آتش بغاوت بھڑکی ہوئی تھی۔ ان کے خاندان اور اساتذہ حنفی مسلک کے کٹر پیرو تھے۔ لیکن مولانا ان سب باتوں کو بحث ورائے کا ایک طلسم خیال کرتے تھے

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تاہم انھیں مباحث نے ان کے لئے مطالعہ کا ایک بڑا دروازہ کھولا اور وہ آہستہ آہستہ تقلید کی بندشوں سے آزاد ہوتے چلے گئے۔ مولانا شبلی کی کتب خاصکر "سیرۃ النعمان" اور مضامین عالمگیر انھوں نے اسی دور میں پڑھی ہوں گی۔ ان کے حاشیوں پر لکھے ہوئے تبصرے زبردست رد و قدح اور فکری اختلافات سے مملو ہیں۔

ان حقائق کی روشنی میں جناب مسعود الحسن عثمانی کا مندرجہ ذیل بیان لائق غور و تامل ہے۔

"آخر عمر میں مولانا آزاد کو شبلی کی نسبت بہت سی باتوں سے اختلاف بھی ہو گیا تھا اور وہ بہت سے نظریات جو شبلی کی زندگی میں ان کے ذہن پر چھائے رہے اب تبدیل ہو گئے تھے۔ شبلی کی کئی کتابوں پر مولانا نے حواشی بھی لکھے تھے جن میں شبلی کی کئی کتابوں پر اعتراض بھی ہے۔ مولانا محمد یونس خالدی صاحب نے مولانا سے یہ اجازت چاہی تھی کہ وہ الندوہ کے مضامین کو یکجا کریں اور وہ شائع ہوں"۔

(ابوالکلام آزاد: احوال و آثار۔ ص ۲۲۱۔ مطبوعہ ۱۹۷۷ء)

مولانا آزاد کے سکریٹری اجمل خاں صاحب نے الندوہ کے مضامین کے سلسلہ میں یہ جواب دیا۔ مولانا فرماتے ہیں کہ یہ مضامین پندرہ سولہ برس کی عمر میں لکھے گئے تھے ان میں بہت سی باتیں جن میں اب میری رائے بدل گئی ہے اور بہت سی باتیں اب میں صحیح نہیں سمجھتا لہٰذا اُن کے چھپوانے کی اجازت نہیں دے سکتا۔" (ایضاً)

جہاں تک الندوہ کے مضامین کا تعلق ہے قرین قیاس ہے کہ وہ فکر و خیال کے لحاظ سے اس نوعیت کے ہوں کہ آخری زمانہ میں نظریاتی طور پر مولانا کو ان سے اختلاف ہو گیا ہو اور وہ اپنی عمر کے آخری دور میں ان کی اشاعت پسند نہ فرماتے ہوں لیکن عثمانی صاحب نے علامہ شبلی کی کونسی کتابوں کا ذکر کیا ہے جن پر مولانا کے آخری زمانہ کے حواشی ملتے ہیں؟ یہ کتابیں کہاں ہیں؟ کس آخری زمانہ میں مولانا نے ان پر اختلافی تحریریں رقم فرمائیں؟ میں اس عقدہ کشائی سے قاصر رہا۔ جہاں تک علامہ شبلی سے مولانا آزاد کے اختلاف کا تعلق ہے میری نظر میں کم از کم ان حواشی کے سلسلہ میں وہ اُن کے ابتدائی دور کا

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

معاملہ ہے اور عین ممکن ہے کہ مولانا کے الندوہ سے تعلق سے ذرا پہلے یعنی ۱۹۰۵ء سے قبل یا اس کے کچھ عرصہ بعد کا ہو۔ زیر بحث حواشی ہرگز مولانا کے آخری دور کی تحریریں نہیں ہو سکتیں۔ آزاد بھون کی لائبریری کے علاوہ کوئی دوسری کتابیں عثمانی صاحب کے پیش نظر رہی ہوں جن پر مولانا نے اپنے آخری زمانہ میں اعتراضات قلم بند فرمائے تو ٹھیک ہے مگر میری متلاشی نگاہ اُن تک نہیں پہنچ سکی۔

شبلی کی کتابیں تو ایک طرف رہیں "حیات شبلی" مصنفہ سید سلیمان ندوی جو ۱۹۴۳ء میں چھپی اور جس پر مولانا کے اختلافی نوٹس ہیں۔ اگرچہ وہ اختلافات بالکل دوسری نوعیت کے ہیں مذہبی یا ادبی بحث و نظر کے وہ مسائل نہیں ہیں جن کا شبلی کی کتابوں سے تعلق ہے چند واقعاتی، تاریخی اور دوسری معلوماتی باتوں سے اختلاف کیا ہے یا سرسید اور علامہ شبلی کے ایک دوسرے پر باہمی اثرات کے مباحث میں سید صاحب کے بیانات کی تردید کی ہے تاہم اس کتاب کو بھی ہم بہت زیادہ آخری زمانہ کی کتاب نہیں کہہ سکتے۔

علامہ شبلی کے بعد محمد ظہیر احسن شوق نیموی کی کتابیں ہیں جن پر مولانا نے نہایت سخت تنقیدی حاشیے لکھے ہیں۔ ان کتابوں کی تعداد چار ہے جو سب ۱۸۸۰ء اور ۱۸۹۳ء کی درمیانی مدت کی چھپی ہوئی ہیں۔ ظاہر ہے یہ کتابیں ۱۸۹۳ء کے بعد ہی پڑھی گئی ہوں گی۔ اور غالباً اسی زمانہ میں جب وہ مذہبی لٹریچر پڑھنے میں کھوئے ہوئے تھے۔ علامہ شوق نیموی شاعری میں مولانا آزاد کے استاد تھے۔ وہ نہ صرف ایک شاعر باکمال تھے بلکہ ایک یگانۂ عصر زبان داں اور نقاد بھی تھے۔ مولانا آزاد نے ان کی فنی مہارت اور قابلیت کی وجہ سے شاعری میں ان کو اپنا استاد بنالیا۔ اُن کی وسعتِ معلومات، ان اور مہارتِ فن کا لوہا مانتے ہوئے لکھتے ہیں۔

"ان کی شاعرانہ واقفیت دل پر نقش ہو گئی علی الخصوص یہ کہ شعر گوئی کے ساتھ قواعد و اصول اور زبان کے مباحث پر ان کو ایسا اچھا عبور ہے کہ ایک پوربی دیہاتی ہو کر جلال مرحوم جیسے صاحبِ دعویٰ کو شکست فاش دیدی۔"

(آزاد کی کہانی۔ ص ۲۴۲)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

شاعرِ بے مثل اور عدیم النظیر ماہر زبان ہونے کے علاوہ شوق نیموی ایک عالم متجر، مشہور محدث اور محقق اور صاحب تصانیف کثیر بھی تھے۔ علماء عصر اور فضلائے دہران کی علمی تحقیق و تبحر کے قائل تھے۔ تقلید اور حنفیت کی حمایت میں ان کی بہت سی کتابیں ہیں یہ چاروں کتابیں بھی انہی مباحث پر مشتمل ہیں اور مولانا نے اپنے ذہنی انقلاب کے دوران جہاں بے شمار دوسری کتابوں کا مطالعہ کیا ان کو بھی پڑھا ہوگا۔ اس قسم کے مباحث پر اپنے ذوق مطالعہ کا خود مولانا نے ذکر کیا ہے۔ لکھتے ہیں۔

"اب اُن کتابوں کا بھی پوری طرح شوق ہوا۔ جو ان مسائل پر بطریق مباحثہ و مناظرہ لکھی گئی ہیں۔ بڑا ذخیرہ گھر میں موجود تھا۔ بعض اردو کتب جدل و بحث جو نہیں تھیں۔ حاصل کر کے دیکھنے لگا۔ ظفر المبین کے رد میں فتح المبین اور نصرۃ المجتہدین لکھی گئی ہے۔ پھر اس کا جواب الکلام المبین یا کسی ایسے ہی نام سے دیا گیا ہے اور اس سلسلہ میں فریقین کی متعدد کتابیں نکلی ہیں اُسی زمانہ میں میں نے منگوا کر دیکھیں اور فتح المبین کے حاشیہ پر جا بجا اعتراضات لکھے۔" (آزاد کی کہانی ص ۳۷۹)

شوق نیموی کی کتابیں جیسا کہ میں نے پہلے کہا حنفی مسلک کی حمایت میں ہیں اور مولانا آزاد اُس دور میں مذہبی کش مکش میں مبتلا ہونے کی وجہ سے اس مسلک پر سخت اعتراضات کر رہے تھے۔ یہ تقریباً ۱۹۰۱ء یا ۱۹۰۲ء کا زمانہ ہے۔ اس لئے یہ کتابیں اُنھیں ایام میں پڑھی ہونگی۔

اردو کی کتابوں میں علامہ شبلی کی کتابوں کے بعد جس کتاب پر نہایت مبسوط حواشی مولانا نے لکھے ہیں وہ سرسید کی کتاب "سیرتِ فریدیہ" ہے۔ یہ کتاب ۱۸۹۷ء کی چھپی ہوئی ہے۔ مولانا کے ذہنی انقلاب میں سرسید کی تصانیف کو بڑا دخل ہے۔ وہابیت کے نشہ کی سرشاری میں مبتلا ہونے کے بعد سرسید کی تصانیف کے عالم دلفریبی کا ذکر کرتے

ما یہ اقتباس پہلے کسی موقع پر پیش کیا جا چکا ہے۔ یہاں موضوع کی مناسبت سے دوبارہ پیش کرنا پڑ رہا ہے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہوئے لکھتے ہیں۔

"تقریباً چھ مہینے کے اندر میں نے سرسید کی تمام کتابیں دیکھ ڈالیں۔ اور اچانک ایسا معلوم ہوا کہ ایک بے حد عجیب و دلکش اور بلند تر پیرعظمت عالم میں آ گئے ہیں۔ مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ بالکل ایک مخمور دماغ کی سی حالت رہنے لگی۔ اب معاملہ تقلید و عدم تقلید، وہابیت و حنفیت سے گزر چکا تھا اور ایک ایسی بلندی پر اپنی جگہ محسوس ہوتی تھی۔ جہاں سے یہ تمام جماعتیں، یہ تمام عقائد و افکار اور یہ تمام جھگڑے بالکل حقیر دکھائی دیتے تھے۔" (آزاد کی کہانی، ص ۳۸۲)

اوپر کے اقتباس سے پتہ چلتا ہے کہ ایک زمانہ میں مولانا آزاد سرسید پر بُری طرح فریفتہ تھے۔ لیکن اس کتاب پر موجود حواشی سے کسی شیفتگی کا اظہار نہیں ہوتا۔ اس لئے یہی نتیجہ نکالا جا سکتا ہے کہ مولانا نے یہ کتاب سرسید کے اثرات سے آزاد ہو جانے کے بعد پڑھی تاہم وہ زمانہ بھی ۱۹۰۵ء اور ۱۹۱۰ء کے درمیان ہی کا ہو سکتا ہے۔

سرسید کی کتاب کے بعد سید سلیمان ندوی کی تصنیف "حیات شبلی" کی اہمیت ہے۔ یہ ۱۹۴۳ء کی شائع شدہ ہے اس کے بعد ہی مولانا نے پڑھی ہوگی شبلی کی کتابوں کے ذکر میں اس پر روشنی ڈالی جا چکی ہے۔

۱۹۱۰ء کے بعد کی کتابوں میں ایک کتاب "ابن رشد" محمد یونس انصاری کی تصنیف ہے جو ۱۹۲۳ء میں چھپی اس لئے اسی زمانہ میں پڑھی ہوگی۔ لیکن اس پر لکھے ہوئے حاشیوں کی کوئی خاص اہمیت و افادیت نہیں۔ باقی گیارہ اردو زبان کی کتابیں ایسی ہیں جو ۱۹۰۰ء اور ۱۹۱۰ء کے درمیان میں طبع ہوئیں۔ لہٰذا امکان یہی ہے کہ یہ سب کتابیں اپنے ذوقِ مطالعہ کے دوران میں پڑھی ہونگی جو ۱۹۱۲ء تک ختم ہو جاتا ہے۔

انگریزی کتب

مشہور ہے کہ مولانا آزاد نے نہ کبھی انگریزی زبان میں بات کی نہ کچھ لکھا لیکن یہ مسلم

یہ عبارت کتابچہ میں بالکل اسی طرح چھپی ہوئی ہے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہے کہ وہ اس زبان میں معقول صلاحیت رکھتے تھے۔ واقعہ یہ ہے کہ انھوں نے انگریزی زبان سے واقفیت ابتدائی زمانہ ہی میں بہم پہنچالی تھی ۱۹۰۲ء میں دیگر علوم کی تعلیم سے فراغت کے بعد جب وہ سرسید کی کتابوں کا مطالعہ کر چکے تھے تو انھوں نے انگریزی زبان کی اہمیت کو بھی محسوس کیا اور اس میں اخبار و کتب پڑھنے کی غرض سے ضروری استعداد حاصل کی خود فرماتے ہیں۔

"میں نے محسوس کیا کہ جب تک کوئی شخص جدید فلسفہ، سائنس اور ادب کا مطالعہ نہ کرے وہ صحیح معنوں میں تعلیم حاصل نہیں کرتا۔ میں نے طے کیا کہ میرے لئے انگریزی پڑھنا ضروری ہے۔ مولوی محمد یوسف جعفری سے میں نے اس کا ذکر کیا وہ اس زمانہ میں مشرقی علوم کے صدر ممتحن تھے۔ انھوں نے مجھے انگریزی کی ابجد سکھائی، اور پیارے چند سرکار کی پہلی کتاب پڑھنے کو دی۔ جیسے ہی مجھے زبان کی کچھ شدبد ہوگئی، میں نے انجیل پڑھنا شروع کر دیا۔ میں نے اس کے انگریزی فارسی اور اردو کے نسخے حاصل کئے اور تینوں کو سامنے رکھ کر پڑھتا تھا۔ اس سے مجھے عبارت کو سمجھنے میں بہت مدد ملی۔ میں نے انگریزی لغت کی مدد سے اخبار پڑھنا بھی شروع کر دیا۔ اور بہت جلد اس قابل ہوگیا کہ انگریزی کتابیں پڑھ سکوں۔ میں تاریخ اور فلسفہ کا خاص طور سے مطالعہ کرتا تھا۔" (ہماری آزادی۔ ص ۱۲/۱۱)

مولانا کے بیان سے پتہ چلتا ہے کہ انھوں نے انگریزی زبان سیکھنے کی ابتدا اپنے ذوق مطالعہ کی وجہ سے کی اور یہ ۱۹۰۲ء کے بعد کی بات ہے لیکن اس کی تکمیل ۱۹۰۸ء سے پہلے کر لی تھی۔ اس کا ثبوت ان کے دوسرے بیان سے ملتا ہے ۱۹۰۸ء کے سفر عراق کے ضمن میں فرماتے ہیں۔

"اس زمانہ میں مجھے ہندوستان سے باہر جانے اور عراق، مصر، شام اور ترکی کے سفر کرنے کا اتفاق ہوا۔ ان تمام ملکوں میں میں نے دیکھا کہ لوگ فرانسیسی زیادہ پسند کرتے ہیں اور اس کے سیکھنے کا شوق رکھتے ہیں۔ مجھے بھی اس کا ذوق ہوا اور اسے سیکھنا شروع کر دیا مگر یہ بھی ظاہر تھا کہ انگریزی بہت تیزی کے ساتھ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سب سے زیادہ مستعمل زبان بنتی جارہی ہے۔ اور میری بیشتر ضرورتوں کو پورا کر دیتی ہے۔"

(ہماری آزادی۔ ص ۱۸/۱۷)

ان دو بیانوں سے دو باتیں سامنے آتی ہیں۔ اول یہ کہ مولانا نے انگریزی ۱۹۰۸ء سے پہلے اچھی طرح سیکھ لی تھی۔ دوم یہ کہ وہ انگریزی میں تاریخ و فلسفہ کی کتابیں خاص طور سے پڑھتے تھے۔ انگریزی کی آٹھ کتابیں ہیں۔ جن پر مولانا کے حاشیے ملے ہیں۔ واقعی ان سب کتابوں کا تعلق مذہب، فلسفہ اور تاریخ سے ہے۔ فلسفہ کی ایک کتاب "ہینڈ بک آف ہسٹری آف فلاسفی" البرٹ شیو گلر" کی تصنیف ہے جس کا "اسٹرلنگ نے ترجمہ کیا ہے۔ یہ ۱۸۷۱ء کی مطبوعہ ہے۔

دوسری کتاب "آدلیسورتھ۔ اسمتھ" کی تصنیف "محمڈ اینڈ محمڈن" ازم "۱۸۸۹ء کی چھپی ہوئی ہے۔ تیسری کتاب "ڈبلیو ڈبلیو۔ ہنٹر کی تصنیف "دی انڈین مسلمانز" ہے۔ جو ۱۸۷۲ء میں شائع ہوئی۔ ان تینوں کتابوں کا تعلق فلسفہ اسلام اور ہندوستانی تاریخ اسلام سے ہے۔ لہٰذا یہ قرین قیاس ہے کہ یہ تینوں انگریزی کی کتابیں مولانا نے اپنے ذوقِ مطالعہ کے دوران میں ۱۹۰۲ء اور ۱۹۱۰ء کے درمیانی عرصہ میں پڑھی ہوں۔ ان کتابوں پر بڑی تفصیلی تحریریں ہیں جن سے ان علوم میں مولانا کی وسیع اور گہری واقفیت کے علاوہ زبان انگریزی پر زبردست تبحر اور گرفت کا پتہ چلتا ہے۔ باقی پانچ کتابیں ۱۹۲۶ء اور ۱۹۳۴ء کے وسطی دور کی چھپی ہوئی ہیں۔ خود مولانا اور دوسرے اصحاب کی تحریرات سے اس بات کا ثبوت ملتا ہے کہ ۱۹۲۰ء کے بعد مولانا کو انگریزی زبان میں کتب و رسائل پڑھنے کا خصوصی ذوق تھا۔

اپنی سیاسی قید و بند کے زمانہ میں بھی وہ زیادہ تر انگریزی کتابیں پڑھا کرتے تھے ان کتابوں کا مطالعہ مولانا نے غالباً ۱۹۲۵ء اور ۱۹۴۶ء کی مدت کے درمیان کسی زمانہ میں کیا۔ ان سب کتابوں پر مولانا کی تصریحات ان کی بے پناہ قوت حافظہ اور معلومات کا نمایاں ثبوت ہیں۔ خصوصاً سی۔ ایف۔ اینڈریوز" کی کتاب، ذکا، اللہ آف دہلی" پر نہایت مفید اور جامع تبصرے کئے ہیں۔ بعض اہم تاریخی واقعات کی صحیح نشان دہی

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کرکے مصنف کے بیانات کی تردید کی ہے۔ ایک دوسری کتاب پر جس کا تعلق اکبر اعظم سے ہے بڑی مفید تحریریں رقم فرمائی ہیں۔ بہت سے اسماء تاریخی مقامات اور مصطلحات کے متعلق بیش قیمت نکتے بیان کئے ہیں۔

عربی کتب

مولانا کے خصوصی ذوقِ مطالعہ کی مدت کے سلسلہ میں گذشتہ صفحات میں تفصیلی بحث ہو چکی ہے۔ نیز اردو، فارسی اور عربی کی کتابیں انھوں نے کن کن طریقوں سے حاصل کر کے مطالعہ فرمائیں۔ ان کا بھی وضاحت کے ساتھ مولانا کے ذاتی بیانات کی روشنی میں جائزہ لیا جا چکا ہے۔ تاہم مزید تصریح کے لئے عربی و فارسی کی کتابوں کے بارے میں مولانا کی نگارشات کے چند خصوصی اقتباسات پیش کئے جاتے ہیں۔

۱۹۰۱ء کے واقعات کے حوالہ سے سرسید کی کتاب "حیات جاوید" کا ذکر ختم کرنے کے بعد لکھتے ہیں۔

"اس اثنا میں پہلے کہہ چکا ہوں کہ کتب بینی کا شوق بہت وسیع ہو گیا تھا۔ استعداد بھی برابر بڑھتی گئی تھی۔ اب فارسی و عربی کی کتابوں کا مطالعہ بھی اسی ذوق و شوق سے کرنے لگا تھا۔ عربی کتابوں کا بڑا ذخیرہ تو گھر میں تھا، اور نئی کتابوں کے لئے والد مرحوم سے تحریک ضائع نہیں جا سکتی تھی۔ فارسی کے لئے اور زیادہ کوشش کرنی پڑی۔ اُس زمانہ میں کانپور میں مولوی نور الدین ایک شخص تھے اور وہ بمبئی سے مصری کتابیں منگا کر فروخت کیا کرتے تھے۔ اُن سے میں نے نئی نئی کتابیں بہت منگوائیں۔ بمبئی میں حاجی آقائے شیرازی اور ملک التجار کا پتہ مولوی عبدالرزاق الہ آبادی نے بتلایا کہ جن سے خط و کتابت ہو چکی تھی۔ اُن سے فہرستیں منگوائیں اور فارسی کی نئی نئی مطبوعاتِ ایران بھی منگوانے لگا۔"

(آزاد کہانی۔ ص ۲۵۷/۲۵۶)

علومِ جدیدہ کے شوقِ مطالعہ کا ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

"سرسید کی تصنیفات کے مطالعہ نے علوم جدیدہ سے نہ صرف آشنا بلکہ شائق

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دگرگوں بنا دیا تھا۔ اب وہ دن تھا کہ عقائد و افکار میں ایک طوفان اٹھ چکا تھا۔ میری زندگی اب چل نہیں رہی تھی بہہ رہی تھی۔ تمام قدیم چیزیں حقیر و ذلیل ہو چکی تھیں۔ علوم جدیدہ اور یہ ترکیب سرسید مرحوم ہی کی ہے اور ہر وہ چیز جو اُن کی طرف منسوب ہو، میرے ذہن و قلب کے لئے بمنزلہ معبود کے تھی۔ اب شوق ہوا کہ اردو، فارسی عربی میں نئے علوم کی جتنی کتابیں ترجمہ ہوئی ہیں انھیں جمع کیا جائے۔ مولوی حالی مرحوم کی کتاب جیالوجی جو مصر کے ایک ترجمے کا ترجمہ ہے۔ پیرزادہ محمد حسین کی منطق استقرائی اور ٹینین بکچر کا اردو ترجمہ، لارڈ بیکن کی سوانح عمری، سائنٹیفک، سوسائٹی علی گڈھ کے بعض تراجم مثلاً پولیٹیکل اکانومی وغیرہ اور پنجاب کی لٹریری سوسائٹی کی کتابیں تمام منگوائیں اور شوق سے دیکھیں مگر ان سے طبیعت کو سیری نہ ہوئی۔ اب مصر و شام کی کتابوں کا شوق ہوا۔ مولانا شبلی کو ایک خط لکھا اور اُن سے دریافت کیا کہ علوم جدیدہ کے عربی تراجم کون کون ہیں۔ اور کہاں کہاں ملیں گے؟ یہ پہلا خط ہے جو میں نے مولانا کو لکھا۔ انھوں نے دو سطروں میں یہ جواب دیا کہ مصر و بیروت سے خط و کتابت کیجئے کیجئے۔ خیر میں نے پہلے وہاں سے فہرستیں منگوائیں اور پھر کتابیں منگواتا رہا۔"

(آزاد کی کہانی۔ ص ۲۵۸/۲۵۷)

اس کے بعد عربی رسائل و اخبارات کا تذکرہ کیا ہے اور ان میں جو کتابیں مشتہر ہوتی تھیں ان کے منگانے اور مطالعہ کی تفصیل ہے۔ کتابوں کے حاصل کرنے کے طریقہ کا ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

"کلکتے کے گذشتہ عہد کے اُن علماء میں جو انگریزی حکام سے تعلق رکھنے کی وجہ سے نئی باتوں سے آشنا تھے ایک وسیع الاطلاع شخص مولوی کبیر الدین تھے جنھوں نے اردو گائیڈ پریس قائم کیا تھا اور ایک مجلس اشاعت کتب قدیمہ کے لیے بھی "نادی الشاعۃ العلوم" کے نام سے قائم کی تھی۔ سوسائٹی کی بہت سی کتابیں انہی کی تصحیح کردہ ہیں۔ غدر سے پہلے جب ڈاکٹر اسپرنگر لکھنؤ اور دلی کے شاہی کتب خانوں کے مطالعہ اور فہرست مرتب کرنے کے لئے گئے تو ان کے مساعد یہی تھے۔ اس سلسلہ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

میں انھیں ہندوستان کے تمام بڑے بڑے کتب خانوں کے دیکھنے کا موقع ملا تھا۔ لکھنؤ کے کتب خانہ کی بھی انھوں نے انڈیا آفس کے لئے فہرست تیار کی تھی۔ اسی زمانہ میں اُن کا کتب خانہ اور پریس فروخت ہوا اور مجھے اُس میں بہت قدیم نایاب کتابیں مل گئیں۔" (آزاد کی کہانی ص ۲۶۱)

فراہمی کتب میں اپنے والد کے بعض معتقدین خاص سے مالی فائدہ اٹھانے کو تسلیم کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

"ان میں سے بعض اشخاص ایسے تھے کہ جوں ہی انھیں یہ معلوم ہوا انھوں نے اس کو اپنے لئے ایک بڑی ہی خوشی اور سعادت کی بات سمجھ کر فوراً فرمائش کی تکمیل کی اور کہہ دیا کہ جس قدر کتابیں مطلوب ہوں منگوا لی جائیں۔ قیمت وہ ادا کر دیں گے۔ بعض اشخاص ایسے تھے کہ انہی کے پتے پر باہر سے پارسل میں منگوا لیتا اور وہ قیمت ادا کر دیتے صدہا روپئے ان لوگوں نے اس طرح ادا کئے۔

بعض اوقات ایک ایک پارسل سو سو روپئے کا ہوتا تھا۔ بلاشبہ ان لوگوں کا یہ احسان میرے لئے بہت قیمتی ہے۔ اور میں ان کے حقوق کا معترف اور اُن کا شکر گذار ہوں۔ ان لوگوں میں بعض بعض اشخاص نے پورے پورے کتب خانے مجھے شائق دیکھ کر خرید لیے کلکتہ میں ایک پرانے اہل حدیث مولوی تھے جن کا نام میں بھول گیا۔ کتب فروشی بھی کرتے تھے مگر خود بھی کتابوں کے شائق تھے۔ نواب صدیق حسن خاں مرحوم کی تمام کتابیں ان کے پاس تھیں۔ نیز بہت سی علمی کتابیں قلمی اور مطبوعہ نایاب تھیں۔ وہ چنار کے رہنے والے تھے۔ انھوں نے اپنی کتابیں فروخت کرنا چاہیں شرط یہ تھی کہ پورا کتب خانہ فروخت کریں گے۔ اصلی قیمت کتابوں کی اگر شمار کی جاتی تو ہزار پندرہ سو سے کم نہ تھی۔ وہ پانچسو روپئے طلب کرتے تھے۔ منشی محمد رضا نے جو والد مرحوم کے مریدوں میں ہیں۔ خود جا کے تمام کتابیں خرید لیں اور میرے حوالے کر دیں۔" (آزاد کی کہانی ص ۲۶۴/۲۶۳)

ایک صفحہ کے بعد مزید لکھتے ہیں۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

"۱۹۰۱ء میں جب بمبئی آئے اور کچھ عرصہ تک مستقل قیام رہا تو یہاں شوق کتب کے لئے زیادہ بہتر مواقع میسر آئے۔ یہاں کئی ایرانیوں کی کتابوں کی دکانیں تھیں اور مصری مطبوعات کے بھی کتب خانہ ہیں۔ اُن کی وجہ سے مطالعے اور انتخاب کتب کا بہت اچھا موقع ملا۔ تمام دکانوں میں زیادہ تر دہی کتابیں موجود رہتی تھیں جن کی عام طور پر بکری ہوتی ہے۔ نئی کتابیں علی الخصوص مصر و شام کی دورِ جدید کی تصنیفات بہت کم آتی ہیں۔ لیکن اتفاق سے ایک صاحب ذوق شخص نے اسی زمانہ میں کتابوں کی تجارت شروع کی تھی۔ اُن کا نام عبداللہ حبیب گیر تھا۔ عربی ادب کی خود بھی اچھی استعداد رکھتے تھے۔ اور عربی میں شعر کہنے کا بھی شوق تھا۔ انھوں نے شیخ امین خانجی نامی ایک قسطنطنیہ و مصر کے تاجر کے ساتھ ہندوستان کی تجارت کے لئے شرکت بھی کرلی۔ اُن کے یہاں تمام علوم و فنون کا ذخیرہ موجود تھا علی الخصوص نئی قسم کی تصنیفات کا۔

میرے تعلیمی عہد کے لئے اس دوکان کا وجود بھی بہت مفید ہوا۔ اُن سے واقفیت ہوگئی تھی۔ میں گھنٹوں اُن کی دوکان میں رہتا اور ہر علم و فن کی کتابوں کا مطالعہ کرتا رہتا اور پھر اپنی مالی حالت کے مطابق جتنی کتابیں خرید سکتا خرید لیتا۔ صدہا روپیہ کی نئی کتابیں بھی میری فرمائش پر وہ منگوا لیتے اور جب مجھے روپیہ ملتا میں قیمت ادا کردیتا۔ میری تعلیمی زندگی پر اُن کا یہ احسان ہے"۔ (آزاد کی کہانی ص ۲۶۶/۲۶۵)

مندرجہ بالا بیانات کی روشنی میں اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ مولانا نے بیشتر عربی کتب اس زمانہ میں پڑھی ہوں گی۔ عربی کی کتابوں میں سب سے پہلی کتاب ۱۸۶۴ء کی چھپی ہوئی ہے اور سب سے بعد کی مطبوعہ ۱۹۳۷ء کی ایک کتاب ہے یہ کتاب "صفۃ المعمورہ" البیرونی کی تصنیف ہے۔ مولانا نے اس کتاب کا مطالعہ ۱۹۴۱ء میں نینی جیل کے اندر فرمایا کیونکہ اس کتاب کے سرورق پر مولانا کا ایک نوٹ موجود ہے۔ جس سے اس تاریخ کا پتہ چلتا ہے۔ اسی طرح دوسری تین کتابوں

یعنی "فی تحقیق ماللھند" مطبوعہ ۱۸۸۷ء، کتاب الفوائد مطبوعہ ۱۹۰۶ء اور "تجارب الامم"

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مطبوعہ ۱۹۰۹ء پر بالترتیب ۱۹۱۴ء، ۱۹۰۹ء اور ۱۹۱۲ء کی تاریخیں مولانا نے اپنے ہاتھ سے تحریر فرمائی ہیں۔ لہٰذا قیاس ہے کہ یہ کتابیں اسی دور میں مطالعہ کی ہوں گی۔

عربی کی انیس ۱۹ کتابوں میں گیارہ بارہ کتابیں مصر کی چھپی ہوئی ہیں۔ مولانا نے مصر سے کتابیں منگوانے کی طرف اشارہ بھی کیا ہے۔ ان حقائق کی رُو سے نتیجہ اخذ کیا جاسکتا ہے کہ مولانا نے عربی کی کتابوں کا مطالعہ زیادہ تر اپنے شوقِ مطالعہ کے دور میں کیا ہوگا۔

فارسی کتب

اردو اور عربی کی کتابوں کے ضمن میں فارسی کتب کا ذکر ہو چکا ہے لیکن مولانا نے فارسی کتابوں کے پڑھنے کے متعلق خاص طور پر اپنے ذوق و شوق کا حال بیان کیا ہے اور اثنائے بیان ایسی دو کتابوں کا ذکر بھی کر دیا ہے جو ان حواشی کی کتابوں میں موجود ہیں۔ قاطعِ برہان ایسی ہی ایک کتاب ہے۔

فارسی کے ذوق مطالعہ کے سلسلہ میں لکھتے ہیں۔

"والد مرحوم کو چونکہ فارسی ادب کا اعلیٰ ذوق تھا اس لیے وہ بہت ہی اس کی ضرورت محسوس کرتے تھے اور انھوں نے جو اہتمام عربی کی تعلیم پر کیا تھا اس سے کم فارسی کی تعلیم پر نہیں کیا تاہم یہ فارسی وہی ہندوستان کے گزشتہ دور کے تعلیمی طریقہ پر مبنی تھی جو ایک طرف تو فارسی علم و ادب کے صرف ایک بگڑے ہوئے اسلوب سے آشنا کرتی ہے۔ دوسری طرف عربی کی طرح تحریر و تقریر کی قدرت پیدا نہیں کر سکتی۔

اسی زمانہ میں میں نے محسوس کیا کہ مجھے یہ نقص دور کرنا چاہیئے والد مرحوم کی وجہ سے فارسی کا شوق طبیعت میں جاگزیں تھا۔ چنانچہ ایک طرف تو بکثرت فارسی کا مطالعہ شروع کیا۔ خاص طور پر لغت و ادب کا دوسری طرف کوشش کر کے فصیح ایرانیوں سے میل جول اور صحبت کی صورتیں نکالیں۔ اُس زمانہ میں ایک بوڑھا کتب فروش مدرسۂ عالیہ کے سامنے دوکان رکھتا تھا۔ اس کو مٹیا برج اور ٹالی گنج کے کتب خانوں کی بہت سی نادر اور قلمی کتابیں بھی مل گئی تھیں۔ میں ہر جمعہ کو اس کے یہاں جاتا اور کتابوں کے انباروں کو ایک ایک کر کے دیکھتا

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور فارسی کی نایاب کتابیں چُنتا۔ تاریخ، تذکرہ اور لغت کی خاص طور پر جستجو تھی۔ اُسی زمانہ میں غالب مرحوم کی قاطع برہان اور اس کے جوابات اور اس کا جواب الجواب اُسی دکان سے لے لیا۔ اس سے مجھے بہت فائدہ ہوا۔ فارسی کے تمام قلمی تذکرے اور غیر مطبوعہ لغت کی کتابیں مثلاً موید الفضلاء وغیرہ وہاں سے دستیاب ہوئیں اور میں ان کے مطالعہ میں غرق رہا کرتا تھا۔ ساتھ ہی فارسی میں تحریر و تقریر کی بھی بطور خود مشق شروع کر دی تھی۔" (آزاد کی کہانی۔ ص ۲۲۵/۲۲۴)

میرزا محمد حسین طبطبی سے فیضیابی کا ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

"اس زمانہ میں میرزا محمد حسین طبطبی ایک بہت قابل اور حکیمانہ مشرب کے سیاح، عراق سے ہندوستان آئے تھے اور کلکتہ میں اُن سے ملاقات ہوئی۔ وہ آغا محمد سبزہ کے ساتھ کلکتے آئے تھے۔ عربی کے بہت اچھے ادیب تھے اور فارسی تحریر میں تو میں نے ان سے بہتر لکھنے والا شخص کوئی نہیں دیکھا۔ اُن سے مجھ کو بہت فائدہ ہوا۔ پہلا فائدہ تو یہ تھا کہ گفتگو اُن سے فارسی میں ہوتی تھی۔ اور وہ برابر غلط محاورات اور ہندی ترکیبوں پر ٹوکتے رہتے تھے۔ اس طرح فارسی بول چال اور محاورات کے وہ صدہا بھید جو کتابوں سے کسی طرح حاصل ہی نہیں ہو سکتے تھے۔ اُن سے حاصل ہوئے۔ اور ساتھ ہی میں اُن کو اپنی فارسی تحریریں دکھلاتا اور اصلاح لیتا تھا۔ شاعری میں بھی اُن سے اصلاح لیتا تھا۔ طریقہ یہ تھا کہ میں کسی اردو کتاب کو لے لیتا اور اس کا فارسی میں ترجمہ کرنے لگتا تھا۔ چنانچہ تذکرۂ آب حیات کا اول حصہ دور دوم تک فارسی میں ترجمہ کر کے ان کو دکھایا اور اصلاح لی۔

اُسی زمانہ میں ایک فارسی لغت لکھنا شروع کیا۔ ہندوستان میں فارسی لغت نویسی کی کچھ عجیب حالت رہی ہے۔ ادبیات کے کسی حصے میں اس قدر تمسخر انگیز اغلاط اور گمراہیاں نظر نہیں آئیں گی۔ جس قدر ہندوستان کے فارسی لغتوں میں مثلاً محاورات میں مرزا غالب کی قاطع برہان اور ہدایت قلی کی فرہنگ ناصری اس کا ایک چھوٹا سا نمونہ ہے۔ چونکہ ان چیزوں سے اُس وقت شوق ہو گیا تھا۔ خیال ہوا کہ ایسے

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تمام لغات اور محاورات اور اصطلاحات کو ایک فرہنگ میں جمع کیا جائے چنانچہ ایک معقول حصہ ایسے الفاظ و محاورات کا جمع کر لیا۔ اس کے لئے بہت وسیع مطالعہ کرنا پڑا تھا۔ اس سے بھی بہت فائدہ ہوا۔ (آزاد کی کہانی ۲۲۶/۲۲۵)

میرزا محمد حسین طبطبی کے علاوہ شیخ الرئیس ایرانی اور میرزا فرصت شیرازی سے نئے علوم و السنہ میں الکتاب کا ذکر مولانا نے تفصیل سے کیا ہے۔ بے جا طوالت کی وجہ سے اس کی وضاحت ضروری نہیں۔ مولانا نے مرزا فرصت شیرازی سے دساتیر سبقاً سبقاً پڑھی تھی۔ اور قدیم ایرانی زبان اور علوم اور آداب در سوم اور مصطلحات کے بارے میں ایسے نکات معلوم کئے تھے۔ جو لغت و ادب کے لئے نہایت قیمتی ہوتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ فارسی زبان و لغت، شاعری اور تذکروں کی کتابوں پر مولانا نے بڑے مفید مباحث چھیڑے ہیں اور عظیم فن کاروں کی اغلاط اجاگر کی ہیں۔ ایک طرف تو وہ جدید فارسی کتب اور ایرانیوں سے فارسی زبان و ادب میں فیض حاصل کر رہے تھے۔ دوسری طرف دواوین تذکروں تاریخ اور تنقید کی کتابوں کا مطالعہ کر کے ان میں اغلاط اور فروگذاشتوں کی نشان دہی کرتے تھے۔

فارسی کی اٹھارہ کتابوں میں ایک مذہب اور چار کتابیں تاریخ کی ہیں۔ چند فارسی ادب و شاعری سے تعلق رکھتی ہیں۔ باقی تذکرے ہیں۔ تاریخ کی دو ایک کتابوں کو چھوڑ کر سب میں بڑے معنی خیز مباحث ملتے ہیں۔

جنھوں نے مولانا کی تصانیف کا مطالعہ کیا ہے وہ اس حقیقت سے بخوبی واقف ہوں گے کہ مولانا کی ابتدائی تحریروں میں بھی برجستہ اور برمحل موزوں اشعار کا استعمال ملتا ہے۔ لیکن ایک خاص بات جو غور طلب ہے وہ یہ ہے کہ یہ اشعار زیادہ تر فارسی کے ہیں۔ مولانا نے فارسی کے بے شمار دواوین اور تذکرے مطالعہ فرمائے۔ جو شعر پسند آیا۔ ہمیشہ ہمیشہ کے لئے اس کو ذہن میں محفوظ کر لیا۔ بعد ازاں حسب ضرورت اس کا بہ مقتضائے حال برجستہ استعمال کیا۔ یہ بیان کرنے سے

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مقصد یہ ہے کہ مولانا نے باقاعدہ تقریر و تحریر سے پہلے اکثر فارسی ادبیات کا مطالعہ کرلیا تھا۔ اور یہ زمانہ زیادہ سے زیادہ ۱۹۰۵ء تک کا ہوسکتا ہے۔

کتب فارسی میں سب سے پہلی کتاب دبستان مذاہب ۱۸۶۰ء کی چھپی ہوئی ہے۔ اور سب سے بعد کی کتاب "واقعاتِ عالمگیر" مطبوعہ ۱۹۰۲ء ہے، باقی کتابیں ۱۸۶۳ء اور ۱۹۱۳ء کے درمیانی عرصہ کی شائع شدہ ہیں۔ ان میں سے بیشتر انیسویں صدی کے اواخر سے پہلے کی ہیں۔

ان حقائق سے ہم اس نتیجہ پر پہنچتے ہیں کہ مولانا نے فارسی کی یہ کتابیں بھی زیادہ تر اسی دور میں پڑھی ہوں گی جب وہ مختلف علوم و فنون کی کتابوں کے مطالعہ میں غرق رہتے تھے۔ اور جیسا کہ سابقہ سطور میں متعدد جگہ اشارہ کیا جا چکا ہے۔ وہ دور ۱۹۰۰ء اور ۱۹۱۰ء یا اس کے کچھ بعد کا ہوسکتا ہے۔ ہمارا یہاں مقصد کثرتِ مطالعہ کے زمانہ سے ہے جس میں ان کتابوں میں سے اکثر پڑھی ہوں گی ورنہ مطالعہ تو مولانا نے ہمیشہ جاری رکھا اور ان حاشیوں کی کتابوں میں بھی بعض ایسی ہیں جو انھوں نے کافی بعد کے زمانہ میں مطالعہ فرمائیں۔

خلاصۂ کلام یہ کہ مولانا آزاد نے ان مختلف زبانوں پر بیشتر کتابوں کا مطالعہ اپنے زمانۂ درس و تدریس اور آغاز اجرائے الہلال دور اول سے پہلے کیا مولانا کے یہ تو اس دور کے حاشیوں میں ایک صاحب بصیرت اور ماہر علم و فضل کے ہیں لیکن جو کتابیں زیادہ بعد کے زمانہ میں مطالعہ فرمائیں ان پر مولانا کا طرز تنقید زیادہ متوازن اور بھاری بھرکم ہے۔ ابتدائی دور کی تحریروں میں مخالفانہ روش زیادہ تلخ و ترش ہے۔ انھیں اسباب کی بنا پر ان کی ابتدائی دور کی مطالعہ کی ہوئی کتابوں اور بعد کی پڑھی ہوئی کتابوں کے درمیان حد فاصل قائم کر کے ایک کو دوسرے سے ممیز کیا جاسکتا ہے۔ ورنہ کوئی صحیح اور قطعی تاریخی تعین بہت مشکل ہے۔

(۵)

حواشی کی افادیت

مولانا آزاد کے رنگا رنگ علم و فضل کی طرح ان حواشی کی افادیت بھی رنگا رنگ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور متنوع ہے۔ مولانا آزاد گوناگوں علوم و فنون اور بوقلموں اوصاف و کمالات کے حامل تھے۔ ایسے حامل جن کی ذات میں مختلف اور متضاد علوم اکٹھے ہو گئے تھے۔

چنانچہ ان کے جملہ محاسن اور خصائص ان حواشی میں پوری طرح جلوہ گر ہیں۔ بے پناہ علمی تبحر، غیر معمولی قوت حافظہ، مختلف زبانوں پر عبور کامل، مخصوص طرز نگارش، ادبی شان دلربائی، انانیت، طنز و مزاح، شخصیت کا حسن اور نفسیاتی جھلکیاں غرضکہ ایسے سارے لوازم جنھوں نے مولانا کو دنیائے اکابر رجال کی ممتاز صف تک پہنچایا اور جن کا مظاہرہ ان کے مطبوعہ کارناموں سے ہوتا ہے۔ ان حواشی میں بھی اپنی پوری آب و تاب سے نمایاں ہیں۔ مولانا کی مندرجہ بالا خصوصیات پر الگ الگ تفصیل سے بحث کی جائے تو نامناسب نہ ہوگا۔

۱۔ علمی تبحر

مولانا آزاد کے حیرت انگیز کمالات اور جملہ علوم و فنون پر ہمہ گیری کا اعتراف مخالفین تک نے کیا ہے۔ اچھوں اچھوں کو اعتراف ہے کہ وہ بیک وقت علم و حکمت کے سرتاج مذہب و شریعت کے ماہر، حقیقت و طریقت کے عارف، علم حدیث کے کامل، علم قرآن کے مشتاق عدیم المثال انشاء پرداز، مایۂ ناز سیاست داں، بلند پایہ مورخ عدیم النظیر فلسفی، محیر العقول مفکر ادیب بے نظیر، اور مدبر، غرضکہ جملہ علوم و فنون کے تاجدار تھے۔ ان کمالات کا ذکر خود مولانا نے ان الفاظ میں کیا ہے۔

"مذہب، علوم و فنون، ادب، انشاء، شاعری کوئی وادی ایسی نہیں جس کی بے شمار نئی راہیں مبدء فیاض نے مجھ نامراد کے دل و دماغ پر نہ کھول دی ہوں اور ہر آن و ہر لحظہ بخششوں سے مالا مال نہ ہوا ہو۔ بحمدہ ہر روز اپنے آپ کو عالم معانی کے ایک نئے مقام پر پاتا ہوں اور ہر مقام کی کرشمہ سنجیاں پچھلی منزلوں کی جلوہ طرازیاں ماند کر دیتی ہیں۔" (نقش آزاد۔ ص ۱۵۷)

مولانا کے علمی تبحر پر دوسری عظیم شخصیتوں نے جن خیالات کا اظہار کیا ہے۔ اُن سے متعلق چند اقتباسات مثالاً پیش کئے جاتے ہیں۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

علامہ نیاز فتح پوری فرماتے ہیں۔

"وہ اگر عربی شاعری کی طرف توجہ کرتے تو متنبی و بدیع الزماں ہوتے، اگر وہ محض دینی و مذہبی اصلاح اپنا شعار بنا لیتے تو اس عہد کے ابن تیمیہ ہوتے، اگر محض علوم حکمیہ کے لئے اپنے آپ کو وقف کر دیتے تو ابن رشد اور ابن طفیل سے کم درجہ کے متکلم و فیلسوف نہ ہوتے۔ اگر وہ فارسی شعر و ادب کی طرف متوجہ ہوتے تو عرفی و نظیری کی صف میں انھیں جگہ ملتی۔ اگر وہ تصوف و اصلاح اخلاق کی طرف مائل ہوتے تو غزالی اور رومی سے کم نہ ہوتے اور اگر وہ مسلک اعتزال اختیار کرتے تو دوسرے واصل بن عطا ہوتے۔" (ابوالکلام آزاد مرتبہ انور عارف ۶۸)

مولانا عبدالماجد دریابادی کے چند جملے ملاحظہ ہوں۔

"خدا معلوم کتنے علوم اور متعدد فنون کے خزانے دماغ میں جمع ہو گئے تھے۔ اور ہر وقت مستحضر۔ طب ہو کہ الٰہیات، فقہ ہو یا کلام، شعر و ادب ہو یا موسیقی، تاریخ ہو کہ سیاست جس فن سے متعلق جو بھی موضوع ہو بس گفتگو چھیڑنے کی دیر تھی۔ یہ معلوم ہوتا تھا کہ سامنے کوئی معمولی واقف کار ہی نہیں ماہر فن تقریر کر رہا ہے۔ اور تقریر بھی ایسی دلآویز و مربوط کہ فصاحت و بلاغت بلائیں لیتی جا رہی ہے۔"

(ابوالکلام آزاد مرتبہ انور عارف ص ۲۷، ۳۶/۲)

مولانا غلام رسول مہر نے ابوالکلام کو ایک نادر روزگار شخصیت قرار دیا لکھتے ہیں۔

"یقیناً مولانا ایک نادر روزگار شخصیت کے مالک تھے اور ایسے گوناگوں اوصاف و محاسن کسی ایک وجود میں بہت ہی کم جمع ہوتے ہیں۔ انھوں نے زندگی کے اتنے دائروں میں انتہائی بلند مقام حاصل کیا جن کا حصر مشکل ہے اور ان میں سے کسی ایک دائرے میں ویسی بلندی حاصل کر لینا بڑے سے بڑے انسان کے لیے بھی دائمی فخر کا سامان ہو سکتا ہے۔ علم و فضل، حقائق دین، فلسفہ و حکمت، شعر و ادب، تصنیف و تالیف، تقریر و خطابت، اخبار نویسی و صحیفہ نگاری، سیاست و ملک داری، غرض کہ کونسا دائرہ اور کونسا حلقہ ہے۔ جس میں ان کی یگانگی ابتدا ہی سے

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سب کے نزدیک ثابت و مسلم نہ تھی۔ اور آج تک اس کی تصدیق و توثیق نہ ہوتی رہی۔"

(ابوالکلام آزاد مرتبہ النور عارف ص ۸۵/۸۴)

ان عظیم شخصیتوں کے بیانات کے علاوہ دوسرے بے شمار اصحاب قلم کی نگارشات کے نمونے مولانا آزاد کے علمی تبحر کے اعتراف میں پیش کیے جا سکتے ہیں۔ لیکن ہم صرف ایک بہت بڑے غیر ملکی اسکالر کے خیالات پیش کرنے کے بعد اس موضوع کو ختم کرتے ہیں۔

تہران یونیورسٹی کے پروفیسر ڈاکٹر نفیسی نے مولانا سے اپنی ملاقات کا ذکر کرتے ہوئے لکھا ہے کہ

"موصوف فارسی زبان پر تو قدرت رکھتے ہی تھے لیکن وہ فارسی بے تکان بول بھی لیتے تھے۔ فارسی علماء و فضلا کا ذکر بہت کرتے۔ ایرانی ثقافت کی تاریخ سے بہت واقف تھے۔ میں نے ایسا جید عالم نہیں دیکھا۔"

(ابوالکلام۔ از عرش ملسیانی)

چنانچہ ان حواشی سے بھی مولانا کے حیرت انگیز علمی تبحر اور وسعت معلومات کا پتہ چلتا ہے۔ ان کتابوں کا تعلق جن پر انھوں نے حاشیے لکھے ہیں دین و مذہب، تاریخ و سیر، فلسفہ و حکمت، شعر و ادب، علم السنہ، آثار قدیمہ اور دیگر ان گنت موضوعات سے ہے۔ مولانا نے اُن کا مطالعہ فرماتے ہوئے موقع بہ موقع اپنے افکار عالیہ اور وسیع معلومات کا تبصروں اور تنقیدوں کی صورت میں اظہار کیا ہے مختلف علوم و فنون سے متعلق نہایت دقیق و مفید مباحث چھیڑے ہیں۔ مختصر یہ کہ ان حواشی میں مجموعی طور پر اتنے بے شمار مسائل و نکات آ گئے ہیں کہ ان کا مکمل طور پر بالترتیب احاطہ کرنا دشوار ہے لیکن مولانا کی عجائب روزگار شخصیت کی داد دیے بغیر نہیں رہا جا سکتا۔

(۲) غیر معمولی قوتِ حافظہ

جن حالات میں مولانا نے یہ حواشی لکھے یقین نہیں ہوتا کہ اپنے اقوال و بیانات کی مدلل تصدیق کے لئے انھوں نے بیک وقت اسی لمحہ دوسری کتابوں کا مطالعہ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بھی کیا ہو جو کچھ لکھا محض اپنے سابقہ مطالعہ پر مبنی قوت یادداشت کے بل پر لکھا بے پناہ مشکل اور پیچیدہ مسائل ان مختلف النوع کتابوں کے مباحث میں ملتے ہیں جن پر نہایت موضوع اور برجستہ تبصرے مولانا نے فرمائے ہیں۔ اور جس بے ساختگی سے مولانا نے اپنی معلومات کا خزانہ ذہن کے مختلف نہاں خانوں سے نکال کر بہ لحاظ موضوع صفحۂ قرطاس پر بکھیرا ہے وہ ان کی قوتِ حافظہ کا ایک حیرت انگیز کرشمہ ہے۔

مولانا کی اس غیر معمولی قوتِ حافظہ کی تعریف و توصیف میں اہلِ علم حضرات نے کثرت سے اظہار خیال کیا ہے۔

مولانا غلام رسول مہر فرماتے ہیں۔

"عربی، فارسی، انگریزی اور اردو میں علوم کا شاید ہی کوئی قابل توجہ مطبوع یا مخطوط و کمیاب ذخیرہ ہو جو ان کی نظر سے نہ گزر چکا تھا اور اس ذخیرہ کی ہر مستحق اعتناء شے اُن کے گنجینۂ حفظ و ضبط میں محفوظ نہ تھی۔ لوگوں نے مختلف کتابیں پڑھیں۔ اور اُن کے وہ مطالب ذہن میں بٹھائے جو انھیں پسند آئے۔ مولانا کے حافظہ میں نہ محض تمام مطالب ہی محفوظ تھے۔ بلکہ مشہور مصنفوں کے اسلوب پر بھی حد درجہ گہری نظر تھی۔ جب اس موضوع پر گفتگو کرتے تو ایسے حقائق بیان فرماتے جو اُس فن میں درجۂ اختصاص رکھنے والوں کی زبان سے بھی بہت کم سنے گئے۔"

(ابوالکلام آزاد۔ مرتبہ انور عارف ص ۸۵)

ڈاکٹر نفیسی کا بیان ہے۔

"میں نے نحوی اور ملاح کا قصہ انھیں تقریباً سنایا۔ نحوی نے ملاح سے پوچھا کہ علم نحو جانتے ہو۔ اس نے کہا کہ نہیں۔ نحوی نے کہا تم نے اپنی آدھی زندگی خراب کر دی۔ دریا میں طوفان آگیا۔ ملاح نے نحوی سے پوچھا کہ تیرنا جانتے ہو۔ اس نے کہا نہیں۔ ملاح نے کہا کہ تمہاری زندگی اب ختم ہو رہی ہے۔ مولانا یہ قصہ سنتے رہے اور فرمایا کہ ہاں یہ حکایت مثنوی مولانا روم میں ہے اور پوری حکایت نظم میں مجھے سنا دی۔ وہ بلا کا حافظہ رکھتے تھے اور ان کا مطالعہ بہت وسیع تھا۔" (ابوالکلام آزاد۔ از عرش ملسیانی)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

خود مولانا آزاد نے اپنی قوت حافظہ کے سلسلہ میں جو اظہار خیال کیا ہے اس سے متعلق ایک دلچسپ بیان درج کیا جاتا ہے۔ مولانا آزاد اور عبدالرزاق ملیح آبادی کے درمیان ایک گفتگو اس طرح ہوئی۔

"فرمایا۔ مولوی صاحب جو کچھ سامنے آجائے پوری توجہ سے پڑھا کرو۔ کام کی چیزیں ذہن میں ٹانک لیا کرو۔ اور لغویات کو تھوک دیا کرو۔"

عرض کیا، کہنے میں تو یہ آسان ہے مگر عملاً کیوں کر ہو؟

فرمایا۔ نپولین بوناپارٹ کی سوانح تو آپ پڑھ چکے ہوں گے۔ نپولین بیک وقت سپہ سالار بھی تھا۔ مورخ بھی، ادیب بھی، قانون داں بھی، نپولین کوڈ، آج بھی فرانس میں جاری ہے۔ نپولین نے اپنا یہ قانون زیادہ تر فقہ مالکی سے اخذ کیا تھا۔ جب وہ مصر میں تھا تو اس نے فقہ مالکی کا گہری نظر سے مطالعہ کیا تھا۔ اور جب فرانس کا شہنشاہ بنا تو قانون سازی میں اس نے اپنے مطالعۂ فقہ سے پورا پورا فائدہ اٹھایا۔

پھر ذرا رک کر کہنے لگے، اور آپ نے نپولین کی سوانح میں یہ بھی دیکھا ہوگا۔ کہ اُس کے علم میں فوج کی چھوٹی سے چھوٹی چیز بھی موجود رہتی تھی۔ گھوڑوں کے کتنے زین قابل مرمت ہیں۔ یا کتنی لگامیں ٹوٹ گئی ہیں؟ کتنے گھوڑوں کی نعل بندی آج ہی ہونا چاہیئے؟ غرضکہ کوئی بات اس کے حافظے سے باہر نہ تھی۔ اور یہ حافظہ ہی اس کی کامیابیوں کا بڑا سبب تھا۔

عرض کیا۔ لیکن مولانا، نپولین کو یہ سب یاد کیسے رہتا تھا؟ کہنے لگے یہی سوال خود نپولین سے کیا گیا تھا اور اس نے جواب دیا تھا۔ کہ یہ تو کچھ بھی مشکل نہیں۔ اگر تم اپنے دماغ کو کباڑ خانہ بناؤ گے جس میں کوئی ترتیب نہیں ہوتی تو تمہیں کچھ یاد نہ رہے گا لیکن اگر اپنے دماغ کو اسٹور بنالو جس میں ہر چیز نظم و قاعدے سے رکھی جاتی ہے تو سب کچھ یاد رکھ سکو گے۔ چنانچہ میں نے بھی اپنے دماغ میں خانے بنا رکھے ہیں۔ سینکڑوں ہزاروں خانے۔ یہ خانہ قانون کا ہے۔ یہ بین الاقوامی سیاست کا یہ علم تاریخ کا یہ ریاضی کا۔ یہ فوج کا، میں اپنی معلومات سلیقہ مند، ماہر اسٹور کیپر کی طرح نظم و ترتیب

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کے ساتھ الگ الگ خانوں میں جمع کرتا ہوں اور جس وقت جس معلومات کی ضرورت پڑتی ہے۔ اس کا خانہ کھول لیتا ہوں۔ اور باقی خانے بند رکھتا ہوں۔ ہر آدمی ایسا ہی کرسکتا ہے

عرض کیا۔ اب معلوم ہوا کہ آپ کے حیرت انگیز حافظے کی تربیت کیونکر ہوئی ہے

ہنسے۔ طنز یہ ہنسی۔ پھر فرمایا میرا معاملہ کچھ اور ہی رہا ہے۔ بچپن سے ذہن از خود اسی سانچہ میں ڈھل گیا تھا۔ مگر مجھے محسوس نہ تھا۔ یہاں تک کہ نپولین کی سوانح پڑھی اور تعجب ہوا کہ خود میرا معاملہ بھی یہی ہے۔ لیکن مجھ میں اور نپولین میں بڑا فرق ہے نپولین ٹھیک اسی زمانہ میں پیدا ہوا جب اس کی ضرورت تھی۔ یہ زمانہ والٹیر، روسو، اور انسائیکلو پیڈیا والوں کا زمانہ تھا۔ خونریز و خونخوار انقلاب فرانس دم توڑ چکا تھا۔ مگر اپنے پیچھے حریت، مساوات، اخوت کے نعروں کے ساتھ طاقتور رشیلزم چھوڑ گیا تھا نپولین اسی ماحول کی پیداوار تھا۔ یہ ماحول نہ ہوتا تو نپولین بھی کچھ نہ ہوتا۔ آپ نے اس شخص کی سوانح میں پڑھا ہوگا۔ کہ جب روسو کی قبر پر پہنچا تو ادب سے ٹوپی اُتار لی اور جنرلوں سے کہنے لگا "بوربون نے اگر روسو اور والٹیر کا منہ بند کر دیا ہوتا تو آج میرا کہیں وجود نہ ہوتا"۔ مطلب یہ تھا کہ والٹیر اور روسو اپنے خیالات نہ پھیلا سکتے تو فاسد و مفسد بوربون بادشاہی برقرار رہتی، نہ انقلاب فرانس برپا ہوتا نہ نپولین کا ستارۂ اقبال آسماں پر چمکتا۔

مگر مولوی صاحب۔ میں غلام ملک میں پیدا ہوا ہوں۔ یہ ملک غلامی کے ساتھ انتہائی ندامت پرستی، تقلید و جمود کی لعنتوں میں بھی گرفتار ہے۔

میری راہ صاف نہیں ہے۔ نپولین کی طرح دماغ کا ایک خانہ نہیں۔ بیک وقت بہت سے خانے مجھے کھولنا پڑتے ہیں۔ مگر نتیجہ؟ سمجھنے والا کوئی ذہن نہیں میں مظلوم ہوں تاریخ انسانی کا شاید سب سے زیادہ مظلوم وجود"۔

(ذکر آزاد از عبدالرزاق ملیح آبادی ص ۱۱۸-۱۱۵)

نپولین کی طرح مولانا آزاد کے دماغ میں بھی بے شمار علوم و فنون کے ان گنت سانچے اور خانے تھے۔ جن میں ان علوم کے خزانے سلیقے اور قرینے سے مرتب و منظم تھے۔ اس لئے

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جب گوناگوں اور مختلف النوع مضامین کی کتابیں انھوں نے مطالعہ فرمائیں تو ان سے متعلق جو نکات ذہن کے خانوں میں محفوظ تھے۔ ان کو حسبِ ضرورت کتابوں کے حاشیوں پر بکھیر دیا۔

(۳) مختلف زبانوں پر عبور

ان حواشی کی زیرِ بحث کتب جو مولانا نے مطالعہ فرمائیں اور جن کا تعلق گوناگوں موضوعات کے ساتھ ساتھ مختلف زبانوں سے ہے مولانا کی زبردست زبان دانی کا ثبوت پیش کرتی ہیں۔ مولانا اپنے بے پناہ علم و فضل اور بوقلمو کمالات کے اعتبار سے ایک مافوق الفطرت انسان تو تھے ہی مختلف السنہ و ادب سے بھی ان کی واقفیت مجتہدانہ تھی۔ ان کی اردو، فارسی اور عربی زبانوں سے واقفیت پر اصحاب نقد و تحقیق نے اُن کے کارناموں کا تفصیلی جائزہ لیا ہے اور ان کی زبان دانی پر جامعیت کے ساتھ روشنی ڈالی ہے۔ مولانا غلام رسول مہر مولانا کی عربی و فارسی کی واقفیت کے سلسلہ میں لکھتے ہیں۔

"عربی تو بہرحال اُن کی مادری زبان تھی۔ اور حیاتِ مستعار کے ابتدائی دس سال انھوں نے مکہ معظمہ میں گذارے تھے۔ لہٰذا اُسے اہلِ زبان کی طرح بولنے پر تعجب نہ ہونا چاہیئے۔ عجیب بات یہ ہے کہ وہ فارسی بھی تازہ وارد ایرانیوں کے انداز میں بولتے تھے۔

مشہور ایرانی شاعر قاآنی کے متعلق بیان کیا جاتا ہے کہ وہ فرانسیسی زبان فرانسیسیوں کی طرح بولتا تھا۔ یہاں تک کہ اُسے پردہ میں بٹھا دیا جاتا تو کوئی پہچان نہ سکتا تھا کہ فرانسیسی نہیں ایرانی بول رہا ہے۔ میں نے ایک مرتبہ مولانا کو ایک ترکی مہمان سے فارسی میں باتیں کرتے سنا تو حیران رہ گیا۔ گفتگو میں اہلِ زبان کی سی روانی کے علاوہ تلفظ کی لطافت اور لب و لہجہ کی ملائمت کا وہی رنگ تھا جو خوش ذوق ایرانیوں کا خاصہ ہے۔"

(ابوالکلام آزاد مرتبہ انور عارف ص ۵۸)

شورش کاشمیری لکھتے ہیں:

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

"شاہنواز نے کہا ایکی دفعہ تین دن پہلے ظاہر شاہ والی افغانستان کے اعزاز میں دی گئی دعوت میں بے حد شگفتہ تھے۔ ظاہر شاہ کے ساتھ کھانے کی میز پر بیٹھے تو اس روانی کے ساتھ گھل مل کر فارسی بول رہے تھے کہ شاہ کے چہرہ پر ان کی عظمت کے تاثر کا عکس صاف نظر آرہا تھا۔ مولانا نے میز پر لگے ہوئے کھانوں کی تاریخ اور مسالوں کی عہد بہ عہد تبدیلیوں کا ذکر چھیڑ رکھا تھا۔ بالخصوص کوفتوں کی تاریخ بڑے شرح وبسط سے بیان کی۔ شاہ کو فارسی کے اتنے شعر سنائے کہ وہ جھوم جھوم گئے جو مہمان گرد و پیش بیٹھے تھے وہ کھانے کے بجائے انہی میں کھو گئے۔"

(ابوالکلام آزاد مرتبہ انور عارف ص ۲۵۹)

عربی اور اردو کی مہارت کے سلسلہ میں نیاز فتح پوری کا مندرجہ ذیل بیان قابلِ ذکر ہے۔

"علامہ رشید رضا ایڈیٹر المنار ایک عظیم الشان اجتماع میں جو بڑے بڑے علماء پر مشتمل تھا تقریر کرنے جارہے ہیں۔ اور ضرورت ہے ایک ایسے شخص کی جو عربی و اردو دونوں کا ماہر ہو اور ان کی عربی تقریر برمحل ترجمہ کرتا جائے۔ مولانا شبلی کے منصب سے یہ بات فروتر تھی کہ وہ خود اس خدمت کو انجام دیں۔ اس لئے وہ اس باب میں بہت متفکر تھے۔ آخر جز قیس کوئی اور نہ آیا بروئے کار مولانا ابوالکلام بے تکلف سامنے آجاتے ہیں اور اس خدمت کو اتنی خوبی و دلکشی سے انجام دیتے ہیں کہ معلوم ہوتا ہے وہ ترجمہ نہیں بلکہ خود تقریر کررہے ہیں۔" (ابوالکلام آزاد مرتبہ انور عارف ص ۷/۸)

اس واقعہ کے سلسلہ میں سید سلیمان ندوی کی رائے ملاحظہ ہو۔

"اس اجلاس (ندوہ) میں مولانا ابوالکلام کی قادر الکلامی کے خوب خوب مناظر سامنے آئے وہ سید رشید رضا کی عربی تحریر کا خلاصہ اردو میں سنانے کھڑے ہوئے تو بجائے خود اپنی سحر بیانی سے دلوں میں تلاطم برپا کر دیتے تھے۔" (حیات شبلی)

اردو کے متعلق میرا زیادہ لکھنا تضیع اوقات کے مترادف ہوگا۔ چوٹی کے اہل زبان نے مولانا آزاد کا لوہا مان لیا ہے حالانکہ وہ خود اپنے بارہ میں رقم طراز ہیں۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

"لیکن خود میری مادری زبان اردو نہیں عربی ہے۔ اردو تو مجھے سیکھنی پڑی ہے۔ اور مادری اور سیکھی ہوئی زبان میں بڑا فرق ہوتا ہے۔" (ذکر آزاد۔ ص ۱۱۵)

باوجود مولانا کے اس اعتراف کے تسلیم کرنا پڑتا ہے کہ وہ اردو زبان کے یگانۂ روزگار انشاء پرداز تھے۔ یہی وجہ ہے کہ عبدالماجد دریابادی جیسا اردو کا جید ماہر طنز یہ ہی سہی لیکن لکھنے پر مجبور ہوا۔

"رنگین سرورق پر ایڈیٹر کا نام یوں درج ہے۔" احمد المکنی بابی الکلام الدہلوی" یہ المکنی کے صحیح تلفظ اور معنی کے لئے صراح و قاموس کی ورق گردانی کرنی پڑی۔ اور "ایڈیٹر" کہاں! اس کی جگہ "مدیر مسئول" محرر خصوصی اور رئیس قلم تحریر"، جریدہ کی جگہ "مجلہ" ولایتی ڈاک کی جگہ "برید فرنگ" حیرت انگیز کی جگہ "محیر العقول" کی قسم کے خدا جانے کتنے نئے اور بھاری بھرکم لغات اور نئی ترکیبیں، نئی تشبیہیں، نئے استعارے اور نئے اسلوب بیان ہر ہفتہ اس ادبی و علمی ٹکسال سے ڈھل ڈھل کر باہر آنے لگے اور جاذبیت کا یہ عالم تھا کہ نکلتے ہی سکۂ رائج الوقت بن گئے۔ حالی و شبلی کی سلاست و سادگی سر پیٹتی رہی۔ اور اکبر الہ آبادی اور عبدالحق موجودہ بابائے اردو سب ہائیں ہائیں کرتے رہ گئے۔"

(ابوالکلام آزاد مرتبہ انور عارف ۳۳۲)

مولانا کو اردو، فارسی اور عربی کے علاوہ انگریزی اور فرانسیسی زبانوں پر بھی عبور کامل تھا۔ یہ بے موقع نہ ہوگا کہ ہم مولانا کی انگریزی اور فرانسیسی دانی کے سلسلہ میں بھی چند شہادتیں پیش کر دیں جن سے بخوبی پتہ چل جائے گا کہ مولانا کے ان زبانوں کی کتابوں کے مطالعہ اور ان میں مولانا کے درک و بصیرت کا کیا عالم تھا۔

شورش کشمیری لکھتے ہیں:

"پچھلے پینتیس برس سے ان کا یہ عالم تھا کہ فلسفہ، تاریخ، سیاسیات اور سائنس پر کوئی انگریزی کتاب ایسی نہ تھی جو ثقہ ہو اور ان کی نظر سے نہ گذری ہو۔ وہ کتابوں کے پوسٹ کو نہیں دیکھتے بلکہ ان کے مغز کو چاٹ جاتے تھے۔ پنڈت جواہر لعل نہرو نے وزارتی مشن کے زمانہ میں کہا تھا۔ کہ وہ اس ملک کے بڑے سے بڑے انگریزی داں سے زیادہ انگریزی کے مزاج

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کو سمجھتے ہیں۔ اور پڑھنے میں تو منزلوں آگے تھے۔ اچاریہ کرپلانی نے جلسۂ عام میں بتایا کہ ان کے پاس مختلف مضامین میں انگریزی کتابیں دیکھ کر ان کی جستجو اور وسعت پر تحیر ہوتا تھا اپنے قلم سے انگریزی نہیں لکھتے تھے۔ نہ بولنے میں ملکہ تھا۔ لیکن کرپلانی ہی کے الفاظ میں کانگریس کی کوئی قرارداد ایسی نہ تھی جو اُن کے قلم کی زد سے محفوظ رہی ہو۔ وہ الفاظ کے صحیح چناؤ میں بدطولیٰ رکھتے تھے۔ یہی حال سرکاری مسودات میں رہا کہ فلاں لفظ برمحل نہیں اس کی جگہ فلاں لفظ مطلب کو واضح اور متعین کرتا ہے۔"

(چٹان ۱۰ مارچ ۱۹۵۸ء)

میرزا محمد عسکری رقم طراز ہیں۔

"ایک مرتبہ جب شیعہ سنی کا جھگڑا چکانے آپ لکھنؤ آئے اور حافظ محمد ابراہیم صاحب کے یہاں ٹھہرے تھے۔ میں ملنے گیا دیکھا کہ "ہاکین" کی لائف آف کرائسٹ" نہایت خوبصورت مجلد آپ کی میز پر رکھی ہے۔ میں نے مزاحاً پوچھا کہ کیا حضرت عیسیٰؑ سے بھی آپ انفصال میں مدد لیں گے۔ ہنسے اور کہا کہ نہیں یہ کتاب اتفاق سے آگئی۔ اس پر ایک ندوی صاحب نے جو موجود تھے۔ استعجاباً پوچھا کہ آپ انگریزی بھی جانتے ہیں۔ فرمایا۔ جی ہاں کچھ شدبد پڑھ لیتا ہوں۔ میں اس کو دیر سے پڑھ رہا تھا۔ میں نے مزاحاً پوچھا کہ بتائیے "میری میگیڈ یلین" کون تھی۔ اس کا کچھ حال سنائیے۔ سچ عرض کرتا ہوں کرنا بردہ کے متعلق جو واقعات بیان کئے وہ میں نے کبھی سنے بھی نہ تھے۔

میں نے کہا یہ تو اس کتاب میں نہیں ہیں۔ فرمایا جی ہاں یہ فرنچ اسکالر دینال اور فلاں فلاں نے اپنی کتابوں میں لکھے ہیں کچھ یاد رہ گئے۔"

(روحِ آزاد از محمد یونس خالدی ص ۶۳)

مولانا محمد اسمٰعیل ذبیح فرماتے ہیں۔

"مولانا اگرچہ انگریزی تحریر و تقریر سے دلچسپی نہیں لیتے تھے۔ مگر ان کو انگریزی ادب کے قدیم و جدید لٹریچر پر پورا عبور حاصل تھا۔ اور شاید کم لوگوں کو یہ بات معلوم ہوگی کہ مولانا فرانسیسی زبان پر بھی اسی حد تک عبور رکھتے تھے۔ کہ نہ صرف جدید فرنچ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ادبیات بلکہ کلاسیکل ادب پر بھی مولانا کی ماہرانہ نگاہ تھی۔ جیل کے ساتھیوں میں کئی ایسے انگریزی اور فرانسیسی کے فاضل اشخاص بھی تھے۔ جن سے مولانا ادبیات عالیہ پر اکثر طویل تنقیدی گفتگو کرتے تھے۔ ان حضرات نے اس بات پر حیرت کا اظہار کیا کہ کس طرح مولانا نے فرانسیسی اور انگریزی زبانوں پر اتنا عبور حاصل کر لیا ہے۔ وہ فرنچ شعراء پر گھنٹوں اس طرح گفتگو کرتے تھے جس طرح کسی انگریزی یا عربی فارسی کے شاعر پر۔" (چٹان ۱۸ اپریل ۱۹۵۸ء)

بس ایک واقعہ اور نقل کر کے اس بحث کو ختم کرتا ہوں۔ مولانا اسد اللہ غاں صاحب نے میرٹھ جیل کی ایک سرگذشت اس طرح بیان کی ہے۔

"مسٹر کشن چند ایم۔ اے جو فلاسفر کے نام سے موسوم تھے۔ (انھوں) نے میرٹھ کالج کی لائبریری سے فلسفہ کی ایک مشہور کتاب منگوائی جو میرٹھ کالج میں ولایت سے منگوائی گئی تھی اور وہ تصنیف تھی جس کی ہندوستان میں اس وقت صرف چند جلدیں آئی تھیں۔ مسٹر کشن نے اس کتاب کا مطالعہ کیا لیکن اس کتاب کو وہ باوجود اپنی عظیم لیاقت اور ہمہ دانی کے کچھ بھی نہ سمجھ سکے۔ انھوں نے اس کتاب کے متعلق اپنے چند نوجوان ساتھیوں سے ذکر کیا۔ اور آخر کار یہ طے کیا کہ چلو آج مولانا سے اس کتاب کے متعلق گفتگو رہے گی۔" ان کا خیال تھا کہ مولانا اس کتاب کا ایک لفظ بھی نہ سمجھ سکیں گے اور پھر ہمیں تفریح لینے کا موقع ملے گا۔

چنانچہ مسٹر کشن نے مولانا کو جا کر کتاب دی اور کہا کہ مولانا جی اس کتاب کو بتائیے کہ کیا ہے اور اس میں کیا لکھا ہے ہماری سمجھ میں کچھ نہیں آیا۔ مولانا نے اس کتاب کو دیکھا اور رکھ لیا۔ فرمایا کہ میرے بھائی اسے میرے پاس چھوڑ دو میں اسے کل کسی وقت دیکھ کر بتا دوں گا کہ اس میں کیا لکھا ہے۔ چنانچہ اگلے دن یہ لوگ مولانا کے پاس پہنچے۔ اور کتاب کے متعلق سوال کیا۔ مولانا نے اس کتاب کا صفحہ اول سمجھایا اور اس کے بعد اس پوری کتاب کی حقیقت بتا دی اور اس پر اپنی رائے کا بھی اظہار فرمایا کہ مصنف نے اس کتاب میں فلاں فلاں جگہ ٹھوکر کھائی ہے اور وہ فلاں فلاں جگہ خود نہیں سمجھا

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وہ یہ سمجھا ہے اور اصل یہ ہے۔

حضرت مولانا کی اس وضاحت کے بعد مسٹر کشن چند نے اس کتاب کو پڑھنا شروع کیا تو اب پوری کتاب سمجھ میں آگئی۔ اس وقت ان لوگوں کو حضرت مولانا کی غیر محدود قابلیت اور اعلیٰ ترین ذہانت پر بے حد حیرت ہوئی۔" (الجمعیۃ آزاد نمبر ص ۱۱۰)

یہ بیانات اس حقیقت کے ثبوت میں پیش کئے گئے ہیں کہ مولانا آزاد کو متذکرہ بالا چار پانچ زبانوں پر کامل عبور تھا۔ زبان سیکھ لینا اور اس میں کچھ پڑھنے لکھنے کی صلاحیت حاصل کر لینا الگ بات ہے لیکن کسی زبان میں لکھے ہوئے مشکل، ادق، اور پیچیدہ مضامین و مسائل کو سمجھنا اور ان پر سیر حاصل بحث و تبصرہ کر کے بات میں بات پیدا کرنا بالکل دوسری بات ہے۔ دوسری حقیقت کمال اور اجتہاد کی ہوتی ہے۔ مولانا آزاد کو ان زبانوں اور ان میں لکھے ہوئے مختلف اقسام کے علم و ادب پر مجتہدانہ ملکہ حاصل تھا۔ چنانچہ ان کتابوں پر موجود حاشیوں سے بھی مولانا کی اس عظیم خصوصیت کا پتہ چلتا ہے۔ یہ مختلف زبانوں کی کتابیں دنیا بھر کے نو بہ نو موضوعات پر مشتمل ہیں۔ اور بیشتر مسائل سے تعلق رکھتی ہیں جن کی گتھیاں ہر فن سے متعلق خصوصی درجۂ تحقق رکھنے والا انسان ہی سلجھا سکتا ہے۔ مگر مولانا نے اپنی اعلیٰ ترین ذہانت اور طباعی کے بل بوتے پر ایک بلند پایہ زبان شناس کی کسوٹی سے مساوی طور پر جملہ علوم و فنون کے مسائل کو سمجھا اور پرکھ کر نہایت جامع و مانع الفاظ میں ان پر اظہار خیال کیا ہے۔

مخصوص طرز نگارش

اگرچہ مولانا کو اردو، انگریزی، عربی اور فارسی چاروں زبانوں پر قریب قریب یکساں درجۂ کمیتائی حاصل تھا تاہم انھوں نے اتنی وافر مقدار میں حاشیے محض اردو اور فارسی میں تحریر فرمائے ہیں۔ جن سے ان کے طرز نگارش کا اندازہ کیا جا سکتا ہے۔ انگریزی تو مولانا لکھتے ہی نہ تھے البتہ عربی ضرور لکھنے ہونگے لیکن عربی میں ان کی کوئی مطبوعہ تحریر میری نظر سے نہیں گذری۔ الجامعہ ایک عربی رسالہ جو انھوں نے کسی زمانہ میں جاری کیا تھا ممکن ہے اس کے لئے عربی میں کچھ لکھتے رہے ہوں۔ اس سے اُن کے

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عربی اسلوب بیان کا اندازہ کیا جاسکتا ہے۔ مگر چونکہ ان حواشی میں مولانا کی عربی عبارتیں قابل ذکر مقدار میں نہیں ہیں۔ اس لئے اُن کے عربی اسلوبِ تحریر پر اظہار خیال کرنے کی ضرورت نہیں اس کے علاوہ راقم کو عربی سے اتنی واقفیت بھی نہیں۔

جہاں تک فارسی زبان کا تعلق ہے اس میں بھی غالباً مولانا کی کوئی مطبوعہ تحریر موجود نہیں ہے۔ خود ان کے بیان سے انکشاف ہوتا ہے کہ دورِ طالب علمی میں مولانا محمد حسین آزاد کی آب حیات کے کچھ اجزا کا فارسی میں ترجمہ کیا تھا مگر وہ ایک طالب علمانہ کوشش تھی اور اب اس کا کہیں پتہ نہیں چلتا۔ پتہ چل بھی جائے تو اس سے مولانا کے طرزِ نگارش کو سمجھنے میں کوئی خاص مدد نہیں مل سکتی۔ البتہ ان حواشی میں مولانا آزاد کی نوشتہ فارسی عبارتیں اتنی طویل اور معتدبہ مقدار میں مل جاتی ہیں کہ ان کے پیشِ نظر مولانا کے فارسی اسلوبِ بیان پر بحث کی جاسکتی ہے۔

جیسا کہ میں نے پہلے کہیں ذکر کیا ہے کہ فارسی میں بیشتر ایسی کتابیں جن پر مولانا نے کچھ تحریر فرمایا ہے فارسی ادبیات، تذکروں اور تاریخ کے موضوعات پر مشتمل ہیں۔ ناقدین کا خیال ہے کہ مولانا کی اردو تحریروں میں ایک خاص اُپج، انفرادیت اور پختگی ہے۔ وہ مختلف موضوعات کے لئے مختلف طرز اختیار کرتے ہیں اور ہر اسلوب میں ایک صاحبِ طرز انشاء پرداز کی خصوصیت ملتی ہے۔ مولانا کے ذوقِ سلیم نے مختلف علوم و فنون کے لحاظ سے ان کے تقاضوں کے مطابق اسلوبِ نگارش تخلیق کئے جو کہ ایک دوسرے سے مختلف ہوتے ہوئے بھی متعلقہ مضمون کے لئے دلنشیں اور اثر آفریں ثابت ہوئے ہیں۔ فارسی میں بھی مولانا نے یہی وطیرہ اختیار کیا ہے۔ شاعری کی کتابوں اور تذکروں پر ان کی جو تحریریں ملتی ہیں وہ ایک صاحبِ طرز فارسی ادیب کا انداز پیش کرتی ہیں۔

معلوم ہوتا ہے کہ دورِ متوسط کا کوئی تذکرہ نگار جوہرِ قلم دکھلا رہا ہے۔ ان تحریروں میں غرابت، ژولیدگی اور عربی کے مشکل الفاظ کی کثرت قطعی نہیں ہے۔ عبارت سادہ، رواں دواں، مدلل و موثر ہے۔ چونکہ بہت زیادہ طویل مسلسل تحریریں نہیں ہیں۔ اس لئے

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

زبان و بیان کی جملہ خصوصیات پر بحث کرنا ممکن نہیں۔ تاریخ کی کتابوں پر جو حاشیے مولانا نے لکھے ہیں۔ ان سے ایسا معلوم ہوتا ہے گویا عہد مغلیہ کا کوئی بلند پایہ مورخ قلم کی جولانیاں دکھا رہا ہے۔ نظام الدین اور عبد القادر بدایونی کی نگارشات اور مولانا کی تحریروں میں امتیاز کرنا مشکل ہے۔ البتہ وصاف، ابوالفضل اور عبدالرحیم خان خاناں جیسی بلند پروازی، تصنع اور لفاظی مولانا کی ان تحریروں میں نہیں ہے۔

مولانا کے اردو طرز نگارش کی بحث میں پڑنا اس لئے عبث ہے کہ بڑے بڑے جید فن کاروں نے نہایت جامعیت اور ہمہ گیر انداز میں مولانا کے معنی خیز اور سحر آفریں طرز نگارش پر خیالات ظاہر کئے ہیں۔ جو مختلف کتب اور مضامین میں بکھرے پڑے ہیں۔ ان حواشی کے ضمن میں بس اتنا ہی لکھ دینا کافی ہے کہ یہاں بھی ہر فن کے اقتضا کے مطابق ایک خاص اسلوب ملتا ہے جس نے متعلقہ موضوع اور فن کے جملہ لوازم کو صحیح ڈھنگ سے پیش کرنے کا ایک ممتاز انداز اختیار کیا ہے۔ مخصوص طرز نگارش کے ساتھ ساتھ متعلقہ علوم و فنون کی اصطلاحات و تراکیب استعمال کی ہیں، تاکہ ہر فن اپنے مخصوص اور نمایاں رنگ میں ابھر سکے اور اس کے مطالب کو سمجھنے میں طرز ادا کی مغائرت حائل نہ ہو۔

مجموعی طور پر میرا خیال ہے کہ مولانا کے حواشی کی عبارتوں کا رنگ "ترجمان القرآن" "آزاد" کی کہانی خود آزاد کی زبانی" اور ان خطوط سے مماثل ہے جو مولانا نے اپنے بے تکلف دوستوں کو لکھے خصوصاً وہ خطوط جو الہلال (دور ثانی) کے زمانہ میں مولانا عبدالرزاق ملیح آبادی اور دوسرے اشخاص کو لکھے۔ ان خطوط میں شاذ ہی کوئی لفظ مشکل اور ادق ملے گا۔ عبارت صاف، شستہ اور روزمرہ کی ہے معمولی پڑھا لکھا بھی مولانا کی ان عبارتوں کو سمجھ سکتا ہے البتہ غبار خاطر، کاردانِ خیال اور بعض علمی خطوط کو ان سے مستثنیٰ کہا جا سکتا ہے۔

ان حاشیوں کی عبارتوں میں بھی ادق الفاظ اور ثقیل مصطلحات و تراکیب زیادہ نہیں ہیں۔ ترجمان کی سی سادگی، روانی اور سلاست زیادہ ہے چونکہ بیشتر اختلافی مباحث ہیں اس لئے زبان واضح، مدلل، صاف، رواں اور موثر ہے۔ الجھاؤ قطعی

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نہیں ہے۔ لب ولہجہ کی عظمت، علم وادب کی شان پوری طرح جلوہ گر ہے۔ دلنشینی اور اثر آفرینی اپنی جگہ قائم ہے۔ کہیں کہیں خطابت کے جلال وجمال کے حسین مظاہرے بھی ملتے ہیں لیکن چونکہ یہ تقریریں نہیں ہیں اس لئے وہ زور اور وجد بہ نہیں ہے۔ تاہم استدلال کی زنجیریں قارئین کے دل ودماغ کو اپنے اندر جکڑ لینے کے لئے کافی ہیں۔

(۵) انانیت

ان حواشی میں سب سے زیادہ اگر کوئی خصوصیت نمایاں ہے تو وہ مولانا آزاد کی انانیت ہے۔ اس وصف پر ادبیاتِ عالم میں بہت کچھ لکھا جا چکا ہے۔ مجھے اس میں اضافہ کرنا مقصود نہیں تاہم مختصراً اتنا اشارہ کرنا ضروری ہے کہ جب کوئی شخص طرزِ فکر کی عام ڈگر سے بچ کر نکلے۔ اپنی راہ الگ اختیار کرے فکر ونظر کے بنے بنائے اور زبان وبیان کے ڈھلے ڈھلائے سانچوں کو کچھ زیادہ پسند نہ کرے اور کچھ نو بہ نو سانچوں کی تشکیل کا دعویٰ کرے۔ اور ایک تجرباتی عمل سے گزر کر کوئی منزلِ مقصود قائم کر دے جس پر پختگی کی مہر ثبت کرنے کے لئے اہلِ کمال مجبور ہو جائیں تو یہی اس شخص کی انانیت ہے جس سے اس کی فطری انفرادیت جھانکتی نظر آتی ہے اور اس کو مجموعی طور پر فکر اور طرزِ نگارش کے ساتھ اجتہاد سے تعبیر کر سکتے ہیں۔ مولانا آزاد کی اس خصوصیت کو مختلف اہلِ قلم حضرات نے مختلف اصطلاحوں سے نوازا ہے مولانا غلام رسول مہر نے اس کو داعیانہ[1] اسلوب تحریر قرار دیا ہے۔ ڈاکٹر عابد حسین مرحوم نے اس کو زعیمانہ انداز بیان سے تعبیر کیا۔ دوسرے اہلِ کمال نے بھی مولانا کی انانیت پر موثر انداز میں زور قلم دکھایا ہے۔ جس سے یہی مترشح ہوتا ہے کہ علم وفضل اور ذہانت اور ذکاوت کے ساتھ مولانا نے جس راہ میں بھی قدم رکھا اس میں نئے نئے گل کھلائے اور سب سے الگ تھلگ راہ اختیار کی۔ خود مولانا نے بھی ایسے دعاوی کئے

---

[1] برکات آزاد

[2] ابوالکلام آزاد: احوال وآثار مرتبہ مسعود الحسن عثمانی

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہیں۔ چنانچہ لکھتے ہیں۔

"مذہب میں ادب میں۔ سیاست میں۔ فکر و نظر کی عام راہوں میں جس طرف بھی نکلنا پڑا کسی راہ میں وقت کے قافلوں کا ساتھ نہ دے سکا" (غبارِ خاطر)

انانیت اور انفرادیت جب ہی ابھرتی ہے کہ کوئی شخص مخالفت مول لے۔ دوسروں پر تیز و تند نکتہ چینی کرے۔ تنقید و تنقیح کے تیغ و خنجر سے دلیرانہ وار کرنے سے نہ گھبرائے۔ لیکن وار اوچھے نہ ہوں۔ بھرپور ہوں۔ تاکہ دیکھنے والے قائل ہو جائیں اور دلائل و براہین کی چوٹوں سے ایسے سہم جائیں کہ زبان گنگ ہو جائے۔ مولانا اپنی اسی خصوصیت پر مصر ہیں۔ فرماتے ہیں۔

"دنیا جانتی ہے کہ میں مداح نہیں ہوں بلکہ معترض ہوں۔ الحمدللہ کہ میرے اعتراف و اقرار کی گردن میرے خدائے قدوس نے بہت ہی متکبر بنائی ہے اور مجھے انسانوں کے آگے جھکنے کا سبق نہیں ملا ہے۔ میں سچ سچ کہتا ہوں کہ میرے لئے انسانوں کی تعریف سے بڑھ کر کوئی بھی مکروہ و غیر مطبوع کام نہیں ہوتا۔ اگر میں ایسا کرنا چاہتا ہوں بھی تو خود میرا دل مجھے ملامت کرنے لگتا ہے اور میرا ضمیر کچھ اس طرح دم بخود مجروح ہو جاتا ہے۔ گویا اس سے کوئی بڑا ہی شرمناک جرم سرزد ہو رہا ہے۔ (صبح امید۔ ص ۱۳۱)

مولانا کی اس خصوصیت نے ان حواشی میں اپنے خوب خوب مظاہرے کئے ہیں شاید ہی کوئی ایسا مقام ہو جہاں انھوں نے کسی کی بات کو سراہا ہو۔ اگر کوئی چیز ملتی ہے تو مخالفت، تردید، تنقید، تنقیح، طعن و تشنیع بلکہ کہیں کہیں تو تضحیک و تذلیل تک بات جا پہنچی ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ان کتابوں کے مطالعہ کے وقت مولانا اپنے علم و فضل کا بے باکانہ اظہار کرنا چاہتے تھے۔ جہاں ذرا بھی ٹھہراؤ اور توازن نہ تھا ڈھونڈھ ڈھونڈ کر مولانا فقط ان ہی مقامات پر رُکے ہیں۔ جہاں ان کو تنقید و تبصرہ کے لئے مواد بہم پہنچ گیا ہے۔ ورنہ ایسے بھی بے شمار مسائل آئے ہوں گے جو تعریف و تحسین کے مستحق ہوتے لیکن مولانا ان سب کو نظر انداز کرتے چلے گئے۔ مجھ کو اس

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سے قطعی بحث نہیں کہ صحیح کیا ہے اور غلط کیا؛ فکر و نظر کے مباحث میں مصنف کتاب حق پر ہے یا مولانا آزاد؟ محاکمہ میں نے نہیں کیا ہے یہ کام تو متعلقہ موضوعات میں درجۂ اختصاص رکھنے والے سربرآوردہ اشخاص کا ہے کہ وہ ان حواشی اور مصنفین کے نقطۂ خیال کی روشنی میں اپنی تحقیق و تدقیق کی بنیادوں پر فیصلہ کریں اور قارئین کو صدق و انصاف کی راہ دکھلائیں۔

اب میں اوپر کے بیان کے ثبوت میں چند مثالیں پیش کروں گا۔

ایسے مقامات جہاں مولانا نے کسی کو سراہا ہے باوجود جستجو کے بہت کم ملے ہیں سرسید کی کتاب پر مولانا نے تفصیلی تبصرے لکھے ہیں۔ ایک جگہ سرسید نے اپنی ابتدائی تعلیم کے سلسلہ میں اپنی والدہ کے طریق تعلیم کا ذکر کیا ہے اور لکھا ہے کہ "وہ سبق پڑھاتے وقت سوت کی گوندھی ہوئی تین لڑیں ایک لکڑی میں بندھی ہوئی میری تنبیہ کو اپنے پاس رکھ لیتی تھیں اگرچہ وہ خفا تو کئی دفعہ ہوئی ہونگی۔ مگر اُون سوت کی لڑوں سے مجھے کبھی مار نہیں پڑی"۔

مولانا نے تحریر فرمایا:

"کس بے تکلفی سے دہلی کا خاص محاورا لکھ گئے۔ دوسرا شخص یہاں بول جاتا کہ مار نہیں پڑی"۔

اسی طرح کی دو ایک مثالیں اور مل سکتی ہیں لیکن مجموعی طور پر اتنی زیادہ کتابوں کی مناسبت سے بہت ہی کم ہیں۔ اختلاف و تردید کی بے شمار مثالیں پیش کی جا سکتی ہیں چند ایک درج کرتا ہوں۔

مولانا شبلی نے اپنی کتاب "سیرۃ النعمان" جلد دوم میں مجتہد اور محدث کے فرق پر بحث کی ہے۔ لکھتے ہیں: "مجتہدین جس چیز پر فخر کر سکتے ہیں وہ دقت نظر، قوت استنباط استخراج مسائل اور تفریع احکام ہے لیکن محدثین کے گروہ کے نزدیک یہی باتیں عیب و نقص میں داخل ہیں۔

مولانا آزاد فرماتے ہیں۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

"مصنف کی یہ پوری بحث یکسر مغالطہ ہے۔ اس سے بڑھ کر کذب علی وجہ الارض کیا ہو سکتا ہے کہ ائمہ حدیث کی نسبت یہ کہا جائے کہ دقت نظر، قوتِ استنباط، استخراج مسائل، درایت و تفکران کے نزدیک لقص رہا۔ جس شخص نے صرف تراجم ابواب فقیہ بخاری وغیرہ ہی پر نظر ڈالی ہے وہ کیونکر اس خیال کا تصور بھی کر سکتا ہے اور پھر جس شخص نے تصنیفات ابن حزم، ابن طفیل ابن تیمیہ و ابن قیم وغیرہ کو دیکھا ہے وہ تو اس خیال کی تکذیب پر حلف شرعی اٹھا سکتا ہے۔

اسی کتاب میں ایک دوسری جگہ علامہ شبلی لکھتے ہیں۔

"امام ابو حنیفہ کا مذہب عقل کے موافق ہے۔ امام طحاوی نے جو محدث اور مجتہد دونوں تھے۔ اس بحث میں ایک کتاب لکھی ہے جو شرح معانی الآثار کے نام سے مشہور ہے اور جس کا موضوع یہ ہے کہ مسائل فقہ کو نصوص اور طریق سے ثابت کیا جائے۔ اس دعوی سے کہ امام ابو حنیفہ کا مذہب عقل کے موافق ہے۔ شافعیہ وغیرہ کو بھی انکار نہیں اور وہ انکار کیوں کرتے۔ ان کے نزدیک احکام شرعیہ خصوصاً عبادات جس قدر عقل سے بعید ہوں اسی قدر ان کی خوبی ہے۔"

مولانا آزاد نے آخری جملے کے نیچے لائن کھینچکر لکھا ہے۔

"یہ جملہ کس قدر صریح غلط و تہمت محض ہے۔ مولف کا پورا مبحث بھی محض مغالطہ ہے۔ فقہ حنفی اور مذہب محدثین و ائمہ حدیث کے اختلاف کو احکام شریعت کے مطابق عقل و عمل ہونے نہ ہونے سے کوئی تعلق نہیں اور نہ طحاوی کی تصنیف کا یہ قصد ہے اور نہ نظر و درایت سے ان کا یہ مقصود ہے جو مولف نے بتلایا ہے۔"

ایک دوسری کتاب "مضامینِ عالمگیر" میں علامہ شبلی لکھتے ہیں۔

"یورپین اور ہندو مورخین کے بیان کے مطابق عالمگیر نے چونکہ بت خانے گرائے اس لئے بغاوت ہوئی لیکن اصل واقعہ یہ ہے کہ بغاوت ہوئی اس لئے بت خانے گرائے۔ عالمگیر کا بت خانوں کا گرانا ایسا ہی تھا۔ جیسا آج ایسے روشن زمانے میں مہدی سوڈانی کے مقبرہ کو برباد کرا دیا گیا۔"

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مولانا آزاد کا تبصرہ ان الفاظ میں ہے۔

"کس قدر غلط استدلال ہے اور تعجب ہے کہ مصنف کو یہ ناقابل ذکر محسوس نہ ہوا کجا مہدی سوڈانی کے مقبرہ کا معاملہ اور کجا مندروں کا انہدام"

جیسا کہ میں نے پہلے کہیں ذکر کیا ہے مولانا محمد ظہیر احسن شوق نیموی ایک ماہر زباں داں تھے۔ لیکن ساتھ ہی وہ ایک جید عالم دین بھی تھے۔ شاعری میں مولانا ابوالکلام آزاد نے ان کو اپنا استاد تسلیم کیا ہے۔ شوق نیموی نے اپنی کتاب میں آیۂ قرآنی کے ذریعہ اخفائے آمین کے ثبوت میں قرآنی آیت ادعوا ربکم تضیری وخفیۃ پیش کی ہے جس کا مطلب ہے کہ تضرع اور اخفا کے ساتھ اپنے رب سے دعا مانگو۔ اس آیت کی تشریح میں امام رازی کا بیان بھی نقل کیا ہے۔

مولانا آزاد لکھتے ہیں۔

"کس قدر پُراز جہل استدلال ہے" آیۂ ادعو... الخ" سے اصل دعا کا بالاخفا ہونا کیونکر ثابت ہوسکتا ہے۔ جب کہ دوسری جگہ جہر و اخفا دونوں کا حکم دیا گیا ہے"

میرا ان مثالوں کو پیش کرنے سے مقصد اختلاف کو نمایاں کرنا نہیں ہے۔ اختلاف تو کسی کو بھی کسی سے ہوسکتا ہے بلکہ میرا مقصد طریق اختلاف کو ظاہر کرنا ہے کیونکہ فکر و معنی کے ساتھ ساتھ طرز و طریق کی بھی اہمیت ہوتی ہے جب ہی کسی شخص کی انانیت اور انفرادیت جنم لیتی ہے۔ مولانا کی انانیت کے مطالعہ کیلئے ان حواشی میں کافی مواد موجود ہے

(۶) طنز و مزاح

www.KitaboSunnat.com

طنز و مزاح کے موضوع پر اصحاب فکر و نظر نے بہت کچھ لکھا ہے مجھ کو اس کی تعریف بیان نہیں کرنی لیکن اُس طنز کی دلآویزی زیادہ ہوتی ہے جس میں مزاح کی چاشنی بھی ہو اگر مزاح کی آمیزش نہیں تو پھر طنز محض طنز ہی رہ جاتا ہے جس میں خطرے ہی خطرے ہیں۔ لیکن اگر طنز کے حربے ہلکے پھلکے اور اوچھے نہ ہوں بلکہ بھرپور اور کاری ہوں تو ایسے طنز کی جامعیت سے انکار مشکل ہے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مولانا آزاد کے ان حواشی میں طنزیات کے تیر و نشتر بڑے گہرے اور دور رس ہیں کہیں کہیں مزاح کی ہلکی سی لگاوٹ بھی موجود ہے جس کے پڑھنے کے بعد معمولی سی مسکراہٹ لبوں پر آسکتی ہے ورنہ بیشتر مضحکہ خیز طنزیات کا ایک محشر برپا ہے ان حواشی کی کتابوں میں بڑے بڑے اکابر کی تصانیف شامل ہیں جن کے افکار و نظریات اور معلومات کا مولانا نے مضحکہ اُڑایا ہے۔

طنزیات کے فن کا ماہر وہی شخص ہوسکتا ہے جس کا ذہن علم و فکر اور کمالات کا بے بہا خزانہ ہو۔ وہ دوسروں کی معلومات اور انکشافات کا جائزہ ایک زیرک مبصر کی طرح لیتا ہے اور اپنی وسیع اور غیر معمولی واقفیت کی بنا پر ان کی کوتاہیوں اور لغزشوں کو اجاگر کرتا ہے۔ مبصر کے دعوے جتنے زیادہ محکم و مدلل ہوتے ہیں۔ دوسروں کی علمی صلاحیتیں اتنی ہی زیادہ کمزور نظر آتی ہیں۔ یہ کام معمولی نہیں۔ اگر سیدھے سادے طریقے سے کسی کو تنقید کا نشانہ بنایا جائے تو بات نہیں بنتی۔ اور ایسے عمل سے کسی ادبی شان کا مظاہرہ بھی نہیں ہوتا۔ اس لئے اعلیٰ اہل قلم نے اس کے لئے طنزیات کا حربہ زیادہ موزوں خیال کیا ہے۔ طنز کا معنی خیز ہونا بڑی خوبی ہے یعنی چند گنے چنے الفاظ میں جچے تلے وار ہوں اور وضاحت کی جائے تو حقائق و معنی کا ایک بحر بیکراں موجیں مارتا نظر آئے۔ بعض جگہ ایک ماہر فن کار ایک ہی جملے سے معنی آفرینی کے دریا بہا دیتا ہے مولانا آزاد کے طنز کی ایک یہ بھی خصوصیت ہے اور ایسے طنزیات کے جواہر ریزے ان کے حواشی میں جا بجا بکھرے پڑے ہیں۔

طنز انانیتی ادب کا جزو لاینفک ہے۔ جو ان حواشی میں بدرجۂ اتم موجود ہے لیکن بعض مقامات پر بڑا شدید ہے۔ دوسروں کی مدح و ستائش نہ کی جائے تو کوئی مضائقہ نہیں تاہم علمی مسائل میں حد سے متجاوز تلخ و ترش طنز کوئی اچھی مثال نہیں۔ خود مولانا کی مطبوعہ تحریروں میں ایسی سخت مثالیں شاذ و نادر ہی ہیں۔ مولانا عبدالماجد دریابادی سے "حظ و کرب" اور "لذت و الم" کے مباحثہ کا لب و لہجہ بڑا پُر وقار اور شائستہ رہا حدیث الغاشیہ سے بھی ایک بڑے مفکر اور صاحب فن طنز و مزاح نگار کی

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مثال سامنے آتی ہے۔ مگر ان حواشی میں بات بہت زیادہ آگے بڑھی ہوئی ہے۔ راقم نے کچھ مثالیں انانیتی ادب کی بحث میں پیش کردی ہیں۔ چند مزید مثالیں طنز و مزاح اور خالص طنز کی نیچے درج کی جاتی ہیں۔

اردو کی ایک کتاب نمبر ۱۱ میں شوق نیموی نے "یارسول اللہ" کی تشریح کی ہے یعنی اس کا تعلق رسول اللہ سے ہے یا ان کے واسطے سے خدا سے ہے۔ اس پر مولانا کا مزاحیہ طنز ملاحظہ ہو

اس کا مطلب تو یہ ہے کہ پکارتے رہو اللہ کے ہزارہا بندے ہیں۔ ممکن ہے کہ کوئی نکل آئے۔"

ہنٹر نے اپنی کتاب "انڈین مسلمانز" میں وہابی تحریک سے متعلق چند کتابوں کا ذکر کیا ہے۔ ان میں "شرح وقایہ" کو بھی وہابی ادبیات میں شامل کردیا ہے۔

مولانا لکھتے ہیں۔

"یہ عقلمند شرح وقایہ کو بھی وہابی لٹریچر میں سے تصور کرتا ہے۔"

ایک مصنف "ہربرٹ" نے اپنی کتاب "محاربات پلیونا" میں لکھا ہے کہ ترکی کے طلبا انگلستان اور جرمنی کے سرکاری مدارس کے طلبا کی بہ نسبت زیادہ بلند اخلاق ہوتے ہیں۔ اس کا سبب یہ ہے کہ مسلمان قرآن کریم کے احکام کی لفظی و معنوی پیروی کرتے ہیں جب کہ عیسائی بائبل کی اتنی پرواہ نہیں کرتے۔

مولانا آزاد کا مزاح ملاحظہ ہو۔

"مصنف کو اس کا خیال نہیں کہ اگر خدانخواستہ عیسائی بائبل کی پوری پیروی کریں تو آج یورپ کی علمی ترقیاں جہان سے ناپید ہو جائیں اور وہ دنیا میں رہنے کے قابل ہی نہیں رہیں۔ خیریت ہے کہ بائبل پر پورا عمل نہیں کیا جاتا۔"

علامہ شبلی نے سیرۃ النعمان میں لکھا ہے کہ علامہ ابن خلدون کی رائے کے

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بموجب فنِ حدیث میں امام ابوحنیفہ کا کبار مجتہدین میں ہونا اس سے ثابت ہے کہ ان کا مذہب محدثین میں معتبر خیال کیا جاتا ہے۔ اور رداً و قبولاً اس سے بحث کی جاتی ہے۔

مولانا آزاد لکھتے ہیں۔

"سبحان اللہ کیا عجیب توثیق ہے یعنی ابن خلدون کے نزدیک امام ابوحنیفہ کے لئے بڑا شرف یہ ہے کہ محدثین نے ان کو کم از کم لائقِ خطاب ورد تو تسلیم کیا۔"

مولانا شبلی لکھتے ہیں کہ

"امام ابوحنیفہ نے درایت کے چند اصول بنائے تھے مثلاً جو حدیث عقل قطعی کے مخالف ہو وہ اعتبار کے قابل نہیں، یہ وہ قاعدہ ہے جس کو ابن جوزی نے تمام اصول درایت پر مقدم رکھا ہے۔ ابن جوزی چھٹی صدی میں گذرے ہیں۔ اس وقت تک علوم اسلامی عروجِ کمال تک پہنچ گئے تھے۔ اور فلسفیانہ خیالات کا اثر زیادہ عام ہوگیا تھا۔ لیکن امام ابوحنیفہ کے زمانہ تک مذہب میں عقل کا نام لینا ایک جرمِ عظیم تھا۔"

مولانا آزاد نے آخری جملے کے نیچے لائن کھینچ کر تحریر فرمایا ہے۔

"جب امام ابوحنیفہ کے زمانے میں یہ حال تھا تو ظاہر ہے کہ عہد صحابہ میں تو اس سے بھی بڑھکر جرم ہوگا۔ اور عہد نبوت کا حال تو پوچھنا ہی نہیں چاہیے۔ پس اس سے معلوم ہوا کہ عقل سے بڑھ کر اسلام میں کوئی شے بُری نہیں کیونکہ جس قدر عہدِ نبوت سے بعد ہوتا گیا۔ عقل کا اعتراف بڑھتا گیا۔ تعجب ہے کہ مؤلف نے کیوں کر اس جملے کو لکھا اور کیونکر ایک شخص یہ جملہ زبان سے نکال سکتا ہے جس کو اسلام کے دینِ فطری ہونے کا یقین ہو۔"

"حیات شبلی" میں سید سلیمان ندوی لکھتے ہیں۔

"علامہ شبلی نے درسیات کی تکمیل مولانا فاروقی ہی سے کرلی تھی۔ تاہم اُن کے ذوقِ علمی نے ان کو دوسرے خرمنوں کی خوشہ چینی پر آمادہ کیا۔ سب سے پہلے مولانا عبدالحئی فرنگی محلی کی شہرت کمال ان کو لکھنؤ لے گئی لیکن کچھ فطری جودت طبع اور کچھ فیضِ فاروقی کی بدولت علامہ نقد و اجتہاد کے خوگر تھے۔ اس لئے زانوئے ادب تہ کرنے سے

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پہلے ہی لکھنؤ سے قدم اٹھ گئے اور رامپور کا رخ کیا وہاں مولانا ارشاد حسین کے شرف تلمذ پر اکتفا کی۔ علامہ مرحوم کو حضرت مولانا ارشاد حسین کی وسعتِ نظر، اصابت رائے اور مجتہدانہ ژرف نگاہی کا اعتراف ہمیشہ رہا۔ مولانا ارشاد حسین نہایت متشدد حنفی تھے۔ مولانا نذیر حسین کی اثیار الحق کے جواب میں انتصار الحق اُن ہی نے لکھی ہے۔

مولانا آزاد کا تبصرہ یہ ہے۔

"اگر اُس زمانہ میں مولوی شبلی کو مجتہدانہ نظر و فکر کی جستجو ہوتی تو مولوی عبد الحیٔ کو ترجیح دیتے جو حنفیت کے مقلدانہ جمود سے باہر آچکے تھے۔ لیکن انھوں نے مولانا ارشاد حسین کو انتخاب کیا جو مقلد اعمیٰ تھے۔ مولوی نذیر حسین کی کتاب اثیار الحق نہیں ہے۔ معیار الحق ہے۔ مولانا ارشاد حسین کی معلومات کا یہ حال تھا کہ انتصار الحق میں بلوغ المرام کو شاہ ولی اللہ کی تصنیف بتلاتے ہیں۔ ان کی تعریف میں مجتہدانہ ژرف نگاہی لکھنا کس قدر بے معنی بات ہے۔"

ایک دوسرے مقام پر سید سلیمان ندوی نے علامہ شبلی کے رسالے "ظل الغمام فی مسئلۃ القراۃ خلف الامام" کا ذکر کیا ہے اور اُس کے دیباچہ کی ایک عبارت نقل کرنے کے بعد لکھا ہے کہ علی گڈھ جانے سے پہلے ہی مولانا کے قلم میں اردو انشا پردازی کا زور تھا۔ مولانا آزاد جواب دیتے ہیں۔

"بھلا اس رسالہ کی عبارت کو انشا پردازی سے کیا مناسبت ہے۔"

سید سلیمان ندوی مزید لکھتے ہیں۔

"شبلی کے عقد ثانی کی صورت اس طرح ہوئی کہ ان کے معالج ڈاکٹر مصطفیٰ علی خاں نے ان کو دوسرے نکاح کا مشورہ دیا۔ چنانچہ مولوی محمد سمیع صاحب کی ماموں زاد بہن سے نسبت ٹھہری۔ عقد ثانی کا یہ ارادہ مولانا کے اکلوتے بیٹے حامد حسن صاحب کو ناگوار گذرا اور وہ چپکے سے لاپتہ ہو گئے۔

مولانا آزاد انکشاف فرماتے ہیں۔

"اس لئے کہ پہلے یہ رشتہ خود حامد کے لئے تجویز ہوا تھا۔"

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

علامہ شبلی نے اپنی کتاب "مضامینِ عالمگیر" میں لکھا ہے۔

"شاہی افواج نے اُس کے (شیواجی) سارے علاقے فتح کر لیے تھے۔ تاہم جب وہ دربارِ اورنگ زیب میں آیا تو شاندار استقبال کیا گیا۔ پنجہزاری کا منصب ملا جو خود راجہ جے سنگھ کا منصب تھا۔ اس سے زیادہ اور کیا چاہتا تھا؟ کیا شہنشاہ ہند ایک مفتوح رہزن کے لیے تخت سے اترآتا۔ بے شبہ یورپ اس قسم کی جھوٹی اور مکارانہ خوشامدوں کی مثالیں پیش کرسکتا ہے۔ لیکن اسلام سے اس کی توقع نہیں رکھنی چاہیے۔"

مولانا آزاد کا اجمالی طنزیہ ریمارک قابلِ غور ہے۔

"گویا اعمالِ عالمگیر اعمالِ نفسِ اسلام تھے۔"

مولانا شبلی سنبھا کی بحث کے سلسلہ میں لکھتے ہیں۔ کہ "جب وہ دربار اورنگ زیب میں حاضر کیا گیا تو اُس نے رو در رو عالمگیر کو گالیاں دیں۔ عالمگیر نے اس کی زبان کاٹنے کا حکم دیا پھر آنکھیں نکلوا کر قتل کر دیا گیا۔ اس موقع پر یاد رکھنا چاہیے کہ عالمگیر کے پچاس برس کی حکومت کا صرف یہ ایک مستثنیٰ واقعہ ہے ورنہ اس نے کبھی کسی کو اس قسم کی وحشیانہ سزا نہیں دی۔"

مولانا آزاد کا طنز ان الفاظ میں ہے۔

"اگرچہ عرق پوست پلا پلا کر زندانیاں گوالیار کو ہلاک کرتا رہا۔ اسلام نے تو ہر حال میں مثلہ کو ناجائز بتلایا ہے لیکن یہ مقدس ولی مغلوب و محکوم دشمن کی زبان کٹواتا ہے اور آنکھیں نکلواتا ہے۔"

شبلی نے متعدد اسباب بت خانوں کے انہدام کے بیان کیے ہیں اُن میں ہندوؤں کا مسجدوں کو توڑنا اور مسلمان عورتوں کو جبراً اپنے گھروں میں رکھنا اور اعلانیہ مسلمانوں کو اپنے مذہبی علوم کی تعلیم دینا شامل ہے۔

مولانا آزاد کا طنز یہ ہے۔

"گویا یہ بھی جرم تھا اور اس کا انسداد ایک منصف گورنمنٹ کے لیے ضروری تھا۔"

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

علامہ شبلی نے مآثر عالمگیری کے حوالے سے لکھا ہے کہ عالمگیر فن موسیقی کا ماہر تھا لیکن چونکہ مزامیر کے ساتھ گانا شریعت میں ممنوع ہے۔ اس لئے اس صیغہ کو بند کر دیا۔

مولانا آزاد کا اعتراض قابل غور ہے۔

"کس شریعت میں ممنوع ہے؟ اسلام میں تو نہیں"

غرض اس قسم کے طنز و مضحکات کی بے شمار مثالیں ان حاشیوں میں موجود ہیں مگر ہم نے چند پر اکتفا کیا ہے۔ قارئین کرام جب ان حواشی کا بالاستیعاب مطالعہ فرمائیں گے تو حقیقت منکشف ہو گی۔

(۷) نفسیاتی و نجی خیالات کے مطالعہ کے لئے معین و معاون

ایک اور نمایاں خصوصیت ان حواشی کی یہ ہے کہ مولانا کے نفسیاتی اور نجی خیالات کے مطالعہ کے لئے جتنا مفید اور اہم مواد ان سے فراہم ہو سکتا ہے وہ اُن کی کسی بھی مطبوعہ تحریر سے نہیں ہو سکتا۔ قاضی عبدالغفار خاں نے ایک مستقل کتاب مولانا کے نفسیاتی مطالعہ پر لکھی ہے اور اُس کی بنیاد مولانا سے ایک مدت کی صحبتوں، ان کے خطوط، تذکرہ اور دوسری مطبوعات پر رکھی ہے۔

مولانا عبدالرزاق ملیح آبادی کو بھی اس کا دعویٰ ہے کہ وہ اڑتیس ۳۸ سال انتالیس ۳۹ سال ان کے شب و روز میں شریک رہے اور "ذکر آزاد" میں اُن کی سچی تصویر دنیا کے سامنے پیش کی تاہم حقیقت یہ ہے کہ مولانا نے اپنے نجی، بے لاگ اور سچے دلی جذبات و خیالات کا جتنا مظاہرہ ان حواشی میں کیا ہے وہ ان کی یا اُن سے متعلق دوسروں کی تصانیف سے ظاہر نہیں ہوتا۔ یہ امر اس حقیقت سے بھی واضح ہے کہ مولانا عبدالرزاق ملیح آبادی برسوں صبح و شام مولانا کے ہم جلیس اور ان کے ہر شعبۂ حیات میں شریک رہے لیکن ان حواشی تک ان کی رسائی نہ ہو سکی اور اُن کو ان حواشی کی موجودگی تک کا علم نہیں ہوا۔ یہ اس بات کا ثبوت ہے کہ مولانا کے لیے یہ حواشی قطعی ذاتی اور نجی تھے وہ ان کو الم نشرح نہیں کرنا چاہتے تھے جو بات قطعی نجی اور ذاتی ہوتی ہے۔ اسی میں اُس شخص کی اصل اور سچی تصویر نظر آ سکتی ہے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہر شخص کی پرادیٹ زندگی کی طرح اُس کے خیالات بھی پراویٹ ہوتے ہیں۔ وہ خود ہی سوچتا ہے۔ غور کرتا ہے اور بعد ازاں وہ خود ہی فنا ہو جاتے ہیں لیکن اگر اتفاق سے شعوری یا لاشعوری طور پر صفحۂ قرطاس پر آ جائیں تو وہ اس کے نفسیات کی سچی عکاسی میں ترجمان مطلق کا کام دے سکتے ہیں۔ ہر انسان اپنے اہل خانہ سے، دوستوں سے اور رازداروں سے بے تامل و بے تکلف گفتگو کرتا ہے اسی طرح وہ لکھتا بھی ہے۔ تاہم ان معاملات میں چونکہ تعلق اپنے علاوہ کسی دوسرے سے بھی ہوتا ہے اس لئے لاکھ بے ساختگی اور بے تکلفی سہی پھر بھی قدرتی طور پر حزم و احتیاط کا ایک پہلو برقرار رہتا ہے۔ اہل علم کا خیال ہے کہ خطوط ہر شخص کی بے تکلفی اور بے باکی کی مثالیں ہوتی ہیں۔ عام لوگوں کے لئے یہ بات سمجھ میں آتی ہے حالانکہ ہر عام شخص بھی جب کسی دوسرے کو بے تکلف خط لکھتا ہے تو کم از کم اُس کے ذہن میں وہ دوسرا شخص تو ہوتا ہی ہے۔

اس لئے حفظ و احتیاط کا کچھ نہ کچھ عنصر اس کے شعور پر چھایا رہتا ہے۔ جہاں تک خواص کا تعلق ہے۔ جب سے علمی دنیا میں خطوط ادبیات کا ایک اہم جزو متصور ہونے لگے ہیں۔ تو ہر اہل علم کے ذہن میں یہ بات مضمر ہوتی ہے کہ شاید اُس کے خطوط پبلک کے سامنے آ جائیں اور جہاں ہلکا سا شائبہ اس تصور کا ہو تو لازمی طور پر احتیاط کا خیال بھی پیدا ہو جاتا ہے۔ لہٰذا خطوط خیالات و جذبات کے روزنامچے اور اسرار حیات کے صحیفے ہوتے ہوئے بھی من و عن بلا لگاوٹ صداقت و خلوص کے آئینے نہیں ہو سکتے۔

مولانا آزاد نے لاتعداد بے تکلف خطوط دوستوں اور اہل علم حضرات کو لکھے خاص کر عبدالرزاق ملیح آبادی کو جو خطوط روزمرہ کے واقعات اور اخبار سے متعلق معاملات کے سلسلہ میں لکھے جن میں صبح و شام کے چند سطری کاغذ کے پرزے بھی شامل ہیں۔ بے حد بے تکلف اور ذاتی تھے ان میں یقیناً شان بے تکلفی اور شخصی تاثر نمایاں ہے اور بہت سے پہلو ایسے ہیں جن کا مظاہرہ ان کی دوسری سوچی سمجھی

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تحریروں سے نہیں ہوتا۔ البتہ غبارِ خاطر اور کاروانِ خیال کے متعلق یہ خیال صحیح نہیں کہ وہ بے تکلف اور بے ساختہ لکھے گئے تھے۔ یہ خطوط اس وقت لکھے گئے جب مولانا علم و ادب کی دنیا کے سرتاج سمجھے جاتے تھے۔ یہ تصور بھی نہیں کیا جاسکتا کہ مولانا کے ذہن میں یہ بات تھی کہ ان کا کسی کو علم نہ ہوگا۔ ان کو لکھتے وقت مولانا نے پوری احتیاط سے کام لیا بلکہ ان میں علمی نمائش اور دوسرے مباحث اپنی اعلیٰ تابناکیوں کے ساتھ جلوہ گر ہیں۔ رہی سہی کسر مولانا نے بعد میں پوری کر دی۔ اس بات کا ثبوت ڈاکٹر عابد رضا بیدار کے بیان سے ملتا ہے۔ انھوں نے لکھا ہے کہ کچھ خطوط کاروانِ خیال اور غبارِ خاطر میں مشترک ہیں۔ وہ خطوط کاروانِ خیال میں پہلے چھپ گئے لیکن بعد میں جب غبارِ خاطر میں نمودار ہوئے تو مولانا نے حیرت انگیز طور پر ترمیم و اصلاح کر دی۔

اپنی مطبوعہ تحریروں کے لئے مولانا حفظ و احتیاط کا بڑا خیال رکھتے تھے۔ عبدالرزاق ملیح آبادی لکھتے ہیں۔

مولانا کی ہر تحریر ایسی ہے کہ عش عش کرتے رہیے۔ اعلیٰ انشا، و ادب کا نمونہ جس کی تقلید ممکن نہیں۔ تحریر پڑھتے وقت ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس دنیا سے پرے بہت پرے سے کوئی غیبی آواز بول رہی ہے۔ مولانا کو لکھتے دیکھ کر مجھے عجب حظ ہوتا تھا۔ ہونٹوں پر ایک خفیف سا دلفریب تبسم کھیلتا ہوا اور انگلیوں میں قلم ناچتا ہوا کاغذ کے میدان پر بے روک و ٹوک دوڑا کرتا ـــــ لکھتے وقت چہرہ ہی نہیں پورا سراپا دیکھنے کے لائق ہوتا۔ حسن مجسم بن جاتے تھے۔ شاید اپنی تحریر سے خود بھی لطف اٹھاتے تھے لیکن لکھ چکتے تو اتنے چاؤ سے سنواری ہوئی تحریر پر بے رحمی سے لوٹ پڑتے، سطروں پر سطریں کٹی چلی جارہی ہیں۔ لفظوں کا قتل عام ہو رہا ہے۔ پھر نظر ثانی کی گئی تو پہلی نظر ثانی سے بھی طبیعت غیر مطمئن۔ اب پھر چھری چلنے لگی۔ اور قیمہ بنانے لگی۔ ان کے لکھے ہزاروں صفحے نقل کر چکا ہوں۔ مسودہ ایسا کٹا پٹا ہوتا کہ بارہا خود ان ہی سے رجوع کرنا پڑتا اور وہ بنانے لگتے "واہ مولوی صاحب آخر آپ اتنی عمر کرتے کیا رہے؟ صاف عبارت بھی پڑھی نہیں جاتی، مسودہ کسی نہ کسی طرح نقل ہو گیا۔ مگر دوسرے دن یہ نقل

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بھی قیمہ بنی چلی آرہی ہے۔" "ذرا صاف کر دیجئے" بات یہ ہے کہ مولانا اپنی تحریر پر بڑی محنت کرتے تھے۔ ایک ایک لفظ چن چن کر تول تول کر بٹھاتے تھے۔ یہی وجہ ہے کہ تحریر ادبی اسقام و معائب سے پاک ہوتی ہے (ذکر آزاد۔ ص ۴۱۳/۴۱۲)

اس بیان سے ظاہر ہے کہ مولانا اپنی ان نگارشات کے معاملہ میں بڑے محتاط تھے جو منظر عام پر آنے والی تھیں۔ طرز نگارش کے ساتھ ساتھ خیالات و جذبات کا بھی ایک معیار تھا جو بادی النظر میں انھوں نے قائم کر رکھا تھا۔ لیکن ان حواشی میں ان دونوں امور کی یقیناً اتنی پرواہ نہیں کی ہوگی۔

لہذا اگر طرز تحریر کے لحاظ سے یہ حواشی بے تکان و بے تصنع ہیں تو اظہار خیال کے لحاظ سے بھی بے لاگ و بے نقاب اور ذہنی کیفیات و دلی تاثرات کے صحیح ترجمان۔ اگرچہ غور و خوض اور ترمیم و تنسیخ سے مبرا ہیں۔ مگر جذبات و احساسات کے مکمل آئینے ہیں۔ یہ مولانا کی شخصیت کے بالکل نجی پہلو کو اجاگر کرتے ہیں۔ اُس پہلو کو جہاں ان کی شخصیت کا پر تکلف اور تصنع سے لبریز ملمع اترا نظر آرہا ہے۔ یہاں ان کا ذہن ہر قسم کے رسمی آداب و تحفظات سے خالی ہے۔

یہ فرق اُن حقائق سے ظاہر ہوتا ہے جن کا اظہار مولانا نے اپنے ہم عصر علماء اور مفکرین کے متعلق ایک طرف اپنی مطبوعہ تحریروں اور دوسری طرف ان حواشی میں کیا ہے۔

علامہ شبلی اور سید سلیمان ندوی سے اپنے مراسلوں میں اور دیگر مطبوعہ تحریروں میں وہ سراپا نیاز مند اور عقیدت کیش نظر آتے ہیں۔ چند مثالیں پیش کی جاتی ہیں۔

سید سلیمان ندوی کو ۹ جنوری ۱۹۱۴ء کے ایک خط میں لکھتے ہیں۔

"آپ نے پونا میں پروفیسری قبول کر لی۔ حالانکہ خدا نے آپ کو درس و تعلیم مدارس سے زیادہ عظیم الشان کاموں کے لئے بنایا ہے۔ خدا کے لیے میری سنیئے اور مجھے اپنا ایک مخلص بھائی تصور کیجئے۔ میں آپ کی عزت کرتا ہوں اور خدا شاہد ہے کہ آپ کی محبت اپنے دل میں رکھتا ہوں۔ میں خود غرض ہوں اور میری غرض میری خواہش

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

میں عنصر اصلی ہے۔ تاہم میری خود غرضی آپ کے لیے مضر نہیں بلکہ بہتر ہے۔ کیا حاصل اس سے کہ آپ نے چند طالب علموں کو فارسی و عربی سکھلا دی۔ آپ میں وہ قابلیت موجود ہے کہ آپ لاکھوں نفوس کو زندگی سکھلا سکتے ہیں۔"

۲۷ جنوری ۱۹۱۵ء کے ایک مراسلہ کی یہ عبارت ملاحظہ فرمائیے۔

"بہرحال مجھے ہر حال میں اپنا رفیق و ہم عنان یقین کیجئے اور ہر دم خدمت گذاری کے لیے تیار۔"

۲۵ اگست ۱۹۱۵ء کے خط میں فرماتے ہیں۔

"یہ آپ نے کیونکر کہا کہ میں آپ کو بھول جاتا ہوں؟ غالباً تواتر و تسلسل مراسلات علائق قلبیہ کے لیے شرط نہیں ہے۔ آپ یقین کریں کہ موجودہ عہد کے جہل عام اور فساد محیط میں اتحاد مشرب و فکر کا رشتہ ایسا قوی ہے کہ ہم سے کوئی کسی کو بھولنا بھی چاہے تو نہیں بھول سکتا۔"

مولانا شبلی کے متعلق تو یہ مشہور ہے کہ جہاں کہیں بھی ان کا ذکر آیا اور جب بھی اُن کی یاد آئی تو زبان و قلم بے قابو ہو گئے اور دل بے چین ہو گیا۔

چنانچہ لکھتے ہیں۔

"ہر وقت مولانا مرحوم سے یکجائی رہتی تھی۔ وہ بھی صبح سویرے سے اُٹھنے کے عادی تھے۔ اور میں بھی بچپن سے اس کا خوگر تھا۔ جاڑے کا موسم تھا۔ صبح چار بجے میں ان کے کمرے میں چلا جاتا۔ اسی وقت چائے کا دور چلتا طرح طرح کے علمی تذکرے رہتے۔ شام کو کبھی قیصر باغ یا اور کہیں دور کا چکر لگانے نکل جاتے اور یہ تمام وقت بھی علمی و ادبی تذکروں میں بسر ہوتا۔ حقیقتہً وہ ایسی صحبتیں تھیں جن کا لطف و کیفیت عمر بھر فراموش نہ ہوگی۔ مجھے ان صحبتوں سے بہت فائدہ ہوا۔ مولانا مرحوم کے انتقال سے جہاں کتنی ہی خوبیاں اور کمالات ان کے ساتھ دفن ہو گئے وہاں ایک سب سے بڑی چیز یہ پر لطف صحبت تھی جو اُن کے بعد ایک مرتبہ بھی مجھے کہیں کسی گوشے اور کسی حلقے میں میسر نہ آئی۔ اُن کا علمی ذوق جو وسیع اور

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہردادی میں تھا۔ ایک ساتھ ہی مدفون ہوچکا ہے۔" (آزاد کی کہانی: ص ۳۱۵)

ایسی ہی عقیدت کا اظہار مولانا نے کسی صاحب کو خط لکھتے ہوئے کیا ہے۔

"فی الحقیقت مولانا کی ذات نوع بنوع کمالات کے رنگا رنگ مظاہر کا ایک عجیب مجموعہ تھی اور جیسا کہ فارسی میں کہتے ہیں سرتاسر بے مغز و پوست تھی۔ بہ مشکل کوئی مہینہ ایسا گذرتا ہے کہ دو تین مرتبہ اُن کی یاد ناخن بدل نہ ہوتی ہو۔ وہ کیا گئے کہ علم و فن کی صحبتوں کا سرتاسر خاتمہ ہو گیا۔ ہر وادی میں وہ اپنے ذوق و فکر کی ایک خاص اور بلند جگہ رکھتے تھے۔ اور یہ کتنی بڑی خوبی تھی کہ باوجود ملایانہ طالبِ علم کے مُلّائیت کی پرچھائیں بھی ان پر نہ پڑتی تھی۔"

دوسری جگہ لکھتے ہیں۔

"مولانا کا لیکچر ایک آرٹیسٹ کی سحر بیانی کی جگہ یہ معلوم ہوتا ہے کہ کسی پروفیسر کا درس ہے کہ جو کسی علمی موضوع پر حلقۂ تلامذہ میں لیکچر دے رہا ہے۔ یہ قدرت صرف انہی کو حاصل ہے کہ جس موضوع پر چاہتے ہیں، ایک مرتب اور مدون تصنیف حاضرین کو سنا دیتے ہیں۔ ان کا لیکچر بہ لحاظ ترتیبِ خطابت اور حسنِ استدلال ایک مکمل رسالہ ہوتا ہے۔" (الندوہ، اپریل ۱۹۱۰ء۔ ص ۱۱)

ایک مثال براہ راست تخاطب کی بھی پیش کی جاتی ہے۔ ایک خط میں علامہ شبلی کو لکھتے ہیں۔

"نمائش الہ آباد کا ضعیف سا خیال ہے مگر مسلۂ قیام پیش نظر۔ الہ آباد میں میری کسی سے ایسی ملاقات نہیں کہ اپنا بوجھ ڈالوں مگر بہ سم طفیلی جب کہیں آپ ٹھہر جائیں گے تو آپ کے خدام و وابستگان بھی۔ لامحالہ میں بھی ایک چاکر گستاخ تھا کہ ٹھہر گیا۔"

یہ بات ذہن نشین رہنی چاہیے کہ یہ تحریرات بھی کم و بیش اُسی زمانہ کی ہیں جس زمانہ میں مولانا بے شمار کتابیں مطالعہ فرما کر ان پر حاشیے لکھ رہے تھے۔ شبلی کی کتابیں اُن سے مبرا نہیں ہو سکتیں۔

علامہ شبلی اور مولانا ابوالکلام آزاد کے باہمی روابط اور رسم و راہ پر دوسرے

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہم عصروں نے بھی اظہار خیال کیا ہے۔

مولانا عبدالماجد دریا آبادی لکھتے ہیں۔

"غالباً ۱۹۱۰ء کا زمانہ تھا۔ اُس وقت مولانا آزاد مولانا شبلی کے ہاں مہمان تھے۔ مولانا اس وقت احاطہ فقیر محمد خاں کی ایک گلی کے اندر مکان میں رہتے تھے اور ان کا نام ان کی زبان پر صرف "آزاد" تھا۔ نہ مولوی نہ مولانا محی الدین نہ ابوالکلام بلکہ صرف آزاد۔ زبان پر بھی یہی اور خطوط میں قلم پر بھی یہی۔ غیر معمولی ذہانت، فطانت طرازی اور لطافت لسانی کے قصے اسی زمانہ سے سننے میں آنے لگے تھے لیکن مولانا شبلی کے ساتھ میں نے انھیں ہمیشہ باادب ہی پایا تنہائی کی صحبتوں میں ممکن ہے کہ بے تکلفی زیادہ برتتے ہوں لیکن اپنی شہادت تو اپنی آنکھوں دیکھی ہوئی چیزوں تک محدود رہے گی۔" (مولانا آزاد۔ چند یادیں۔ آئینۂ ابوالکلام مرتبہ عتیق صدیقی محمد اکرام کی روایت ہے۔"

"۱۹۰۵ء میں شبلی کی آزاد سے بمبئی میں ملاقات ہوئی۔ اس ملاقات نے ابوالکلام کو مولانا ابوالکلام بنا دیا۔" (موج کوثر۔ ص ۲۸۱)

سید سلیمان ندوی لکھتے ہیں۔

"۱۹۰۵ء میں وہ (ابوالکلام) مولانا شبلی سے بمبئی میں ملے اور یہ ملاقات ایسی تاریخی ثابت ہوئی جس نے ابوالکلام کو مولانا ابوالکلام آزاد بنا دیا۔"

(حیات شبلی۔ ص ۴۲۴)

مولانا آزاد علامہ شبلی سے کتنے قریب تھے۔ اس کا ثبوت اس انکشاف سے بھی ملتا ہے شبلی کی زندگی پر کوئی افتخار عالم صاحب کام کرنا چاہتے تھے۔ اُن سے اجازت کے طلبگار ہوئے۔ علامہ نے مولانا آزاد کو لکھا۔

"اجازت اور حالات مانگتے ہیں۔ میں نے لکھ دیا ہے کہ ظاہری حالات تو ہر جگہ سے مل جائیں گے لیکن عالم اسرار تو خدا کے سوا ایک اور بھی ہے۔ وہاں سے منگوائیے بھی بتا نہ دوں گے۔"

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

یہ عقیدت۔ یہ خلوص۔ یہ قربت مولانا شبلی اور مولانا آزاد کے درمیان تھی اور اسی کی بنیاد پر اہل قلم مفکرین اور ناقدین نے ان دونوں عظیم ہستیوں کے باہمی شخصی اور علمی روابط کا جائزہ لیا ہے۔ بلاشبہ یہ تصویر کا بڑا دلکش اور حسین رخ ہے مگر اس سے مولانا آزاد کی تصویر کے اُس دوسرے رُخ کا اندازہ نہیں ہوگا۔ جو ان حاشیوں کی تحریروں سے ابھرتا ہے۔

علمی مباحث میں مخالفت یا تردید کوئی عیب نہیں ہے لیکن طریق اختلاف اور طرز تخاطب جو مولانا آزاد نے ان حاشیوں میں روا رکھا ہے وہ بظاہر پبلک کے سامنے پیش کرنے کی غرض سے ہرگز اختیار نہ کرتے۔ ایسی چند مثالیں "انانیت" اور طنز و مزاح کے مباحث میں پیش کی جا چکی ہے۔ یہاں مزید تفصیل و توضیح کی ضرورت نہیں۔ یہ فرق علامہ شبلی ہی کے معاملہ میں نہیں بلکہ دوسرے مقتدر مصنفین کے معاملہ میں بھی مبینہ طور پر محسوس کیا جا سکتا ہے۔

ان حاشیوں میں مولانا آزاد نے بالکل نجی طور پر اپنے ذاتی افکار و خیالات کا اظہار کیا ہے۔ ایسے خیالات و احساسات جو اُن کے دل کی عمیق گہرائیوں سے نکلے ہوئے سچے اور بے لاگ نقوش ہیں۔ یہی وہ بے لاگ اور سچے نقوش ہوتے ہیں جو کسی شخصیت کے نفسیاتی مطالعہ کے لیے بیش قیمت سرمایہ کام دے سکتے ہیں۔ لیکن ان کا حصول عام طور پر ناممکن نہیں تو مشکل ضرور ہوتا ہے۔ تاہم مولانا آزاد کی انوکھی شخصیت کے ساتھ یہ خصوصیت بھی شامل کی جا سکتی ہے کہ انھوں نے اس نعمت سے بھی اہل علم کو محروم نہ رکھا۔ جہاں انھوں نے سب راہوں میں نئے اور نرالے کارناموں کا مظاہرہ کیا وہاں ان حواشی کی دریافت نے بھی ان کے ایک نئے کارنامہ کی نشان دہی کر دی ہے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(۸)

خاتمہ

مولانا آزاد کی شخصیت اور ان کے کارناموں کے مطالعہ کے لیے مطبوعہ مواد کافی مقدار میں موجود ہے۔ خود ان کے علمی کارنامے بھی اہل نظر کی نگاہوں سے پوشیدہ نہیں۔ صاحبانِ علم و فکر ان سب کا مطالعہ کر چکے ہیں۔ میری یہ کوشش کوئی بڑا تحقیقی یا علمی کارنامہ نہیں تاہم یہ حواشی مولانا کے ایک نادر اور عظیم کارنامے کی حیثیت ضرور رکھتے ہیں۔ البتہ اتنا ضرور کہا جاسکتا ہے کہ شاید ہی ابنائے روزگار میں سے کسی عظیم شخصیت نے اس انداز سے دوسرے مصنف کی کتابوں پر حاشیے لکھے ہوں اور کسی دوسرے شخص نے اہل علم کے سامنے ان کو پیش کیا ہو۔ اگر یہ صحیح ہے تو یہ کام اپنی قسم کی ایک جدید نوعیت کا ضرور ہے۔ اگر ہے تو خراج تحسین مولانا آزاد کا حصہ ہے۔ میری حیثیت تو ایک معمولی مرتب کی ہے جس نے ان حواشی کو بہ لحاظ سیاق و سباق یکجا کر کے صاحبانِ علم و فضل کے سامنے پیش کرنے کی جرأت کی ہے۔ ممکن ہے ان حواشی کی روشنی میں مولانا آزاد پر تحقیق و تنقید کی کسی نئی راہ کا سراغ نظر آئے اور ان کی فکر و نظر کے وہ گوشے نمایاں ہوں جن پر سے پردہ اٹھانا ان کی دوسری مطبوعہ تحریرات سے ممکن نہ تھا۔ اس کے علاوہ اس حقیقت سے انکار مشکل ہے کہ ان حواشی کی اشاعت سے مولانا آزاد کی نگارشات کا ایک نیا خزانہ علم و ادب کے شیدائیوں کے سامنے آجائے گا۔

مولانا آزاد کی نگارشات کا پایہ اپنی جگہ نہایت ارفع ہے لیکن میری یہ کوشش بہ حیثیت ایک مرتب نقائص و عیوب سے پاک نہیں ہوسکتی۔ کسی کامل اور گہری نگاہ رکھنے والے ادیب، محقق یا ناقد نے اس کتاب کے مسودہ کو بالاستیعاب تو کجا سرسری طور پر بھی نہیں پڑھا تاکہ نقائص کی کچھ نشان دہی ہوجاتی۔ لہٰذا گوناگوں اسقام کا قطعی امکان ہے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بہت سے ایسے گوشے ہیں جن کو میں نے اپنی بے بضاعتی اور کم فرصتی کی وجہ سے عمداً نظر انداز کر دیا ہے۔ مثلاً مصنفین اور مولانا آزاد کی تحریروں میں کچھ اصطلاحیں، حوالے اور اشارات ایسے ہیں جن کی بذریعہ تعلیقات وضاحت کرنی چاہیئے تھی۔ مگر اس کے لئے دوسری بے شمار حوالہ جاتی اور تاریخی کتابوں کو چھاننا پڑتا جو میرے لیئے ممکن نہ تھا۔ جیسا اور جس قدر کام میں کر سکا ہوں اس کی تکمیل میں بھی کئی سال لگ گئے تاہم مجھ کو اہل علم کے مشوروں کی ضرورت ہے۔ عین ممکن ہے کہ حواشی کی ترتیب، ان کے پیش کرنے کے انداز، ضروری تصریحات اور خصوصاً مقدمہ میں اپنے اظہار خیال میں نادانستہ یا کج فہمی کی وجہ سے کوئی فروگذاشت یا لغزش سرزد ہو گئی ہو۔ میں کوتاہیوں کا معترف ہوں۔ لیکن اس تمنا میں حق بجانب کہ میرے اسقام و نقائص کی نشان دہی ضرور فرمائی جائے تاکہ وہ پہلو سامنے آسکیں جن کو نگہ نکتہ شناس ہی پرکھ سکتی ہے۔

یہ اندیشہ ضرور ہے کہ میں نے مقدمہ میں مصنفین اور مولانا آزاد کے خیالات کا تجزیہ کرنے اور ان کو پیش کرنے میں کوتاہی کی ہو۔ اس لیئے معذرت خواہ ہوں۔ مگر یہ حقیقت ہے کہ مولانا آزاد کے پرستاروں کو ناراض کرنے یا خدانخواستہ مولانا کی روح کو صدمہ پہنچانے کی نازیبا جرأت ہرگز نہیں کی۔

(۹)

آخر میں اُن ارباب علم و فضل بزرگوں، دوستوں اور محسنوں کا شکریہ ادا کرنا ضروری ہے۔ جنھوں نے کسی نے کسی طریقے سے ان حواشی کی تدوین میں میری اعانت فرمائی۔

سب سے پہلے میں انڈین کونسل فار کلچرل ریلیشنز آزاد بھون، نئی دہلی کے کتب خانہ کے ارباب حل وعقد کا احسان مند ہوں۔ جیسا کہ میں نے ابتدائی سطور میں اشارہ کیا ہے کہ یہ مواد کونسل کے کتب خانہ میں محفوظ ہے۔ اصحاب کتب خانہ

www.KitaboSunnat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نے مجھ کو یہ مواد استعمال کرنے کی اجازت دی۔ جناب گلزار احمد نقوی، لائبریرین اور جناب خواجہ منیر احمد جونیر لائبریرین کی کرم فرمائیوں کا جتنا بھی شکریہ ادا کیا جائے کم ہے۔ ہر دو صاحبان نے متعلقہ مواد کو بروقت فراہم کرنے اور اس کی ضروری ترتیب و تنظیم میں مجھ سے بھرپور تعاون کیا اور بہ وقت ضرورت مفید مشوروں سے بھی میری مدد کی۔

میں ڈاکٹر عابد حسین مرحوم کا صمیم قلب سے سپاس گذار ہوں کہ مرحوم نے اپنے رسالہ "اسلام اور عصر جدید" میں اردو کی چند کتابوں سے متعلق حواشی چار قسطوں میں شائع فرما کر علمی دنیا کو ان کی قدر و قیمت سے روشناس کرایا۔ ڈاکٹر صاحب کے انتقال کے بعد یہ رسالہ "ڈاکٹر ذاکر حسین انسٹی ٹیوٹ آف اسلامک اسٹڈیز، جامعہ ملیہ اسلامیہ میں مدغم ہو گیا۔ جناب پروفیسر ضیاء الرحمٰن فاروقی اس ادارہ کے ڈائرکٹر ہیں۔ میں جناب کا از حد مشکور ہوں کہ آپ نے مزید ایک قسط رسالۂ مذکور میں شائع کرنے کی عنایت فرمائی۔ فاروقی صاحب نے حواشی کی تیاری میں بھی مفید مشوروں سے نوازا۔

میں اپنے عم محترم جناب کوثر چاندپوری کا ممنون احسان ہوں جنھوں نے میرا مقدمہ بالاستیعاب مطالعہ فرما کر کارآمد اصلاح و ترمیم سے فیضیاب کیا۔

ڈاکٹر عابد رضا بیدار کا اس حد تک شکریہ ادا کرنا لازمی ہے کہ انھوں نے اپنی کتاب کی تصنیف کے دوران جو وہ مولانا آزاد پر لکھ رہے تھے اور آزاد بھون کی لائبریری سے استفادہ کر رہے تھے۔ میری خصوصی توجہ ان حواشی کی طرف مبذول کرائی۔ عتیق صدیقی صاحب مرحوم و مغفور ایک ہمہ جہت شخصیت اور گوناگوں خوبیوں کے مالک تھے۔ میرے اس کام کے دوران وہ جب بھی ملتے تو از حد شفیقانہ انداز میں مجھ کو بُرا بھلا کہتے اور جلد از جلد کام کو تکمیل تک پہنچانے کی تاکید کرتے۔ کاش وہ اس وقت زندہ ہوتے تو وہ بیحد خوش ہوتے۔ میں مرحوم کا مرہون منّت ہوں۔ خدا ان کو اپنے جوار رحمت میں داخل کرے۔

میں جناب شہاب الدین انصاری، لائبریرین ڈاکٹر ذاکر حسین لائبریری جامعہ ملیہ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اسلامیہ کا از حد مشکور ہوں۔ موصوف نے ان حواشی کی ترتیب و تنظیم میں نہایت موزوں اور کار آمد مشورے دیے۔ ان کا یہ بھی احسان ہے کہ انھوں نے ہی اردو اکیڈمی دہلی تک اس کتاب کے مسودہ کی رسائی کی راہ نکالی۔ جناب شکیل حسن نقوی کی عملی جدوجہد بھی اس سلسلہ میں لائق شکریہ ہے۔

جناب پروفیسر ڈاکٹر محمد ذاکر، شعبۂ اردو، جامعہ ملیہ اسلامیہ کا بھی شکر گذار ہوں انھوں نے بھی بڑے مفید مشوروں سے نوازا اور حواشی کا موجودہ انداز ترتیب ان ہی کی رائے سے اختیار کیا گیا۔

سب سے اہم اور ضروری اردو اکیڈمی دہلی کا ذکر ہے۔ اکیڈمی کے اراکین خصوصاً جناب شریف الحسن نقوی، سکریٹری اکیڈمی کا ممنون احسان ہوں، کہ انھوں نے مولانا ابوالکلام آزاد کے علمی مقام کے پیش نظر اور خاکسار کی ہمت افزائی کی بنا پر اس کتاب کی اشاعت کا اکیڈمی کی جانب سے اہتمام کیا اور اس کو شائع کرنے کی مکمل ذمہ داری قبول کی۔ کفران نعمت ہوگا اگر میں ڈاکٹر خلیق انجم کا شکریہ ادا نہ کروں۔ موصوف اکیڈمی کے اشاعتی معاملات کے صدر ہیں۔ انھوں نے اس کتاب کی اشاعت میں اپنی خاص دلچسپی کی نوازشات فرمائیں۔ ڈاکٹر انتظار میرزا کی کوششوں کا بھی ممنون احسان ہوں۔

یہ بات مولانا کے علم و فضل کے شائقین کے لیے بڑی مسرت کی ہے کہ مولانا کی صد سالہ تقریبات کے مبارک موقع پر یہ کتاب معرض ظہور میں آرہی ہے۔

مسیح الحسن

مورخہ ۲۲ فروری ۱۹۸۸ء

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فلسفہ و مذہب

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فلسفہ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اردو

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

891.9139
SHE
شبلی نعمانی
مقالات شبلی: فلسفیانہ۔ ج ۷۔ اعظم گڈھ، مطبع معارف، ۱۹۳۸
صفحات ۱۰۷
L2155

صفحہ کتاب	متن/سیاق وسباق	حاشیۂ آزاد
۲۲	مولانا شبلی کا ایک مضمون "فلسفۂ یونان اور اسلام" پر ہے۔ اس میں انھوں نے یونانی منطق کی غلطیاں نکالی ہیں۔ دوران بحث استقراء پر روشنی ڈالی ہے۔ شبلی کہتے ہیں کہ استقراء کے ذریعہ سے جو کلیہ قائم ہوگا اس کا کبریٰ بنانا بالکل بیکار ہوگا۔ کیونکہ استقراء کے ذریعہ سے حداوسط کے تمام افراد کا پہلے احاطہ ہوچکا ہے۔ اور اُن ہی افراد میں اصغر بھی ہے۔ مثلاً اگر ہم سرکہ کے بارد ہونے پر اس طرح استدلال کریں کہ سرکہ کھٹا ہے اور ہر کھٹی چیز بارد ہے اس لیے سرکہ بارد ہے تو یہ استدلال محض لغو ہوگا۔ کیونکہ استقراء کے ذریعہ سے سرکہ کا بارد ہونا ہم کو پہلے ہی معلوم ہوچکا ہے۔ اس لئے کہ استقراء کے یہی معنی ہیں کہ تمام کھٹی چیزوں کا حال معلوم کیا جائے۔ جن میں سرکہ بھی داخل ہے۔ اگر استقراء کے وقت سرکہ دریافت کرنا رہ گیا تو استقراء صحیح نہیں ہوا۔ شبلی نے کشش اتصال اکشش کیہادی کی وضاحت کی ہے	"(۱) مقصود تحصیل علم نہیں ہے۔ اثبات ہے اس لیے کبریٰ ضروری ہوا۔ (۲) استقراء میں بے شمار کھٹی جزئیات کا علم حاصل ہوا تھا مگر ایک جزئی یعنی سرکہ رہ گیا تھا۔ الخ دراصل استقراء کے لیے استقراء تام ہونا ہر حال میں ضروری نہیں ہے"
۳۷	"ثابت بن قرہ اکشش اختراع"	

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ن
160
NAD

نذیر احمد خاں، محمد
مبادی الحکمۃ ۔ دہلی، مطبع افتخار، ۱۸۹۱
صفحات ۱۳۲

L940

صفحہ کتاب	متن / سیاق و سباق	حاشیۂ آزاد
۲۹	مصنف نے اجتماع نقیضین اور ارتفاع نقیضین کا ذکر کیا ہے۔	"غالباً پہلے تباین جزئی ہے اور پھر کلی"
۳۰	اصل کلیوں کی نسبت تباین کلی میں تناقض اور مغایرۃ دو نسبتیں داخل ہیں۔ اور ان کے نقیضوں کی نسبت تباین جزئی میں بھی تناقض اور عموم وخصوص من وجہ داخل ہیں۔	"مثلاً شجر ولاحجر"
۳۱	وہ تباین کلی جو مغایرۃ کے پیرایے میں ہوتا ہے۔ اس کی مثال ہے درخت اور پتھر۔	"اور جو تباین بمع نقیض ہوتا ہے اس کی مثال ہے وجود و عدم"۔
۳۳	مساوی درجے کے عموم وخصوص پر بحث ہے	"یعنی غیر لایعقل عین خاص یعنی حیوان"
۳۴	مصنف نے اصل کلی اور نقیض کی تشریح مثال کے ذریعہ اس طرح کی ہے۔	05824
	اصل کلی ا	اصلی کلی
	حیوان لایعقل	حیوان" و در ہر دو نسبۃ عموم وخصوص لایعقل
	نقیض	"عام" من وجہ غیر مساوی" "خاص"
	لاحیوان غیر لایعقل یعنی عاقل	نقیض
	نوٹ: مولانا نے واو بین کے ذریعہ اضافے فرمائے ہیں دیکھو حاشیہ۔	لاحیوان "نقیض عام نقض خاص غیر لایعقل یعنی عین خاص ہوگی" یعنی عاقل

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عربی

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

A
160
DAM

عبدالحیٔ، محمد

شرح تہذیب المنطق والکلام. مطبع علوی، ۱۸۷۳

صفحات ۱۰۰

L ۴۶۳۷

صفحہ و باب	متن/سیاق و سباق	حاشیہ/آزاد
۵/۴۰۲	-	-
۸/۷۱۶	-	-
۱۲/۹	-	-
۱۵/۳	-	-
۱۹/۱۸	-	-
۲۳/۲۰	-	-
۳۴/۳۱	-	-
۳۸/۳۲	-	
۴۳/۴۰	-	-
۵۱/۵۰	-	-
۵۴/۵۳	-	-
۱۰۰	-	-

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

A
297.4
S-H-1

قطب الدین شیرازی، محمد بن مسعود

شرح حکمة الاشراق

حاجی سید ابراہیم تاجر طباطبائی، ۱۸۹۴ء

صفحات ۵۲۵

۷۳۴۶۶

صفحہ کتاب	متن / سیاق و سباق	حاشیہ آزاد
سرورق		"بحث متابع و استشهاد از لوذاسف ذئن قبیله من المشرقین الخ ۴۷۹ نور "اسفهبد" ای اسپهبد بدکار مصطلحات اوستا می باشد" مصنف جاماسپ را که از متاخرین حکماء ایران بود از تلامذه زردشت می پندارد۔ الخ من کنت فی دهلی وکان ذیلک یوم الخامس "من دسمبر سنہ ۱۹۱۱ع وانا الفقیر مکنی بابی الکلام
۲۷۸	"وصوا لشاهق الا لهی ماهذا مختصره ای حکی عن نفسه ماهذا المذکور مختصره الی قوله حجت الفکره عنی ذلک النور واصل هذا الحکایة وان نقل فی بعض الکتب عن ارسطو لکن الاشبه ان یکون عن افلاطن"	"بما نقل عنه الفارابی فی الجمع الرائین والصحیح انه قول بعض الاشرافین من الحکماء الاسکندریه المتاخره
۲	—	—

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

انگریزی

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

109
SCH

SCHWEGLER (Albert).
Handbook of the history of philosophy. Tr. by James Hutchison Sterling. Edinburgh, Olivers Boyd 1871.

۳۴۷۹
x 1111, 486/L

صفحۂ کتاب	متن / سیاق و سباق	حاشیۂ آزاد
۱	مصنف فلسفہ اور دیگر تجرباتی سائنسوں کے فرق پر بحث کرتے ہوئے لکھتا ہے۔ "The various empirical sciences take their matter directly from experience; they find it ready to hand; and as they find it, they accept it. Phllosophy, on the contrary, accepts not what is given in experience as it is given, but follows it up into its ultimate grounds, regarding each particular fact only in relation to a final principal, and as a determinante link in the system of knowledge."	"سائنس کے پیش نظر وہی چیزیں ہیں جو فلسفے کے پیش نظر ہیں۔ موضوع ایک حد تک دونوں کا ایک ہے فرق طرز بحث میں ہے۔ ایک ظاہری تجربہ پر بس کرتا ہے۔ دوسرا تمام تجارب کے باہمی تعلقات و روابط کو دریافت کرکے وحدت کا رنگ قائم کرنا چاہتا ہے۔
۲	فلسفہ کی مزید وضاحت کی ہے۔ "In the sea of empirical particulars, in the confused infinitude of the contingent, it establishes	"ایک قانون رابطۂ کلی قائم کرنا چاہتا ہے"

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صفحہ کتاب	متن / سیاق و سباق	حاشیۂ آزاد
	the universal, the necessary, the all-pervading law." In short, philosophy considers the entire empirical finite in the form of an intelligently articulated system."	
۲	مصنف کے خیال میں فلسفہ اور سائنس آپس میں مربوط ہیں۔	
	"From this it follows that philosophy (as the thought totality of the empirical finite) stands to the empirical sciences in relations of reciprocity, alternately conditioning, and conditioned by them. It is as idle, therefore, to expect at any time the completion of philosophy, as the completion of empirical sciences."	"بنابریں فلسفہ اور سائنس ایک دوسرے سے علیحدہ نہیں کئے جا سکتے اور مؤخرالذکر کے بغیر اول الذکر کی تکمیل نہیں ہو سکتی۔ دونوں ترقی کرتے جائیں گے تکمیل کو نہ پہنچیں گے۔"
۲	تاریخ فلسفہ کے مختلف مدارج کے باہمی ربط و ضبط پر بحث ہے	
	"As man's historical life in general, even considered from the point of view of a calculation of probabilities, is made coherent by an idea of intellectual progress, and exhibits, if with interruptions, still a sufficiently continuous series of successive stages;	"جیسے ایک انسان کی زندگی باوجود مختلف مدارج طے کرنے کے اپنے اندر ایک دوسرے سے غیر مرئی رابطہ رکھتی ہے ایسے ہی فلسفہ کے مختلف مدارج ایک دوسرے سے اتحادی تعلق رکھتے ہیں فرق اتنا ہے کہ ایک انسانی اول الذکر

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حاشیۂ آزاد	متن / سیاق و سباق	صفحۂ کتاب
طبعی طور پر سامنے آتی ہے بعد میں اُس حیثیت سے بھی کہ ہمیں اُس کے طبعی ہونے کا شعور بھی ہے۔"	so the various historical systems (each being but the philosophical expression of the entire life of its time), constitute together but a single organic movement, a rational, inwardly-articulated whole, a series of evolution, founded in the tendency of mind to raise its natural more and more into conscious being, into knowledge, and to recognise the entire spiritual and natural universe more and more as its life and outward exlstence, as its actuality and reality, as the mirror of itself."	
	ہیگل پہلا شخص تھا جس نے تاریخ فلسفہ کو ایک مسلسل عمل قرار دیا ہے۔	۲
"یہ اولیات ہیگل میں سے ہے" "بظاہر متباین المفاہیم اصول اس طرح باہم متعلق ہیں جیسے فاطمیوں ایک دوسرے سے"	"Hegel was the first to enunciate these views, and to regard the history of philosophy in the unity of a single process; but the fundamental idea, though true in principal, has been perhaps overstrained by him, and in a manner that threatens to destroy, as well the freedom of the human will, as the notion	

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صفحہ/کالم	متن/سیاق وسباق	حاشیۂ آزاد
	of contingency, or of a certain existent unreason. Hegel holds the succession of the systems in history to be the same as that of the categories in logic."	
۴	ارتقاء فلسفہ کے ضمن میں لکھا ہے۔	
	"The system of philosophy proceeds synthetically; its history-the history of thought-analytically. With greater justice we may maintain the exact contrary of the Hegelian thesis, and assert that what is first in itself is precisely last for us."	"The author's own theory"
۴	مختلف فلاسفروں کے خاص خاص نقطہائے نگاہ پیش کئے ہیں۔	"Illustrations"
۵	سقراط سے پہلے کے فلسفیانہ رجحانات پر بحث ہے۔	
	"The general tendency of Pre-Socratic philosophy is this, to find a principle of the explanation of nature."	"The search for a principle underlying the Nature taken to be what is manifest."
۷	قبل از سقراط کے تین فلسفیانہ رجحانات پر روشنی ڈالی ہے۔	"۳ گروہ کی غلطی یہ تھی کہ وجود کی بحث کو دنیائے وجود سے اتنا علیحدہ کیا کہ موخرالذکر کے قائل ہی نہ رہے حالانکہ اس تمام بحث کا منشا

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صفحہ کتاب	متن / سیاق و سباق	حاشیۂ آزاد
		یہ تھا کہ تشخصات اعیانی کا سبب اور اصل ڈھونڈیں نہ کہ اُن کا انکار"
۱۲	فیثاغورین اصول فلسفہ پر بحث ہے۔	
	"The fundamental thought of the Pythagoreans was that of proportion and harmony: this idea is to them, as well the principle of practical life, as the supreme love of the universe."	"But the question arises whether the matter precedes Harmony or Vice Versa?"
۱۳	فیثاغورین فلسفے کی بحث جاری ہے۔	
	"The accounts of ancients are not agreed as to whether number was considered by the Pythogareans an actually material or a merely ideal principle, that is, a primitive form, according to which all had been ordered and disposed."	"اصولِ معنوی"
۱۶	(زینوفینز) Xenophanes کے فلسفیانہ نقطۂ نظر کے متعلق مصنف لکھتا ہے۔	
	"He called God one. The Eleatic 'One and All' had still with him a theological, or a religious character."	"مذہبی پہلو رکھتا ہے"

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صفحہ کتاب	متن / سیاق و سباق	حاشیۂ آزاد
۱۷	پارمینائڈیز (Parmenides) جس نے اپنے فلسفیانہ خیالات ایک نظم کے ذریعہ ظاہر کیے تھے۔ وجودِ عالم پر اپنا نظریہ پیش کرتا ہے۔	"پارمینائڈیز کی تعریف موجود کے مطابق تمام وہ چیزیں جو محسوسات کے درجے رکھتی ہیں۔ فی الحقیقت ان کا شمار معدوم چیزوں میں ہے۔"
	"Though firmly convinced that, in truth and reason, only the one is, Parmenides is unable to escape the recognition of a phenomenal and mutable complex."	
۱۷	عبارت میں ان دو ترکیبوں کا استعمال ہوا ہے۔	
	"doctrine of being" "doctrine of seeming"	"وجود" "نمود"
۱۸	انگریزی کی یہ ترکیب استعمال کی گئی ہے۔	
	"demonstration of the contradiction	"دلیلِ خلف"
۱۹	کتاب میں ایک جملہ اس طرح ہے۔	
	"Zeno is named by Aristotle the originator of dialectic"."	"استدلال در مخاطبات"
۱۹	Heraclitus (ہراکلٹس) کے فلسفہ کی تشریح کی گئی ہے۔	
	"Pure being and phenomenal being, the one and the many, fall, in the Eleatic principle, apart from each other: the attempted monism results in all-concealed dualism."	

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صفحہ/کتاب	متن/سیاق وسباق	حاشیۂ آزاد
	مولانا آزاد نے 'monism' اور 'results' کے درمیان ایک جملہ کا اضافہ کیا ہے۔	"of Parmenides&Zeno"
۲۰	(ہراکلٹس) Heraclitus کی تصنیف کا نام مصنف نے یہ لکھا ہے۔ "on nature"	"کتاب الفطرۃ"
۲۰	اسی فلسفی کی بحث جاری ہے۔	"موج کی تشبیہ"
	"Into the same river, a saying of his ran, 'we go down, and we do not go down. Far, into the same river no man can enter twice; ever it disperses itself and collects itself again, or rather, at once it flows-in and flows-out." Nothing, he said, remains the same, all comes and goes, resolves itself and passes into other forms; out of all comes all, from life death, from the dead, life; there is every where and eternally only this one process of the alternation of birth and decay."	
۲۱	یہ ترکیب کتاب میں ہے "The constant force" (امپاڈاکلس) Empedocles کی فلسفیانہ تصریحات مصنف نے ان الفاظ میں پیش کی ہیں۔	"دائمی طاقت"

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صفحہ کا نمبر	متن / سیاق و سباق	حاشیۂ آزاد
	"His philosophical system may be briefly characterized as an attempt at a combination between Eleatic being and Heraclitic becoming"	"گذشتہ دو گروہوں میں تطبیق کی صورت نے ایک تیسری جماعت پیدا کی۔"
۲۴	کتاب میں یہ دو ترکیبیں استعمال کی گئی ہیں۔	
	"Repulsive tendency"	"تدافع"
	"Attractive one"	"تمایل"
۲۴	تین مشہور فلسفیوں کے نظریات بیان کیے گئے ہیں۔	"پارمنائڈ قائل محبت" "ہرکلٹس قائل جنگ" "امپاڈاکلس قائل محبت و جنگ ہر دو"

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مذہب

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اردو

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

297.12
U
AZ8

آزاد، ابوالکلام محی الدین

ترجمان القرآن۔ جلد اول

دہلی، دفتر ترجمان قرآن، ۱۹۳۱ (۱۳۵۰ھ)

صفحات ۷۶، ۴۵۵

۸۸۵۴۴

صفحہ کتاب	متن / سیاق و سباق	حاشیۂ آزاد
صفحہ سادہ	مولانا نے یہ عبارت سرورق سے پہلے منسلکہ سادہ کاغذ پر لکھی ہے۔ سیاق و سباق کا کچھ علم نہ ہو سکا ۲ یہ لفظ نمایاں طور پر "روم" نظر آرہا ہے ممکن ہے "روز" ہو۔ ۳ یہ گنتی کا "4" دکھلائی دے رہا ہے اس سے کیا مقصد ہے میں نہ سمجھ سکا۔	۱ استدلال از انفس و آفاق مثلاً در روم ۲ اولم گفت اولم تفکروا فی انفسھم بعد گفت اولم یسیروا فی الارض" (۳/۴)
۲۷	دینداری اور خدا پرستی کے سلسلہ میں قرآن کے استدلال کی وضاحت کرتے ہوئے مولانا نے لکھا ہے کہ قرآن کے نزول سے پہلے دینداری اور خدا پرستی کے جس قدر تصورات موجود تھے وہ نہ صرف عقل کی آمیزش سے خالی تھے بلکہ اُن کی تمام تر بنیاد غیر عقلی عقائد پر رکھی گئی تھی لیکن قرآن کریم نے خدا پرستی کے لئے عقلی تصور پیش کیا۔	"این جا باید در باب تعقل و جذبات و اینکہ ابتداءً انسان از جذبات دانتہا بر تعقل الخ"
۲۸	قرآن کا اسلوب بیان انسان کے لئے نظری مقدمات اور ذہنی مسلمات کی شکلیں ترتیب نہیں دیتا۔ اس کا تمام تر خطاب انسان کے	"انی اللہ شک فاطر السموات والا (ابراہیم ۲ رکوع

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صفحہ نمبر	متن / سیاق و سباق	حاشیۂ آزاد
	فطری وجدان ذوق سے ہوتا ہے۔ وہ کہتا ہے خدا پرستی کا جذبہ انسانی فطرت کا خمیر ہے اگر انسان اس سے انکار کرے تو دلیلوں سے اس کے نہاخانۂ دل پہ دستک دی جائے تاکہ اس کا فطری وجدان بیدار ہو۔ یہی وجہ ہے کہ قرآن خود انسان کی فطرت ہی سے انسان پر حجت لاتا ہے۔	
۳۹	الرحمٰن الرحیم کی بحث میں "رحمت اور" محبت کی مماثلت بیان کرتے ہوئے "رحمت" کی تفصیل سے وضاحت کی ہے۔ اور اس کی افضلیت پر سیر حاصل تبصرہ کیا ہے۔	"رحمت گفت محبت نہ گفت"
۴۲	کائنات ہستی اور اس کی تمام اشیا افادہ و فیضان کے لئے وجود میں آئی ہیں	"ولقد کرمنا بنی آدم وحملناھم فی البر والبحر۔ الخ"
۴۲	قرآن پاک میں زور دیا گیا ہے کہ جلدی نہ کرو انتظار کرو عنقریب حق و باطل کا فیصلہ ہو جائے گا۔ قضاء بالحق کا نتیجہ یہ نہیں ہوتا کہ ہر باطل عمل فوراً نابود ہو جائے اور عمل حق فوراً فتحمند ہو جائے۔ رحمت کا تقضا یہ ہے کہ مادیات میں "تدریج و امہال" کے ساتھ ساتھ معنویات میں تدریج و امہال کا قانون کام کرے۔ وہ کہتا ہے جس طرح	"مثلاً فطرت کا یہ قانون ہے کہ اگر پانی آگ پر گرم کیا جائے تو وہ گرم ہو کر کھولنے لگتا ہے لیکن پانی کے بتدریج گرم ہونے اور بالآخر کھولنے کے لئے حرارت کی ایک خاص مقدار ضروری ہے۔ اور اس کے ظہور کے لئے ناگزیر ہے کہ ایک مقررہ وقت تک انتظار کیا جائے ایسا نہیں ہو سکتا کہ تم پانی آگ پر رکھو اور فوراً کھولنے لگے۔ وہ یقیناً کھولے گا، اور

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صفحہ نمبر	متن / سیاق و سباق	حاشیۂ آثار
	مادیات میں ہر حالت بہ تدریج نشو و نما پاتی ہے اور ہر نتیجہ کے ظہور کے لئے ایک خاص مقدار ایک خاص مدت اور ایک خاص وقت مقرر کر دیا گیا ہے۔ ٹھیک اسی طرح اعمال کے نتائج کے لئے بھی مقدار و اوقات کے احکام مقرر ہیں اور ضروری ہے کہ ہر نتیجہ ایک خاص مدت کے بعد اور ایک خاص مقدار کی نشو و نما کے بعد ظہور میں آئے۔	حرارت کی وجہ ہی سے پکھرلے گا گذا
۷۴	حق و باطل کے نتائج و عواقب میں مہلت بخشی کی بحث جاری ہے۔ مولانا نے مباحث کی تشریح میں کلام پاک کی آیات پیش کی ہیں اور ان کی وضاحت کی ہے	" یدبر الامر من السماء الی الارض ثم یعرج الیہ فی یوم کان مقدارہ الف سنۃ مما تعدون (۳۲ : ۵) "تعرج الملائکۃ والروح الیہ فی یوم کان مقدارہ خمسین الف سنۃ" "حساب کی ہوئی"
۷۵	کلام پاک کی آیت اس طرح ہے: "وما نؤخرہ الا لاجل معدود ۃ" ترجمہ یہ ہے۔ اور (یاد رکھو) اگر ہم اس معاملہ میں تاخیر کرتے ہیں تو صرف اس لئے کہ اُسے گنی ہوئی مدت کے لئے تاخیر میں ڈال دیں"	
۷۷	زندگی سے استفادہ کرنے کی مہلت پر قرآن کے ارشادات کی تصریح کی ہے۔	" شرح این حقیقت کہ ظہور عذاب در دنیا موقوف براصرار و استمرار ام علی الفاذا ست"
۱۰۵	انسان کے تصورات کی طرح صفات الٰہی کا	"بحث حقیقت تصور صفات و حقیقت تشبیہ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صفحہ کتاب	متن / سیاق و سباق	حاشیہ آزاد
	تصور بھی اس کی ذہنی و معنوی ترقی کے ساتھ ساتھ ترقی کرتا رہا۔ انبیاء کرام نے ہمیشہ خدا پرستی کی تعلیم ویسی ہی شکل و اسلوب میں دی جیسی شکل و اسلوب کے فہم و عمل کی استعداد مخاطبین میں پیدا ہو گئی تھی۔	وتنزیہ الخ»
۱۱۴	تشبیہ، تنزیہہ اور تعطیل کی وضاحت کی ہے نیز ان کے باہمی فرق پر روشنی ڈالی ہے۔	«تشبیہ کے بغیر چارہ نہیں دیکھنا صرف یہ ہے کہ کس حد تک ہو؟ الخ»
۱۱۵	قرآن میں مذکور خدا کی صفات پر مفصل بحث ہے اسلامی فرقوں جہمیہ، اور باطنیہ کا ذکر کیا ہے جو صفات کی نفی کرتے تھے تنزیہہ اور تعطیل کا فرق بیان کیا ہے رحمت و جمال کے تصور پر تبصرہ کیا ہے۔ نیز سزا و جزا قہر و غضب اور عدالت کی تصریحات پیش کی ہیں۔	«مقام بے حد نازک ہے تشبیہ میں غلو منجر بہ تجسم اور تنزیہہ میں غلو منجر بہ تعطیل الخ» «وہ سمجھتے تھے (جہمیہ و باطنیہ) کہ تنزیہہ میں جو غلو کیا جا رہا ہے اس سے تصور الٰہی کا ایک فلسفہ پیدا ہو سکتا ہے۔ لیکن عقیدہ نہیں پیدا ہو سکتا» «رحمت کی طرح قدرت و مجازات» «نور و ظلمت کے اشتمال کا حل»
۱۳۹	تجدید دعوت کی وضاحت کرتے ہوئے لکھا ہے کہ جب تمام مذاہب کا مقصد ایک ہی ہے اور سب کی بنیاد سچائی پر ہے تو پھر قرآن کے ظہور کی کیا ضرورت تھی۔ قرآن ہی میں اس کا جواب موجود ہے کہ اگرچہ تمام مذاہب سچے ہیں لیکن تمام مذاہب کے پیرو سچائی سے منحرف ہو گئے ہیں۔ اس لئے	وما انزلنا علیك الكتاب الا لتبين لهم الذين اختلفوا فيه وهدى ورحمة لقوم مومنون۔ (نحل)»

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صفحہ کتاب	متن / سیاق و سباق	حاشیۂ آزاد
	ضروری ہے کہ سب کو اُن کی گم شدہ سچائی پر ازسرِ نو جمع کر دیا جائے۔	
۱۴۱	یہودیوں اور عیسائیوں نے ایک خاص طرح کی نسلی اور اجتماعی گروہ بندی کا قانون بنا لیا تھا اور وہ اپنے اپنے دائروں میں خدا پرست اور نیک اعمال والے متصور کیے جاتے تھے برخلاف اس کے قرآن نے خدا پرستی کی عام دعوت دی۔	"قرآن خدا پرستی اور نیک عمل کی دعوت دیتا تھا اور حضرت موسیٰ اور حضرت مسیح کا مصدق تھا لیکن نہ تو یہودی۔ الخ"
۱۶۶	قرآن نے جا بجا دینِ حقیقی کو صراطِ مستقیم سے تعبیر کیا ہے۔	"ان ربی علی صراطٍ مستقیم (ہود)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

220.V591439
BIP

بائبل

کتاب مقدس: پُرانا اور نیا عہد نامہ

لاہور، پنجاب بائبل سوسائٹی، ۱۹۰۳
(۱) پُرانا عہد نامہ۔ صفحات ۱۳۶۱
(۲) نیا عہد نامہ۔ صفحات ۵۲۰

L 662

صفحۂ کتاب	متن/سیاق وسباق	حاشیۂ آزاد
۷	کتاب پیدائش۔ آخری پہرے کی پہلی سطر میں خدا کے بیٹوں کا تذکرہ ہے	"خدا کے بیٹے" کا پہلا استعمال"
۱۵	تیرہویں باب کے پہلے پہرے کی آخری سطر میں ابراہیم کی قربانگاہ کا ذکر ہے۔	"مکہ"
۱۷	ابراہیم خدا سے شکوہ کر رہے ہیں کہ میں بے اولاد ہوں میرا وارث دنیا میں کون ہوگا خدا نے جواب دیا کہ تو ستاروں کو گن تیری اولاد اس طرح ہوگی۔ خدا نے مزید کہا میں تجھ کو کسدیوں کے غول سے نکال لایا ہوں تاکہ تجھ کو یہ ملک میراث میں دوں ابراہیم نے پوچھا کہ میں یہ کیسے جانوں کہ میں اس کا وارث ہوں گا۔ خدا نے کہا کہ تین برس کی ایک بچھیا اور تین برس کی ایک بکری اور تین برس کا ایک مینڈھا اور ایک فری اور ایک کبوتر کا بچہ میرے واسطے لا پرندوں	"واقعۂ احیاء طیر" "مصر میں غلامی"

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صفحہ کا نمبر	متن / سیاق و سباق	حاشیۂ آزاد
	کو چھوڑ کر سب کے دو دو ٹکڑے کیے گئے شکاری پرندے ان لاشوں پر اُترے۔ ابرام نے ان کو بھگایا۔ پھر ابراہیم سے کہا گیا کہ تیری اولاد ایک دوسرے ملک میں پردیسی ہوگی اور وہاں کے لوگوں کی غلام بنے گی۔	
۱۹	ابراہیم جب ننانوے برس کا ہوا تو خدا اس کو نظر آیا اور کہا کہ میں اپنے اور تیرے درمیان عہد کرتا ہوں اور یہ میرا عہد تیرے ساتھ ہمیشہ رہے گا تو بہت سی قوموں کا باپ ہوگا اور پھر تیرا نام ابرام نہیں بلکہ ابراہام ہوگا۔	"ابرھام"
۱۹	خدا نے ابراہیم سے کہا کہ میں اپنے اور تیرے درمیان اور تیرے بعد تیری نسل کے درمیان اُن کی پشت در پشت کے لئے عہد کرتا ہوں کہ میں تیرا اور تیری نسل کا خدا ہوں گا میں تجھ کو اور تیرے بعد تیری نسل کو کنعان کا سارا ملک دیتا ہوں۔	"میثاقِ الٰہی"
۱۹	خدا نے ابراہیم سے کہا کہ اس کو اور اس کی نسل کو چاہیے کہ میرا عہد یاد رکھیں اور پشت در پشت ہر لڑکے کا جو آٹھ روز کا ہو ختنہ کیا جائے۔ اور جس کا ختنہ نہیں ہوا وہی شخص اپنے لوگوں میں سے کٹ جائے گا اور اس صورت میں میرا عہد ٹوٹ	۔ قَالَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِيْ قَالَ لَا يَنَالُ عَهْدِي الظّٰلِمِيْنَ"

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صفحہ کتاب	متن / سیاق و سباق	حاشیہ آزاد
	جائے گا۔	
۲۰	خدا نے ابراہیم سے کہا کہ تیری سوہ سرہ سے ایک لڑکا ہوگا اس کا نام اضحاق رکھنا اور اس سے میں اپنا عہد قائم کروں گا اور اسماعیل کے حق میں میں نے تیری سنی میں اس کو برکت دوں گا اور اسے برومند کروں گا۔	"ہنو اسماعیل"
۲۰	ابراہیم کے اپنے خیمہ کے دروازے پر بیٹھے ہونے اور تین مردوں کے آنے، ان کی تعظیم اور خاطر و مدارات کرنے کا تذکرہ ہے۔ آخر میں سرہ کے بطن سے لڑکا پیدا ہونے کی دلچسپ کہانی ہے۔	"حدیث ضعیف ابراہیم"
۲۶	ابتدائی چند سطروں میں فاران کے بیابان کا ذکر ہے۔	"فاران حجاز ہے"
۵۳	یوسف اپنے بھائیوں سے اپنا خواب بیان کر رہا ہے کہ اس نے سورج چاند اور گیارہ ستاروں کو دیکھا کہ وہ یوسف کو سجدہ کر رہے ہیں۔ اس کے بھائیوں کو اس پر حسد ہوا لیکن باپ نے یہ بات یاد رکھی۔	"اعلم من اللہ مالا تعلمون"
۵۴	یوسف کو کوئیں سے نکال کر اسماعیلیوں کے ہاتھ بیچے جانے کا تذکرہ ہے۔	"اسرائیلی اسماعیلی کی غلامی میں"
۸۱	کتاب خروج موسیٰ کے مصر میں آنے اور معجزات دکھانے کا بیان ہے۔ موسیٰ فرعون	"بنی اسرائیل کو بیٹا کہا"

〃	اسی غزل کا مقطع یہ ہے۔ کس طرح سے مانیے یارو کہ یہ عاشق نہیں رنگ اڑا جاتا ہے مُنک چہرا تو دیکھو میر کا	"رنگ اُڑ جانا: چہرہ زرد ہو جانا
〃	ایک دوسری غزل کا شعر یہ ہے۔ دیکھا ہے صید گہ میں ترے صید کا جگر باآنکہ چھن رہا تھا یہ ذوقِ خدنگ تھا	"باآنکہ: باوجودیکہ"

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صفحہ کتاب	متن / سیاق و سباق	حاشیۂ آزاد
	اسی غزل کا مقطع یہ ہے	
	مت کر عجب جو میر تیرے غم میں مر گیا	
	جینے کا اس مریض کے کوئی بھی ڈھنگ تھا	"ڈھنگ : طرز"
	دوسری غزل کا ایک شعر یہ ہے	
	دل میں بہر از لسکہ خیال شراب تھا	
	مانند آئینے کے مرے گھر میں آب تھا	"زلسکہ : بے انتہا"
	اسی غزل کا دوسرا شعر یہ ہے	
	موجیں کرے ہے بحر جہاں میں ابھی تو تو	
	جانے کا بعد مرگ کہ عالم حباب تھا	"موجیں کرنا : مزے کرنا۔ خوش خوش گذارکرنا"
		"حباب : بے ثبات
	ایک اور شعر یہ ہے	
	ٹک دیکھ آنکھیں کھول کے اودم کی حسرتیں	
	جسدم یہ سوجھے گی کہ یہ عالم بھی خواب تھا	"آنکھیں کھول کے : بہ نگاہ تامل"
۲۱	کسی اور غزل کا شعر اس طرح ہے	
	کون سے یہ بحر خوبی کی پریشان زلف ہے	
	آتی ہے آنکھوں میں میرے موج دریا آشنا	"آتی ہے : معلوم ہوتی ہے"
	دوسرا شعر یہ ہے	
	بلبلیں پائیز میں کہتی تھیں ہوتا کانٹے	
	یک مژہ رنگ قراری اس چمن کا آشنا	"پائیز : خزاں۔ یک مژہ : ایک پل"
	شعر یہ ہے	
	کو گل و لالہ کہاں سنبل سمن ہم نسترن	
	خاک سے یکساں ہوئے ہیں ہائے کیا کیا آشنا	"خاک سے یکساں ہونا : خاک میں ملنا بلکہ خاک ہو جانا"

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صفحہ کالم	متن / سیاق و سباق	حاشیۂ آزاد
۲۲	میر صاحب کی غزل کا شعر یہ ہے	
	پہونچا نہ پہونچا آہ گیا سو گیا غریب	
	وہ مرغ نامہ بر جو میرا نامہ لے گیا	"گیا سو گیا: ایسا گیا کہ پھر واپس نہ آیا۔
	ایک دوسرا شعر اس طرح ہے	
	اُوس راہزن کے ڈھنگوں سے دیوے خدا پناہ	
	یک مرتبہ جو میر کا جی جامہ لے گیا	"ڈھنگوں سے: چلن سے۔ اطوار سے پناہ دے: بچائے"
۲۲	میر کا شعر یہ ہے	
	دیگی نہ چین لذتِ زخم اوس شکار کو	
	جو کھا کے تیرے ہاتھ کی تلوار جائے گا	"تلوار کھانا: زخم تلوار اٹھانا"
	ایک قطعہ کا پہلا شعر یہ ہے۔	
	یوں سنا جاہے کہ کرتا ہے سفر کا عزم جزم	
	ساتھ اب بیگانہ وضعوں کے ہمارا آشنا	"سنا جاہے: سنا جاتا ہے"
	غزل کا ایک مطلع اس طرح ہے۔	
	گلکو محبوب ہم قیاس کیا	
	فرق نکلا بہت جو باس کیا	"باس کیا: سونگھا"
	اسی غزل کا دوسرا شعر یہ ہے	
	کچھ نہیں سوجھتا ہمیں اُوس بن	
	شوق نے ہمکو بے حواس کیا	"سوجھنا: دکھائی دینا۔ نظر آنا معلوم ہونا"
۲۲	شعر یہ ہے۔	
	عشق میں ہم ہوئے نہ دیوانے	
	قیس کی آبرو کا پاس گیا	"آبرو کا پاس کرنا: آبرو کی رعایت کرنا"

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صفحہ/کالم	متن / سیاق و سباق	حاشیۂ آزاد
۲۳	میر کا ایک شعر یہ ہے باندھ مت رونے کا تار اے ناقباحت فہم چشم اس سے پایا جائے ہے سرشتہ جی کی چاہ کا	"تار باندھنا: کسی طرح کا سلسلہ باندھنا۔
	اک دوسری غزل کا شعر اس طرح ہے۔ خوبی کا اُسکی بسکہ طلبگار ہو گیا گل باغ میں گلے کا مرے ہار ہو گیا	"بسکہ: بہت۔ گلے کا ہار ہو گیا: پیچھے پڑ گیا: بُری طرح چمٹا"
	اسی غزل کا ایک دوسرا شعر یہ ہے ہے اوسکے حرف زیر لبی کا سبھوں میں ذکر کیا بات تھی کہ جس کا یہ بستار ہو گیا	"بستار: داستانِ طولانی۔ بات کا بتنگڑ"
۲۴	شعر یہ ہے۔ ساقی نشے میں تجھ سے لنڈھا شیشۂ شراب چل اب کہ دختِ تاک کا جوبن تو ڈھل گیا	"اسم مؤنث: جوبن ڈھل گیا۔ یعنی جوانی باقی نہیں رہی"
	دوسری غزل کا مطلع یہ ہے سُنا ہے حال ترے کشتگان بیچاروں کا ہوا نہ گور گڑھا اون ستم کے ماروں کا	"گور گڑھا بھی اُنکا نہ ہوا: یونہی بے دفن ہے"
۲۴	میر کی غزل کا شعر یہ ہے۔ ملا ہے خاک میں کس کس طرح کا عالم یاں نکل کے شہر سے ٹک سیر کر مزاروں کا	"سیر: اسم مذکر"
	اسی غزل کا ایک اور شعر یہ ہے۔ تمہیں تو زعم دو درع پہ بہت ہے اپنے غرور خدا ہے شیخ جی ہم بھی گنہگاروں کا	"خدا ہم گناہ گاروں کا بھی ہے: یعنی ہمارا بھی خدا مالک ہے"

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صفحہ/کالم	متن / سیاق و سباق	حاشیۂ آزاد
	دوسری غزل کا شعر اس طرح ہے	
	آنکھیں کفک سے اُسکے لگا کر خاک برابر ہم بھی ہوئے	
	مہندیکے رنگ اُدن پاؤں نے تو بہتوں کو پامال کیا	"خاک برابر ہونا : خاک میں ملنا"
	اسی غزل کا ایک دوسرا شعر یہ ہے۔	
	یوں نکلے ہے فلک ادھر سے ناز کناں جو جاتی تو	
	خاک سے سبزہ میری اوگا کر اُن نے مجکو نہال کیا	"نہال کیا : خوش کیا"
	شعر یہ ہے۔	
	آنکھوں میں جی مرا ہے ادھر دیکھتا نہیں	
	مرتا ہوں میں تو ہای رے صرف نگاہ کا	"آنکھوں میں جی ہے : لبوں پر دم ہے"
۲۵	ایک اور غزل کا شعر یہ ہے	
	"یہ تمہاری اذنوں دوستاں مژہ جسکے غم سے خونچکاں	
	وہی آفتِ دلِ عاشقاں کسو وقت ہمسے بھی یار تھا	"مژہ اسم مؤنث"
	غزل کا شعر یہ ہے	
	داغ ہوں رشکِ محبت سے کہ اتنا بیتاب	
	کسکی لتکیں کے لیئے گھر سے تو باہر نکلا	"داغ ہوں : جلتا ہوں"
	اسی غزل کا دوسرا شعر یہ ہے۔	
	جیتے جی آہ ترے کوچے سے کوئی نہ پھرا	
	جو سمندیدہ رہا جا کے سو مر کر نکلا	"جیتے جی : تازیست"
۲۶	میر کی غزل کا ایک شعر یہ ہے	
	نہیں ستارے یہ سوراخ پڑ گئے ہیں تمام	
	فلک حریف ہوا تھا ہماری آہوں کا	"حریف : مقابل"
	دوسرا شعر یہ ہے۔	

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صفحہ کتاب	متن / سیاق و سباق	حاشیۂ آزاد
	گلی میں اُسکی پھٹے کپڑوں پر مرے مت جا	
	لباسِ فقر ہے واں فخر بادشاہوں کا	"پھٹے کپڑوں پر مرے مت جا: قیاس مت کر"
	شعر یہ ہے۔	
	ہم رہروانِ راہ فنا ہیں برنگِ عمر	
	جا دینگے ایسے کھوج بھی پایا نجائیگا	"کھوج: سراغ"
	اسی غزل کا ایک اور شعر ہے	
	پھوڑا سا ساری رات جو پکتا رہے گا دل	
	تو صبح تک تو ہاتھ لگایا نجائے گا	"ہاتھ لگایا نہ جائے گا: ہاتھ لگانے کی برداشت نہ ہوگی"
۲۶	غزل کا شعر ہے	
	ہم بے خود ان محفل تصویر اب گئے	
	آئندہ ہم سے آپ میں آیا نہ جائیگا	"آپ میں آنا: ہوش میں آنا"
	ایک دوسری غزل کا شعر یہ ہے۔	
	دھوکا ہے تمام بحر دنیا	
	دیکھے گا کہ ہونٹ تر نہ ہوگا	"دھوکہ: سراب
	دوسرا شعر اس طرح ہے	
	اب دل کے تئیں دیا تو سمجھا	
	محنت زدوں کے جگر نہ ہوگا	"کے: کے سینہ میں مضاف الیہ کو محذوف کر دیتے ہیں"
	اسی غزل کا ایک اور شعر یہ ہے	
	آغاز خرابی اپنی مت کر	
	قحبہ ہے یہ اس سے گھر نہ ہوگا	"گھر نہ ہوگا: گھر آباد نہ ہوگا"

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صفحہ کتاب	متن / سیاق و سباق	حاشیۂ آزاد
۲۷	شعر یہ ہے ٹک گورِ غریباں کی کر سیر کہ دنیا میں ان ظلم رسیدوں پر کیا کیا نہ ہوا ہوگا	"سمِ عذاب محذوف"
۲۸	میر کا شعر یہ ہے چھوٹا کیے پیالے لنڈھتا پھرا قرابا مستی میں میری تھا یاں اک شور اور شرابا	"شور شرابا = غل غپاڑہ"
۲۹	قطعہ کا شعر ہے۔ تلوار کسکے خونیں سر ڈوب ہے تری یہ کس اجل رسیدہ کے گھر پر ستم ہوا	"سر ڈوب = یعنی شرابور"
۶۹	میر کی غزل کا شعر ہے۔ بن جو کچھ بن سکے جوانی میں رات تھوڑی ہے بہت ہے سانگ	"حسنِ استعمالِ مثل"
۷۹	شعر یہ ہے۔ تو زبوں شکار تو تھا ولے میر قتل گہ میں تری خو سے خانۂ کفِ پائے صید بنداں	"تعلّی طنز"
	ایک دوسری غزل کا شعر یہ ہے کوئی نہیں جہاں میں جو اندوہگیں نہیں اس عکدہ میں آہ دلِ خوش کہیں نہیں	"انشا کی بھی اس زمیں میں غزل ہے"
۱۹۴	غزل کا شعر یہ ہے۔ آنکھیں لگیں رہیں گی برسوں وہیں سہو کی ہوگا قدم کا تیرے جس جا نشاں زمیں پر	"بہ زمینے کہ نشانِ کفِ پائے تو بود۔ سالہا سجدۂ صاحب نظراں خواہد بود"

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صفحۂ کتاب	متن / سیاق و سباق	حاشیۂ آزاد
۲۳۱	میر کی غزل کا مطلع یہ ہے مگر مردن دشوار میر سہل ہے شوخ ہلاک کرتا ہے تیرا مسا ہلا مجھ کو	"مسا ہلہ بکسر ہا غلط بندھ گیا ہے"
۲۵۳	میر کی غزل کا شعر یہ ہے۔ زردی رنگ و رو نا دونوں دلیل کشتن خوش طالعی سے میرے کیا کیا گواہ نکلے	"واو عاطفہ ہندی ہے کیوں کہ ترکیب فارسی الفاظِ ہندی و فارسی میں محلِ تامل ہے"
۳۲۲	میر کی غزل کا مقطع یہ ہے۔ غزل ہے کہ ردیف و قافیہ کا رفتہ رہتا ہے نکلنا میر اب مشکل ہے میرا ان زمینوں سے	"اشارہ اس بات کی طرف ہے کہ تلاش کر کے قافیے اور ردیفیں باندھی ہیں اور روز بروز تلاش کا اہتمام بڑھتا جاتا ہے"

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فارسی

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

P
491.5503
GHA

غالب اسد اللہ خاں

قاطع برہان۔ درفش کاویانی۔ دہلی، اکمل المطابع، ب۔ت

L 3366

صفحات ۱۵۲

صفحۂ کتاب	متن / سیاق و سباق	حاشیۂ آزاد
۶	میرزا غالب کا اعتراض ہے کہ جب بڑے بڑے اہل زبان، ایرانی علماء اور شعراء نے لغت لکھنے کی طرف توجہ نہ کی تو صاحب برہان کو کیا پڑی تھی کہ اہل زبان نہ ہوتے ہوئے بھی فارسی کی لغت لکھ ڈالی۔ بڑے بڑے شعرا میں غالب نے رودگی خاقانی اور قآنی کا تذکرہ کیا ہے۔	"قآنی خبر داشت۔ الخ"
۲۳	اسکندر کی بحث میں غالب کی تنبیہ ان الفاظ میں ہے۔ " ال بضم اول بمعنی او نشان میدہد و اسکندر را مخفف آلاساندر یا معرب آلاساندر میگوید یا میگوئیم کہ آلاساندر اصل لغت و مخفف یا معرب آں اسکندر خبط و اَل بمعنی او محل تامل۔"	"اسکندر معرب الگزنڈر ست نہ کہ مخفف غالبًا در یونانی الاسندر بود"
۵۴	غالب صاحب برہان کے اس دعویٰ کا ذکر کرتے ہوئے کہ اُسکے اجداد تبریز سے	"از خاندان وزاد و بوم خودی گوید" الخ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صفحہ/سطر	متن/سیاق وسباق	حاشیۂ آزاد
	آئے تھے اپنے نام ونسب کا بیان ان الفاظ میں کرتے ہیں۔ "نامہ نگار از زمرہ ترکان سلجوقیست وسلسلۂ نسب من از سلطان سنجر وسلطان ملک شاہ سلجوقی بہ طغرل وسلجوق میرسد	
۷۱	صاحب برہان نے "دژم" کی تشریح میں تیرہ الفاظ لکھے ہیں۔ غالب کا اعتراض اس طرح ہے۔ "سرمست ومخمور را در معنی متحد یکدیگر چگونہ پنداشت۔ سرمست کسی را گویند کہ شراب نوشیدہ باشد ودماغش رسیدہ باشد ومخمور آنکہ نشۂ از نہادش بدر رفتہ باشد"	"نظیری! گر بدستیم بادہ کم دہ ور مخموریم ساغر آور"
۸۳	صاحب برہان نے "شب رواں" کے جو معنی بیان کئے ہیں غالب نے ان پر حیرت ظاہر کی ہے۔	"نشانِ شبرواں دار دسرِ زلفِ پریشانش"
۹۹	لفظ "قانون" کی بحث میں صاحب برہان کو سخت سست کہنے کے بعد غالب نے اس لفظ کو عربی الاصل قرار دیا ہے۔ لکھتے ہیں "پس قانون لفظ عربی الاصل است جمع آں قوانین وفاعل آں مقنن اگر قول دکنی راست بودے وقانون از تعریب کانون وجود گرفتی افادۂ معنی آتشدان نیز بحال ودر قرار ماندی چوں چنیں نیست حاشا کہ چناں باشد"	"قانون را بعض ائمۂ لغت عجمی الاصل نوشتہ اند مستعب نیست کہ اصلاً یونانی ولاطینی باشد"

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صفحہ کتاب	متن / سیاق و سباق	حاشیۂ آزاد
۱۰۵	مارسان کی بحث اس طرح ہے "برہان قاطع مارسان بکسر ثالث و سین بی نقطہ بروزن عاشقان یعنی مارستان ست کہ بیمارستان و دارالشفا باشد" قاطع برہان۔ اگر مخفف بیمارستان میگفت میپرسیدم کہ شارسان مخفف شارستان دیدہ ایم۔ در بیمارستان اگر حکم تخفیف روا کنیم بیمارسان میماند باز چوں بیمارسان را مخفف گردانیم مارسان صورت می پذیرد۔ اما بعد دو استحالہ ہر آئینہ تا در کلام یکی از ستر گان پارس نہ بینیم چساں باور داریم اینہا کہ گفتہ ایم ہمہ سہلست بیمارسان بکسر ثالث یعنی برای قرشت مکسور در کدام فرہنگ دیدہ است یا از کدام خرد در شنیدہ است اشعار سند فرو گذاشتن ہم ازیں روست کہ خواجہ نگارش لغات مطابق قیاس خویش دوست دارد لاجرم سند از کجا آرد"	"مارستان را کہ تعریب بیمارستان ست مارسان بروزن عاشقان فہمیدہ وخبط کرد"
۱۱۲	لفظ "مہلند" کے سلسلہ میں صاحب برہان اور غالب کی بحث اس طرح ہے "برہان قاطع" مہلند بروزن فرزند تیغ و شمشیر ہندی را گویند قاطع برہان۔ لغت نوشت و توضیح نکرد کہ تیغ ہندی را در کدام	"اصلاً لفظ محصّد بودہ باشد محصند از تصحیف کتابت مہلند شد"

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صفحہ و سطر	متن / سیاق و سباق	حاشیۂ آزاد
	زبان مہلند گویند۔ تیغ ہندی ہماں سرد ہست لیکن نہ در ہند مہلند گویند و نہ در فارسی و نہ در عربی و نہ در ترکی و اینچنیں لغات دریں کتاب فراواں است۔"	
۱۱۳	لفظ "آف" کے سلسلہ میں صاحب برہان اور غالب کی بحث اس طرح ہے۔ برہان قاطع۔ نامۂ آف بہ معنی نافۂ آہوی مشک است چہ آف بہ معنی آہوی مشک باشد قاطع برہان۔ در علم لغت فرشتہ عار لیست نہ مصر عیست مشہور فقیر نشیدہ است کہ آہوی مشکیں را آف گویند گمان گردی آنست کہ آف اسمی است از اسامی نیر اعظم و آفتاب مزید علیہ چوں ماہ و ماہتاب و جم و جمشید اندیشہ ایں رامی نپرد و آف بہ معنی آہو سند نمیخواہد خواہی از کتاب خواہی از نظم۔"	"در لغت دری اپ بہ بائے فارسی بمعنی شمس بود۔ در فارسی جدید اف شد و ازاں آفتاب پدید آمد۔"

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

م
891.551
GHA

غالب، اسد اللہ خاں
کلیاتِ غالب فارسی۔ لکھنؤ، نول کشور، ۱۸۷۲ء
صفحات ۵۵۲
L 352/

صفحہ کتاب	متن/سیاق و سباق	حاشیۂ آزاد
۳۰۹	غالب کے قصیدہ کا ایک شعر اس طرح ہے۔ نگہم نقب بگنجینۂ دلھا میزد مژدہ باد اہل ریا را کہ زمیداں رفتم	"نگہم نقب ہمی زد بہ نہانخانۂ دل"
۳۱۰	مرزا غالب کا شعر یہ ہے چوں شنیدم کہ ترا نائب مہدی گویند بہر تسکین بہ طلبگاری برہاں رفتم	"ایں صریح اشارت بہ غازی الدین حیدر ست کہ ملقب بہ نائب امام آخرالزماں بود۔ نصیر الدین حیدر اضافۂ مابعد ست از خواجہ حالی شنیدم کہ اصلاً مصرعہ تسمیہ چنیں بود۔" ع۔ ہم زاسمت کہ شود غازی دیں حیدر"
۳۱۱	قصیدہ کا ایک شعر جس میں روشن الدولہ کا نام آیا ہے۔ اس طرح ہے۔ روشن الدولہ بہادر کہ بایثار و عطا خامش گفتم و شرمندۂ نقصان رفتم	"مدح روشن الدولہ در قصیدۂ لکھنو نہ بود بعد چند اشعار تازہ اضافہ نمودند"

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

P
891.551
YAG

یغما، میرزا ابوالحسن

غزلیاتِ میرزا ابوالحسن المتخلص بہ یغما

بمبئی، حاجی محمد اسمٰعیل تاجر کرمانی، ۱۸۸۴ (۱۳۰۲ھ)
صفحات ۲۴۰

صفحۂ کتاب	متن / سیاق و سباق	حاشیۂ آزاد
۱۷۷	یغما کی آخری غزل کا مطلع اس طرح ہے "زیر میکدہ تا کی کنم تحمل خواری نماند نیروی طاقت مگر ز آہن و دیم	"بعد چند ایام کاشان را ترک کرد و ایں شعر نوشتہ بہ امام جمعہ فرستاد" شیخ شہر جان بر دم بہ تزویر مسلمانی بہ ایں کافر نمی کردم چہ مگر در . . . ."
	اس غزل کے بارہ میں درج ذیل عبارت چھپی ہے۔ "درزمانیکہ امام جمعۂ کاشان یغما را تکفیر کردو شریعتمدار حاجی ملا احمد نراقی حمایت یغما نمود یغما لباس زہد پوشیدہ وایں غزل را نظم آورد۔	
۱۸۰	اس صفحہ پر پہلا شعر یہ ہے۔ نہ دلست آنکہ تو داری کہ یکی سنگِ سیاہ کف آوردہ و بر شیشۂ دلہا زدۂ	"می گونہ تو گویاست کہ صہبا زدۂ" تو سبحانہ، باد دلے حیف کہ نی مازدۂ
۱۸۲	آخری غزل کے مطلع کا مصرعہ ثانی اس طرح ہے۔	

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صفحۂ کتاب	متن / سیاق و سباق	حاشیۂ آزاد
	مگر مغلطہ یا بم بر آستان تو راہی	"مغلط و ملغت را بمعنی غلط و لغت"
۱۹۲	آخری غزل کا پانچواں شعر اس طرح ہے نقد دل ہر کہ بسودائی محبت بفروخت بی بضاعت شد و بر ہر سر بازار نشست	"سر ہر بازار نشست نہ کہ بر ہر سر بازار نشست تعجب ست از امثال یغما کہ اصل زبان و صاحب لغت باشد"
۲۱۲	پہلی غزل کا مطلع اس طرح ہے کشت تا قافلۂ عشق جنوں استادم ہر چہ آموختہ بودم ہمہ رفتہ از یادم	کذا "بالفوط شتر، و کسر خر و، خزرۂ گاؤ زندہ و مردہ ہفتاد و دو ملت گادم"

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تذکرہ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

www.KitaboSunnat.com

اردو

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ب
491.5509
AZA

آزاد، محمد حسین

سخندانِ فارس

ج ۲۔ لاہور، مطبع مفید عام، ۱۹۰۷ء
صفحات ۳۱۷

L534

حاشیۂ آزاد	متن / سیاق و سباق	صفحہ کتاب
"مصنف کو فتح الباری اور فتح القدیر میں دھوکہ ہوا فتح الباری ابن ہمام کی نہیں ہے ابن حجر کی ہے۔"	محمد حسین آزاد نے اپنے لکچر "فارسِ قدیم کی تاریخ میں فارس اور اہل فارس کی تعریف و توصیف کی ہے اور لکھا ہے کہ انکی تہذیب شیشہ اور دولتمندی نے کسی کے آگے سر نہیں جھکایا۔ صحیح بخاری میں بھی ایک جگہ اہل فارس کا ذکر ہے جس کی ابن ہمام صاحب فتح الباری نے شرح کی ہے کہ یہ لوگ بہادر اور شہسوار تھے۔	۹
"انمیں سے اکثر مصطلحات قدیم نہیں ہیں بلکہ جب عربی سے فارسی میں ترجمہ کیا گیا ہے اس وقت وجود میں آئیں۔"	عربی میں مستعمل کچھ قدیم ایرانی الفاظ کی فہرست پیش کی گئی ہے۔	۱۵
"تعجب ہے کہ ان الفاظ کو قدیم قرار دیا گیا ہے "گوے چغینی" صریحاً یونانی اور عربی سے ماخوذ ہے۔"	روئے زمین سے متعلق کچھ قدیم اصطلاحیں مثالاً پیش کی ہیں انمیں ایک اصطلاح "گوے چغینی" ہے۔	۱۷
	دسویں لکچر "فارسی پر ہندوستان میں آکر	۲۴۳

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صفحہ کا آخر	متن / سیاق و سباق	حاشیۂ آزاد
	کیارنگ چڑھے"، میں کچھ الفاظ نقل کئے گئے ہیں جو اگرچہ فارسی ہیں۔ لیکن ہندوستان میں اُنکا مطلب وہ نہیں لیا جاتا جو فارس میں لیا جاتا ہے۔ ایسے دو لفظ یہ ہیں۔ (۱) رَسد۔ کاروانِ غلہ وسامان لشکر۔ ایران میں اُسے سورسات کہتے ہیں۔ (۲) دفتر: آج کل وہاں فردِ کاغذ کو کہتے ہیں۔	(۱) "رسد"، قدیم فارسی ہے آج کل ترکی لفظ رائج ہوگیا۔ (۲) لیکن پچھلی مصنفات میں ملتا ہے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

921.947
ANS

انصاری، محمد یونس

ابن رشد۔ اعظم گڈھ، مطبع معارف، ۱۹۴۳ (۱۳۴۲ھ)

صفحات ۳۸۸ 523 ،

صفحہ کتاب	متن / سیاق و سباق	حاشیۂ آزاد
۲۵۸	مسلمان علماء کے علم الاخلاق کو فلسفیانہ حیثیت سے قبول کرنے کے مسائل پر بحث کرتے ہوئے مصنف لکھتا ہے کہ یونانی فلسفیوں کے اخلاقی مضامین سے عرب فلاسفہ بالکل واقفیت نہیں رکھتے تھے۔ اسی ضمن میں مزید لکھا ہے کہ حکیم ابن مسکویہ نے کتاب الطہارۃ میں نصیر الدین طوسی نے اخلاقِ ناصری میں علم الاخلاق پر قلم اٹھایا ہے۔	"طوسی کی اخلاق ناصری تمام تر ابن مسکویہ کی کتاب الاخلاق سے ماخوذ ہے جیسا کہ خود اس نے اعتراف کیا ہے۔ ابن مسکویہ کی کتاب الطہارت نہیں ہے بلکہ تہذیب الاخلاق ہے۔"

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

U
928.914391GH
HAL

حالی، الطاف حسین

یادگارِ غالب، کانپور، نامی پریس، ۱۸۹۷ء

صفحات ۴۰، ۴۴

L 6/2

صفحۂ کتاب	متن / سیاق و سباق	حاشیۂ آزاد
۸۳	مولانا حالی نے غالب کے متعلق لکھا ہے کہ بعض اوقات وہ اپنے شاگردوں کے کلام سے متاثر ہو کر ان کا دل بڑھانے کی غرض سے تعریف میں مبالغہ کرتے تھے۔ آخری عمر میں ایک شاگرد کی غزل دیکھ کر اس کی بے انتہا تعریف کی اور یہ کہا "کہ اگر میں اب رشک کرنے کے قابل ہوتا تو تم محسود ہوتے اور میں حاسد۔	"یعنی خود مولانا حالی کی"
۲۱۸	غالب کا ایک فارسی کا شعر اس طرح ہے۔ رواں فدائی تو! نام کہ بُردہ ناصح رہے لطافتِ ذوقیکہ دربیانِ تو نیست مولانا حالی نے اس شعر کی تشریح ان الفاظ میں کی ہے "چونکہ ناصح ترکِ عشق کی نصیحت کرتا ہے اس لیے معشوق کا نام عاشق کے سامنے اچھی طرح نہیں لیتا۔ شاعر ناصح کی طرف	"شعر کا یہ مطلب نہیں ہے بلکہ ناصح کی بد ذوقی ہے یعنی وہ کیا لطافت ہوگی۔ جو تیرے نام لینے میں نہیں ہے۔ کیونکہ تجکو ذوقِ عشاق حاصل نہیں"

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صفحہ کتاب	متن / سیاق و سباق	حاشیۂ آزاد
	خطاب کر کے کہتا ہے کہ میری جان تجھ پر قربان ہو۔ تو نے کس کا نام لیا؟ وہ کیسی لطافت اور لذت ہوگی جو کہ تیرے بیان میں نہیں ہے؟ یعنی جس طرح اس کا نام لینا چاہیے تھا اگر اس طرح تو بھی وہ نام لیتا تو کیسی لطافت اور لذت تیرے بیان میں ہوتی۔ مگر چونکہ ناصح نے بری طرح سے اس کا نام لیا تھا۔ اس لیے کہتا ہے کہ وہ کیسی لطافت ہوگی جو تیرے بیان میں نہیں ہے۔	

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

923.254 F.A
SIR

سید احمد خاں

سیرۃ فریدیہ: حالاتِ زندگی دبیر الدولہ امین الملک خواجہ فرید الدین احمد خاں بہادر مصلح جنگ وزیر لوالنصر معین الدین محمد اکبر شاہ ثانی۔

آگرہ: مطبع مفید عام، ۱۸۹۶ء

صفحات ۵۷

L/1903

صفحہ کتاب	متن / سیاق و سباق	حاشیۂ آزاد
۷	سرسید نے علامہ تفضل حسین خاں کا ذکر کیا ہے جن سے خواجہ فرید الدین احمد نے علوم ریاضیہ کی تحصیل کی تھی۔ لکھتے ہیں۔ کہ علامہ موصوف پہلے جنرل پامر کے پاس منشی تھے۔ پھر اُن کی سفارش سے نواب آصف الدولہ نے اُن کو اپنا سفیر بنا کر کلکتہ بھیجا۔	"یہ صحیح نہیں ہے سر جان شور کی سفارش سے عہدہ سفارت ملا تھا۔"
۱۳	سرسید کے بیان کے مطابق حاجی محمد خلیل خاں فتح علی شاہ فرماں روائے ایران کی طرف سے سفیر مقرر ہو کر بمبئی روانہ ہوئے وہ ۲۲ مئی ۱۸۰۲ء کو بمبئی پہنچے۔ وہاں انگریزوں کی جانب سے اُن کی بڑی تعظیم و تکریم ہوئی۔	"صاحب تحفۃ العالم نے ضمیمہ میں بعض تفصیلات بیان کی ہیں۔"

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صفحہ/کالم	متن/سیاق وسباق	حاشیۂ آزاد
۱۶	حاجی محمد خلیل خاں سفیر ایران کے بمبئی میں اچانک گولی لگ جانے کی وجہ سے مارے جانے کے بعد گورنر جنرل مارکوئس آف ولزلی نے ایک تعزیت نامہ مسٹر مینٹی سفیر بصرہ کی وساطت سے شاہ ایران کو روانہ کیا۔ بعدازاں مسٹر لوٹ اور خواجہ فریدالدین احمد دونوں کو بھیجنے کی تجویز ہوئی جو بقول سرسید غالباً ۱۸۰۳ء میں روانہ ہوئے ہوں گے لیکن سرسید کا خیال ہے کہ کسی انگریزی تاریخ سے مسٹر لوٹ کا ایران یا بوشہر جانا ثابت نہیں ہوتا اور خواجہ فریدالدین احمد کے روزنامچہ کی سند سے جو اکثر سرسید کے مطالعہ میں رہا اُن کا خیال ہے کہ اُس روزنامچہ میں لکھا تھا کہ مسٹر لوٹ بیمار ہو گئے اور گورنر جنرل کے حکم سے خواجہ فریدالدین احمد بطور سفیر مستقل کے روانہ ہوئے۔"	"یہ صحیح نہیں ہے۔ دراصل تعزیت کی سفارت دوسری سفارت سے الگ نہ تھی۔ ایک ہی سفارت تھی جیسا کہ مارشمن کلارک نے لکھا ہے پس خواجہ فرید تنہا نہیں گئے۔ مسٹر مینٹی کے ساتھ گئے تھے۔"
۱۸	خواجہ فریدالدین بحیثیت سفیر اس خاص مقصد کے لئے ایران بھیجے گئے تھے کہ وہ حالات ہموار کر کے شاہ ایران کو دوسرا سفیر روانہ کرنے پر آمادہ کریں۔ چنانچہ خواجہ صاحب اس مقصد میں کامیاب	"یہی نبی خاں ہے جس نے کلکتہ میں یہ غزل لکھی تھی۔ امشب جمال ردئے او دارد تماشائی دگر یا اینکہ من می بینمش بہتر ز شبہائی دگر"

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صفحہ کا سال	متن / سیاق و سباق	حاشیۂ آزاد
	ہوئے اور محمد نبی خاں ایران کے دوسرے سفیر مقرر ہو کر بھیجے گئے۔ محمد نبی خاں کی خواجہ صاحب سے بڑی گہری دوستی ہوگئی۔ اس کا بڑا ثبوت یہ ہے کہ جب خواجہ فریدالدین احمد امور سفارت انجام دینے کے بعد شیراز سے بوشہر کو روانہ ہونے لگے تو محمد نبی خاں نے چند اشعار الوداعی بطور علامت دوستی کے تصنیف کر کے خواجہ صاحب کو پیش کئے یہ اشعار کتاب کے صفحہ نمبر ۱۸ پر موجود ہیں۔	
۲۴	۱۵ ستمبر ۱۸۰۳ء میں لارڈ لیک نے دہلی فتح کر لی اور انگریزی عملداری دلی میں ہوگئی۔ بعد میں ہولکر نے دہلی پر فوج کشی کی لیکن جنرل اختر لونی رزیڈنٹ دہلی کی حکمت عملی سے ہولکر کو شکست دے دی گئی۔ اس کے بعد ۱۸ دسمبر ۱۸۰۶ء کو شاہ عالم کا انتقال ہوگیا اور اکبر شاہ ثانی تخت نشین ہوئے۔ اکبر شاہ اگرچہ تخت نشین ہوئے۔	* دراصل اس تین لاکھ ماہوار کے مطالبہ کی بنیاد وہ تجویز تھی جو فتح دہلی کے بعد لارڈ لیک نے کی تھی اور ولیزلی نے بھی اُسے منظور کر لیا تھا مگر پھر نواب احمد بخش خاں کی دولت خواہی نے اسے پچھتر ہزار تک پہنچا دیا اور کونسل کلکتہ نے اسی کا اعلان کیا۔"
	. . . . . مگر اخراجات کی تنگی کا وہی حال تھا جو شاہ عالم کے وقت میں تھا اکبر شاہ کو یہ خرابیاں دور کرنے کی فکر ہوئی اور اس بات کا بھی خیال ہوا کہ دہلی اور اس کے مضافات میں محض بادشاہ کی	

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صفحہ کا نمبر	متن / سیاق و سباق	حاشیۂ آزاد
	حکومت ہونی چاہیئے اور انگریزوں کو محاصلِ ملک سے تین لاکھ روپیہ ماہواری دینا لازم ہے	
۲۶	خواجہ فریدالدین نے شاہی قلمدان وزارت سنبھال کر قرضہ ادا کرنے اور اخراجات برابر کرنے کی تین تدبیریں کیں۔ تمام شہزادگان و بیگمات و ملازمان و علمائے شاہی کی تنخواہوں سے دس فیصدی کمی کر دی۔ دونوں بادرچی خانوں کو موقوف کر دیا۔ دیوانِ عام کی گری ہوئی چھت کے تانبے کے پیسے بنوا ڈالے اور پیتل فروخت کر ڈالا۔ اس طرح کئی لاکھ روپیہ قرضِ شاہی ادا کر دیا۔ ان انتظامات سے آمد و خرچ برابر ہو گیا اور تنخواہیں ماہوار ملنے کا انتظام ہو گیا۔ لیکن تنخواہوں کی کمی کارخانجات کے بند ہونے اور خاصوں کی موقوفی ہو جانے کی وجہ سے لوگ ناراض ہو گئے۔ دیوانِ عام کی چھت کی نسبت جو کچھ کیا گیا تھا وہ بادشاہ کی مرضی اور اجازت سے کیا گیا تھا مگر تمام لوگ چرچا کرتے تھے کہ دیوانِ خاص کی چاندی کی چھت نادرشاہ نے لوٹ لی اور دیوانِ عام کی تانبے کی چھت خواجہ فرید نے۔ رفتہ رفتہ ان شکایات کا اثر بادشاہ کے دل پر ہوا اور ان سب اسباب کی بنا پر	"والد مرحوم کہتے تھے کہ خواجہ فرید کا تقرر اس امید سے ہوا تھا کہ انگریزوں میں ان کا رسوخ ہے۔ یہ پیش کش کی رقم بڑھوا دیں گے۔ جب اس قسم کی کوئی سعی ان سے بن نہ پڑی تو ناہی ہوئی اور ممتاز محل کے ایما سے علیحدہ کر دیے گئے۔ وہ یہ بھی کہتے تھے کہ خواجہ فرید کے تقرر میں دونوں مرتبہ رزیڈنٹ کا ہاتھ تھا کیونکہ ان کی انگریزی ہوا خواہی معلوم و مسلم تھی اور کمپنی کے متوسلوں میں شمار ہوتے تھے۔"

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حاشیۂ آزاد	متن/سیاق وسباق	حوالہ کتاب
	خواجہ نے استعفا دے دیا لیکن بعد میں دوبارہ کچھ مصالح کی بنا پر جن کی تشریح سرسید نے کی ہے۔ خواجہ کو کلکتہ سے بلوایا گیا اور بدستور اپنے عہدۂ سابق پر مامور ہوئے لیکن اس دفعہ بھی انھوں نے اضافۂ پنشن میں کوئی کوشش نہیں کی۔	
"یہ واقعہ بالکل بے اصل اور غالباً خواجہ فرید کا مشہور کیا ہوا ہے"۔	شاہی پیش کش میں اضافہ کے سلسلہ میں جو کوششیں کی گئیں ان کی ناکامی کا سبب سرسید یہ واقعہ بتاتے ہیں کہ شاہ عالم نے کوئی شقہ مرہٹوں کے نام لکھا تھا۔ جب کہ مرہٹوں اور لارڈ لیک میں لڑائی ہو رہی تھی وہ شقہ لارڈ لیک کے ہاتھ لگ گیا تھا اور اس سبب سے جو معاہدے کہ لارڈ لیک نے اس سے قبل شاہ عالم سے کئے تھے وہ سب زائل اور ساقط ہو گئے اسی وجہ سے ساری شاہی درخواستیں مسترد کر دی گئیں۔ اور کمپنی نے ان پر کچھ توجہ نہ دی۔	۳۱
"بڑے دے لین مشہور حامی تردید تعلیم انگریزی جو بعد کو ممبر کونسل بھی ہوا"۔	خواجہ فریدالدین احمد کے انتقال کے کئی روز بعد مسٹر کول برڈک رزیڈنٹ دہلی اور مسٹر ٹرولین جو اسسٹنٹ رزیڈنٹ تھے۔ ماتم پرسی کے لئے دبیرالدولہ کے یہاں آئے"۔	۳۲

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صفحہ کتاب	متن / سیاق و سباق	حاشیۂ آزاد
۳۳	دبیر الدولہ کے چند شاگردوں کا ذکر کیا گیا ہے ان میں ایک مولوی رجب علی صاحب شیعہ مذہب بھی تھے جنھوں نے اپنی آئندہ زندگی میں پنجاب میں بہت عروج پایا۔	"رجب علی یک چشم جس کا ذکر سر ہنری لارنس کے حالات میں ملتا ہے اور جو محاصرۂ دہلی ۱۸۵۷ء میں ڈپٹی کمشنر تھا۔"
۳۴	دبیر الدولہ کو کتب بینی کا بڑا شوق تھا۔ اُن کے کتب خانہ کی ہر ایک کتاب پہلے اُن کی نظر سے گذرتی تھی بعد ازاں کتب خانہ میں داخل ہوئی تھی۔ کوئی نہیں جانتا کہ وہ انگریزی بھی جانتے تھے یا نہیں مگر اُن کے کتب خانہ کی انگریزی کتابوں پر بعض الفاظ کے معنی خود ان کے ہاتھ کے لکھے ہوئے ملتے ہیں نیز بعض دیگر وجوہ سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ ان کو کسی نہ کسی قدر انگریزی آتی تھی۔ کم سے کم یہ کہ بول لیتے تھے اور پڑھ لیتے تھے۔"	"انگریزوں سے اُنس اور ان کے علمی تفوق کا اعتراف یقیناً انھیں تفضل حسین سے شاگردی میں ملا ہوگا کیونکہ تفضل حسین اٹھارھویں صدی کے ان چند ہندوستانیوں میں سے ہیں۔ جو جدید علوم سے آشنا ہو چکے تھے اور محض علمی ذوق سے انگریزی اور لیٹن بھی سیکھی تھی۔ پھر جب حالات نے معیشت کی راہ بھی انگریزوں ہی کی ملازمت میں دکھائی تو یہ تاثر اور زیادہ بڑھتا گیا تعجب ہے کہ سرسید نے دہلی مدرسہ کی سرپرستی کا حال نہیں لکھا یہ من جملہ اُن دو تین رؤسار دہلی کے ہیں جنھوں نے مدرسۂ دہلی کی سرپرستی کی تھی۔ اور انگریزی شاخ کے افتتاح کے موید ہوئے تھے۔"
۳۵	نواب دبیر الدولہ کا معمول تھا کہ صبح کا کھانا محل سرا میں جا کر کھاتے تھے۔ ایک بہت بڑے نعمت خانے میں بہت	"نعمت خانہ سے مقصود ایک طرح کی وسیع مسہری ہے جو دسترخوان کے چاروں طرف لگ جاتی تھی تاکہ کھی کا گزر نہ ہو۔ والد

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صفحہ/کتاب	متن/سیاق وسباق	حاشیۂ آزاد
	وسیع دسترخوان بچھا ہوا ہوتا تھا اور کل بیٹے بیٹیاں اور پوتے وغیرہ سب ان کے ساتھ کھانا کھاتے تھے۔"	مرحوم نے مکہ معظمہ میں بنوائی تھی اور دن کا کھانا ہمیشہ اسی کے اندر کھاتے تھے۔"
۳۶	نواب دبیرالدولہ کے دسترخوان پر بچوں کا مجمع ہوتا تھا اور سب نہایت نفاست اور تہذیب کے ساتھ کھانا کھاتے تھے۔ بڑی احتیاط رہتی تھی کہ کوئی چیز گرنے نہ پائے اور زیادہ ہاتھ کھانے میں آلودہ نہ ہو۔ نوالہ چبانے کی آواز منہ سے نہ نکلے۔	" کھانے میں انگلیوں کے صرف سرے آلودہ ہونے چاہئیں۔ پلاؤ جانوں کے کھانے میں بھی یہ احتیاط ضروری تھی کہ لقمہ انگلیوں کے اندر رہے۔ اس سے زیادہ مقدار نہ ہو۔ مجھے یاد ہے ایک مرتبہ میری انگلیاں سالن سے آلودہ ہو گئی تھیں۔ اس پر والد مرحوم اس قدر برآشفتہ ہوئے کہ قریب تھا تھپڑ مار دیں رقیق چیز کے پینے اور نوالہ کے چبانے کی آواز نکلنا حد درجہ معیوب سمجھا جاتا تھا اور غیر محتاط دسترخوان پر بیٹھنے کے لائق نہیں سمجھا جاتا تھا۔"
۴۱	دبیرالدولہ کے چھوٹے لڑکے خواجہ زین العابدین احمد بڑے شوقین مزاج تھے۔ گانے اور بین بجانے کا بڑا شوق تھا۔ دھرپت اور خیال گانے والوں کے دلدادہ تھے۔ اس مقصد کی وجہ سے اس زمانہ کی قابل یادگار مجلسوں میں شریک ہوتے تھے۔ خواجہ میر درد کے جانشین کے یہاں بھی اُن کی برابر شرکت رہتی تھی۔ ایک معزز رئیس رائے پرانکشن	" یہ وہی پرانکشن ہے جسے اکبر شاہ ثانی نے کلکتہ بھیجا تھا تاکہ سر جارلس مٹکاف کے خلاف شکایت کرے۔"

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صفحہ/کتاب	متن/سیاق وسباق	حاشیۂ آزاد
	کے یہاں بھی ہر مہینہ ایک جلسہ ہوتا تھا اس میں جنّا نام کی ایک طوائف دھرپت و خیال گاتی تھی۔ اسی وجہ سے رائے موصوف نے اس کا پیشہ چھڑوا کر اپنے یہاں رکھ لیا تھا۔	
۴۳	کسی زمانہ میں نواب زین العابدین کو تیر اندازی کا زبردست شوق تھا۔ اس لیے برابر تیر اندازی کے جلسے ہوتے رہتے تھے مگر وہ جلسے ایسے نہیں تھے جن کی خوبی اور عمدگی اور شان امرا اور سلاطین کے جلسوں کی سی ہو۔	"سلاطین یعنی شہزادے یہ قلعہ کی اصطلاح تھی"
۴۴	زین العابدین کو کمان اور تیر بنانے میں بھی کمال حاصل تھا۔ ان کی بنائی ہوئیں کمانیں کشمیر کی بنی ہوئی کمانوں سے زیادہ عمدہ سمجھی جاتی تھیں۔ بڑی خوبی اُن کمانوں میں یہ تھی کہ برسات میں رُخ نہ کرتی تھیں۔	"کمان کا رخ کرنا"
۴۵	سرسید اپنی ابتدائی تعلیم اور اپنی والدہ کے سبق پڑھانے کا ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں، کہ وہ سبق پڑھاتے وقت سوت کی گوندھی ہوئی تین لڑیں ایک	

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صفحہ کتاب	متن / سیاق و سباق	حاشیہ آزاد
	لکڑی میں بندی ہوئی میری تنبیہ کو اپنے پاس رکھ لیتی تھیں۔ اگرچہ وہ خفا تو کئی دفعہ ہوئی ہوں گی مگر اُن سوت کی لڑوں سے مجھے کبھی مار نہیں پڑی۔"	"کس بے تکلفی سے دلی کا خاص محاورہ لکھ گئے۔ دوسرا شخص یہاں بول جاتا کہ مار نہیں پڑی۔"

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

928.9143
SUL

سلیمان ندوی، سید

حیاتِ شبلی ۔ اعظم گڈھ، دارالمصنفین، ۱۹۴۳ء

صفحات ۲۰، ۲۵، ۸۴۶

L668

صفحہ کالم	متن / سیاق و سباق	حاشیۂ آزاد
۷۹	سید سلیمان ندوی لکھتے ہیں۔۔ "علامہ شبلی نے درسیات کی تکمیل مولانا فاروق ہی سے کرلی تھی۔ تاہم ان کے ذوقِ علمی نے ان کو دوسرے خرمنوں کی خوشہ چینی پر آمادہ کیا۔ سب سے پہلے مولانا عبدالحیؒ فرنگی محلی کی شہرت کمال ان کو لکھنؤ لے گئی لیکن کچھ فطری جودتِ طبع اور کچھ فیض فاروقی کی بدولت علامہ نقد و اجتہاد کے خوگر تھے۔ اس لیے زانوئے ادب تہہ کرنے سے پہلے لکھنؤ سے قدم اٹھ گئے اور رامپور کا رخ کیا وہاں مولانا ارشاد حسین کے شرفِ تلمذ پر اکتفا کی۔ علامہ مرحوم کو حضرت مولانا ارشاد حسین کی وسعتِ نظر، اصابت رائے اور مجتہدانہ ژرف نگاہی کا اعتراف ہمیشہ رہا۔ مولانا ارشاد حسین نہایت متشدد حنفی تھے۔ مولانا نذیر حسین کی	"اگر اُس زمانہ میں مولوی شبلی کو مجتہدانہ نظر و فکر کی جستجو ہوتی تو مولوی عبدالحیؒ کو ترجیح دیتے جو حنفیت کے مقلدانہ جمود سے باہر آچکے تھے لیکن انھوں نے مولوی ارشاد حسین کو انتخاب کیا جو مقلد اعمیٰ تھے۔ مولوی نذیر حسین کی کتاب ایثار الحق نہیں ہے۔ معیار الحق ہے۔ مولوی ارشاد حسین کی معلومات کا یہ حال تھا کہ انتصار الحق میں بلوغ المرام کو شاہ ولی اللہ کی تصنیف بتلاتے ہیں۔ ان کی تعریف میں مجتہدانہ ژرف نگاہی لکھنا کس قدر بے معنی بات ہے۔"

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صفحہ کا سب	متن / سیاق و سباق	حاشیۂ آزاد
	ایثار الحق کے جواب میں انتصار الحق ان ہی نے لکھی ہے۔	
۸۵	"جس طرح شبلی نے دوسرے علوم کی تحصیل کے لیے اُن ہی اساتذہ کا انتخاب کیا جو اس فن میں یگانہ تھے۔ اسی طرح حدیث کے لیے بھی انھوں نے اس زمانہ کے سب سے نامور محدث احمد علی سہارنپوری کا انتخاب کیا۔"	"اس انتخاب میں بھی وہی حنفیت کا جمود تھا۔ دراصل اس پھندے سے وہ اس وقت تک نہ نکل سکے جب تک کہ سرسید کی صحبت نہ ملی۔"
۱۰۴	سید سلیمان ندوی نے علامہ شبلی کے رسالے "ظل الغمام فی مسئلۃ القراۃ خلف الامام" کا ذکر کیا ہے۔ اور اس کے دیباچہ کو نقل کرنے کے بعد لکھا ہے کہ علی گڈھ جانے سے پہلے ہی مولانا کے قلم میں اردو انشا پردازی کا زور تھا۔	"بھلا اس رسالہ کی عبارت کو انشا پردازی سے کیا مناسبت ہے۔"
۱۱۸	علامہ شبلی نے سرسید کی تعریف میں ایک قصیدہ عربی زبان میں کہا تھا وہ اس صفحہ پر درج ہے۔ پہلے شعر کے دوسرے مصرعہ میں لفظ "قومنا" استعمال کیا گیا ہے۔	"یہاں "قوم" بمعنی ملت دامت استعمال کر کے انھوں نے وہی غلطی کی جو حالی وغیرہ کر چکے ہیں۔ بعد کو اس غلطی کا انھیں احساس ہو گیا تھا۔"
۲۰۴	علامہ شبلی کے سفر قسطنطنیہ کے سلسلہ میں لکھا ہے کہ جہاں انھوں نے اسکولوں اور کالجوں کا بغور معائنہ کیا اور وہاں کے طریقۂ تعلیم کو سمجھنے کی کوشش کی شبلی نے جب	"یہ خیال قطعاً غلط ہے۔ "گذشتہ تعلیم" لکھتے وقت مولانا شبلی نے یہ خیال ظاہر کیا تھا، لیکن پھر انھیں اپنی غلطی کا احساس ہو گیا تھا۔ فیروز شاہ کے مدرسے کی پوری تفصیلات ملتی

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صفحہ/کتاب	متن/سیاق وسباق	حاشیہ/آزاد
	وہاں لاتعداد مدرسے دیکھے تو ترکوں کی علمی فیاضی کا اعتراف کیا اور تصور کیا کہ ہر چند یہ مدرسے کم حیثیت کے سہی تاہم سیکڑوں علمی یادگاریں موجود ہیں۔ اس وقت کی تہذیب وتمدن کے لحاظ سے ناموزوں بھی نہیں۔ ہمارے ہندوستان میں تو اس وسعت وفراخی کے ساتھ کہ بجائے خود ایک اقلیم ہے۔ حکومت اسلام کی شش صدسالہ مدت کی ایک علمی یادگار بھی موجود نہیں۔ (سفرنامہ ص ۸۰)"	ہیں۔ عرب سرائے دراصل مدرسہ تھا۔ الخ"
۲۲۰	سید سلیمان ندوی نے روم ویونان کی جنگ کی تاریخ سنہ ۱۸۸۸ء لکھی ہے۔	"یونان کی جنگ سنہ ۱۸۹۷ء میں ہوئی تھی۔ نہ کہ سنہ ۱۸۸۸ء میں۔"
۲۲۴	سرسید نے شبلی کی تصانیف کے سلسلہ میں ان کی تعریف کی تھی۔ سید صاحب نے ان کی تحریر کا اقتباس پیش کیا ہے۔ سرسید نے اپنی تحریر میں عربی کا بھی استعمال کیا ہے جس میں قوم کا لفظ استعمال ہوا ہے۔	"سرسید عربی میں بھی قوم بمعنی امت وملت لکھ گئے۔"
۲۸۳	سرسید اور شبلی کے اختلاف کا ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں: کہ سرسید پر مولانا نے سب سے پہلی تنقید اپنی تصنیف "گذشتہ تعلیم" میں کی۔ رسالہ کے بیچ میں تراجم کا بیان ختم کرکے ایک "ریمارک" کے نیچے لکھا تھا۔ جس کا حاصل یہ ہے کہ عربوں نے	"مصنف کا خیال غلط ہے۔ مولانا شبلی نے خود مجھ سے کہا تھا کہ گذشتہ تعلیم سرسید کے اصرار سے میں نے لکھی تھی کیوں کہ کالج کے قیام کے بعد وہ نہیں چاہتے تھے کہ تراجم کی طرف لوگ متوجہ ہوں اور انگریزی کی تعلیم میں کمی واقع ہو۔"

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صفحہ کی سطر	متن / سیاق و سباق	حاشیۂ آزاد
	عربی زبان میں دنیا کے علوم کا ترجمہ کر کے اپنے زمانہ میں جو ترقی کی اُس قیاس پر آج عمل نہیں کیا جا سکتا۔	
	سائنٹیفک سوسائٹی علی گڈھ کے بانیوں کو عربی کے اس واقعہ سے دھوکا ہوا اور وہ یہ سمجھے کہ جس طرح ہمارے اسلاف نے ترجموں کے ذریعہ علوم کو ترقی دی ہم بھی یورپ کے علوم و فنون کو اپنی زبان میں ترجمہ کر کے ترقی دیں گے۔ یہ خیال غلط تھا کیونکہ اب اس معیار پر تراجم ممکن ہیں نہ کتابوں کی زبردست تعداد ترجمہ ہو سکتی ہے اور نہ اردو اس وسعت کی زبان ہے جس کی عربی تھی۔ شبلی نے یہ بھی لکھا ہے کہ سرسید نے خود بھی اپنی تحریروں میں اس غلطی کا اعتراف کیا۔"	
۲۸۴	سلیمان ندوی لکھتے ہیں۔	
	"اگرچہ پینتیس سال بعد خود مولانا شبلی کی تحریک سے جامعہ عثمانیہ میں اردو تراجم کا کام شروع ہوا تاہم سرسید اور مولانا شبلی کے بیانوں میں ایک ذرہ سا فرق ہے سرسید نے اپنی تعلیمی شہادت میں یہ تسلیم کیا ہے کہ ہندوستان میں حکمراں زبان انگریزی	"یہ سارا بیان ظلمات بعضہا فوق بعض ہے مولانا شبلی کی ذاتی رائے تراجم کے حق میں تھی۔ سرسید مخالف ہو گئے تھے۔"

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صفحہ کتاب	متن / سیاق و سباق	حاشیۂ آزاد
	ہے۔ اس لیے ہندوستان میں انگریزی ہی کے ذریعہ تعلیم ممکن ہے۔ لیکن مولانا شبلی نے یہ نہیں کہا، بلکہ یہیں تک کہہ کر رہ گئے کہ حکمراں زبان ہی کے ذریعے قوم میں علوم و فنون کی ترقی ممکن ہے یعنی وہ اردو کو حکمراں زبان بنانا چاہتے تھے۔"	
۲۸۵	"اس میں شک نہیں کہ سرسید کی صحبت میں مولانا میں جو پہلے ہی سے علوم عقلیہ سے دلچسپی رکھتے تھے۔ مذہبی عقل پسندی آگئی تھی اور عقل و نقل کی تطبیق کا ذوق پیدا ہوگیا تھا اور اشاعرہ کے بہت مسائل کی خامیاں یا غلطیاں ان کو نظر آنے لگی تھیں مگر یہ قطعاً غلط ہے کہ وہ معتزلی بن گئے تھے۔	یہ صحیح نہیں ہے۔ مولانا شبلی کی ساری دماغی تربیت سرسید کی وجہ سے ہوئی۔"
۲۸۵	سابقہ بحث ہی پر اظہار خیال کرتے ہوئے سید صاحب لکھتے ہیں کہ "مولانا شبلی سرسید کی اُن تاویلات کو پسند نہیں کرتے تھے جو انھوں نے اپنی تفسیر میں کیں اس لیے مولانا نے ان کو آہستہ آہستہ عقل پسندی کی آزاد شاہراہ سے ہٹا کر امام غزالی، رازی، ابن سینا اور	"یہ بھی صحیح نہیں ہے کہ مولانا شبلی نے انھیں غزالی وغیرہ سے آشنا کیا۔"

www.KitaboSunnat.com
محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صفحہ/کالم/سطر	متن/سیاق وسباق	حاشیۂ آزاد
	قاضی ابن رشد کی تصنیفات سے آشنا اور معتزلہ کے خیالات سے باخبر کیا۔"	
۲۸۵	"مولانا شبلی کے ذریعہ غزالی وغیرہ کے خیالات سے باخبر ہونے کا بڑا فائدہ یہ ہوا کہ سرسید کی آزاد خیالی جس کی وسعت کی کوئی حد نہ تھی۔ آخر میں علماء متکلمین اسلام کے خیالات تک محدود ہو کر رہ گئی۔"	"یہ قطعاً غلط ہے۔ سرسید نے امام غزالی کے رسائل "التفرقہ" وغیرہ پر "النظر" کے نام سے ریویو لکھا تھا اس میں مولانا شبلی کی رائے کو کوئی دخل نہ تھا۔"
۳۰۰	مفتی عنایت احمد کے تذکرہ میں لکھا ہے "کہ وہ علی گڈھ سے بدل کر بریلی پہنچے تھے کہ سن ۱۸۵۷ء کا ہنگامہ برپا ہوا۔ اس ہنگامہ کی پاداش میں بالزام بغاوت نظربند ہوئے اور قید و جلا وطنی کی سزا دی گئی اور جزیرہ انڈمان بھیج دیے گئے۔"	"مفتی عنایت احمد نظربند نہیں کیے گئے تھے بلکہ بہادر خاں کی معیت کے الزام میں مقدمہ چلایا گیا تھا اور عبور دریائے شور اور دائمی قید کی سزا دی گئی تھی۔"
۳۰۴	ندوۃ العلماء کی تاسیس کے سلسلہ میں سید صاحب رقم طراز ہیں۔ "باہمی مشورہ سے علماء کی ایک مجلس قائم کی جائے اور آئندہ سال مدرسہ فیض عام کے سالانہ جلسہ میں تمام ہندوستان کے علماء کو اس کے لیے عام دعوت دی جائے۔ اس مجلس کا نام "ندوۃ العلماء" قرار پایا	"پہلے ندیۃ العلماء قرار پایا پھر ندوہ ہوا۔"
۳۴۶	علامہ شبلی نے صحت یاب ہو کر بیماری کے زمانہ کے حالات پر مشتمل ایک قصیدہ	"قوم مصطلحۂ اردو در فارسی اصلیتے نہ دارد باید گفت۔ بود در علت او علتِ ملت مضمر

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صفحہ کا حوالہ	متن / سیاق و سباق	حاشیہ / آزاد
	تصنیف کیا تھا جو چھپوا کر دوستوں کو بھیجا تھا مولانا حالی نے اس قصیدہ پر مختصر سا مبارک باد کا قطعہ لکھ کر بھیجا۔ یہ قطعہ کتاب میں پورے کا پورا موجود ہے۔ پانچویں شعر میں مولانا حالی نے پہلے مصرعہ کے آخر میں "قومی مضر" کی ترکیب استعمال کی ہے۔	لاجرم صحت او برہمہ قوم شفاست"
۳۴۸	شبلی کے عقد ثانی کی صورت اس طرح ہوئی کہ ان کے معالج ڈاکٹر مصطفیٰ خاں نے ان کو دوسرے نکاح کا مشورہ دیا۔ چنانچہ مولوی محمد سمیع صاحب کی ماموں زاد بہن سے نسبت ٹھہری۔ عقد ثانی کا یہ ارادہ مولانا کے اکلوتے بیٹے حامد حسین صاحب کو ناگوار گذرا اور وہ چپکے سے لاپتہ ہو گئے۔"	"اس لیے کہ پہلے یہ رشتہ خود حامد کے لیے تجویز ہوا تھا"
۳۵۴	شبلی نے اپنے والد کی وفات پر ایک مرثیہ لکھا تھا وہ کتاب میں موجود ہے دوسرے بند کے پہلے مصرعہ میں "قوم" کا لفظ استعمال ہوا ہے۔"	"مولانا نے یہاں قوم صحیح محل پر استعمال کیا ہے۔ یعنی بمعنی نیشن نہیں بمعنی خاندان قبیلہ برادری اور عربی و فارسی میں قوم کے یہی معنی ہیں۔"

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

U
922.97 AB
SHI

شبلی نعمانی، محمد
سیرۃ النعمان: امام ابوحنیفہ علیہ الرحمۃ کی سوانح عمری
ج ۱۔ دہلی، مطبع مجتبائی، س ت۔
صفحات 8، 112

L2337

صفحہ کتاب	متن / سیاق و سباق	حاشیۂ آزاد
۸ (ابتدائی) ۴۵	. . . . . امام ابوحنیفہ تحصیل علم کے زمانہ میں مدینہ تشریف لے گئے اور امام باقر رضی اللہ عنہ سے ملاقات ہوئی اور تعارف ہوا تو امام باقر نے فرمایا کہ ہاں تم ہی قیاس کی بنا پر ہمارے دادا کی حدیثوں سے مخالفت کرتے ہو۔ ابوحنیفہ نے نہایت ادب سے کہا "عیاذاً باللہ حدیث کی کون مخالفت کر سکتا ہے۔ آپ تشریف رکھیں تو کچھ عرض کروں۔ پھر حسب ذیل گفتگو ہوئی۔ (ابوحنیفہ) مرد ضعیف ہے یا عورت (امام باقر) عورت (ابوحنیفہ) وراثت میں مرد کا حصہ زیادہ ہے یا عورت کا (امام باقر) مرد کا (ابوحنیفہ) میں قیاس لگاتا کہ عورت کو زیادہ حصہ دیا جائے کیونکہ ضعیف کو ظاہر قیاس کی بناء پر	"یہ جو بار بار کہا جاتا ہے کہ امام ابوحنیفہ مراسیل کو بھی قابل احتجاج سمجھتے ہیں۔ پھر ان پر الزام تقدیم قیاس کیوں کر صحیح ہو سکتا ہے۔ برخلاف شافعی و ائمہ حدیث کے مراسیل کو حجت نہیں مانتے تو اس میں کئی مغالطے ہیں اول تو امام شافعی جیسا کہ الام میں خود تصریح کی ہے صرف اُن ہی مراسیل کے مخالف ہیں جو کسی مسند کے خلاف ہوں اور جس راوی کے ارسال کا ثقہ سے ہونا ثابت نہ ہوا ہو۔ شاہ صاحب نے بھی حجۃ اللہ میں لکھا ہے" فقہ ران لا یاخذ بالمرسل الا عند وجود شروط" چنانچہ ابن مسیب وغیرہ کے مراسیل پر امام شافعی و اکثر ائمہ حدیث نے عمل کیا ہے۔ ثانیاً یہ کہنا کہ امام ابوحنیفہ نے مراسیل کو قیاس پر ترجیح دی کسی طرح صحیح نہیں۔ مثالوں کے دیکھنے سے واضح ہوتا

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صفحہ/کتاب	متن/سیاق وسباق	حاشیۂ آزاد
	زیادہ ملنا چاہیے۔ پھر پوچھا نماز افضل ہے یا روزہ (امام باقر) نماز (ابوحنیفہ) اس اعتبار سے حائضہ عورت پر نماز کی قضا واجب ہونی چاہیے نہ روزہ کی۔ حالانکہ میں روزہ ہی کی قضا کا فتویٰ دیتا ہوں۔ امام باقر اس قدر خوش ہوئے کہ اٹھ کر ان کی پیشانی چومی۔ ابوحنیفہ ایک مدت تک استفادہ کی غرض سے ان کی خدمت میں حاضر رہے۔"	ہے کہ جن مسائل پر بوجہ عدم حصول احادیث مرفوعہ یا عدم توجہ بہ روایات یا بہ تقلید بعض مشائخ عراق احادیث مرفوعہ متصلہ مخالف پڑگئی ہیں وہاں مرسل منقطع سے حجت لاتے ہیں اور اُس کو قیاس وغیرہ سے تقویت دیتے ہیں۔ الخ" "جواب غلط ہے۔ امام باقر نے قرآن کے رد کرنے کا الزام نہیں دیا تھا بلکہ اپنے دادے کی حدیثوں کا۔ عورت کا نصف ورثہ تو قرآن سے ثابت ہے احادیث سے کیا تعلق اور اسی طرح قضاء صیام۔ دراصل یہ روایت ہی بے سروپا ہے۔"

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

922.97 AB
SHI

شبلی نعمانی، محمد
سیرۃ النعمان۔ ج ۲۔ دہلی، مطبع مجتبائی ۱۸۹۳ء
صفحات ۱۱۳، ۳۱۰

L2338

صفحہ کی سطر	متن / سیاق و سباق	حاشیۂ آزاد
۱۴۰	علامہ شبلی نے مجتہد اور محدث کے فرق پر تفصیلی بحث کی ہے۔ لکھتے ہیں کہ مجتہدین جس چیز پر فخر کر سکتے ہیں وہ دقت نظر، قوت استنباط استخراج مسائل اور تفریع احکام ہے۔ لیکن محدثین کے گروہ کے نزدیک یہی باتیں عیب و نقص میں داخل ہیں۔ علامہ ابو جعفر محمد بن جریر طبری قاضی ابو یوسف کے ذکر میں لکھتے ہیں۔ کہ "اہل حدیث میں سے ایک گروہ نے ان کی روایت سے اس بنا پر احتراز کیا ہے کہ اُن پر رائے غالب تھی اور فروع احکام کی تفریع کرتے تھے۔ ان باتوں کے ساتھ بادشاہ کی صحبت میں رہتے تھے اور منصب قضا پر مامور تھے۔" اگر فروع اور احکام کا استنباط بھی جرم ہے تو بے شبہ امام ابو حنیفہ قاضی ابو یوسف سے زیادہ مجرم ہیں۔"	"مصنف کی یہ پوری بحث یکسر مغالطہ ہے اس سے بڑھ کر کذب علی وجہ الارض کیا ہو سکتا ہے کہ ائمہ حدیث کی نسبت یہ کہا جائے کہ دقت نظر، قوت استنباط، استخراج مسائل رایت و تفکر اُن کے نزدیک نقص رہا۔ جس شخص نے صرف تراجم ابواب فقیہ بخاری وغیرہ ہی پر نظر ڈالی ہے وہ کیونکر اس خیال کا تصور بھی کر سکتا ہے۔ اور پھر جس شخص نے تصنیفاتِ ابن حزم، ابن عقیل ابن تیمیہ و ابن قیم وغیرہ کو دیکھا ہے تو وہ اس خیال کی تکذیب پر حلف شرعی اٹھا سکتا ہے۔ اصل یہ ہے کہ اس تمام معاملہ کے (یعنی امام ابو حنیفہ اور محدثین فیما بین اسکول) اسباب ہی اور ہیں اور اُن کو صاحب حجۃ اللہ نے واشگاف لکھ دیا ہے۔ مؤلف کی اس پر نظر ہے مگر افسوس کہ مغالطہ دینے کی کوشش کی ہے۔ اگر مصنف نے اسی جملہ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صفحہ/سطر	متن / سیاق و سباق	حاشیۂ آزاد
		پر غور کیا ہوتا کہ" فروع احکام کی تفریع کرتے تھے۔ تو اصل عقدہ حل ہو جاتا یعنی بنیاد اپنے قرار دادہ یا ائمۂ کوفہ کے کلیات پر رکھتے نہ کہ احادیث پر۔"
۱۴۱	شبلی کے خیال میں" جو لوگ علم حدیث کی درس و تدریس میں مشغول تھے ان میں دو فرقے قائم ہو گئے تھے۔ ایک وہ جن کا کام صرف حدیثوں اور روایتوں کا جمع کرنا تھا وہ حدیث سے صرف من حیث الروایت بحث کرتے تھے۔ یہاں تک کہ اُن کو ناسخ و منسوخ سے بھی کچھ سروکار نہ تھا۔ دوسرا فرقہ حدیثوں کو استنباط احکام اور استخراج مسائل کے لحاظ سے دیکھتا تھا اور اگر کوئی نص صریح نہیں ملتی تھی تو قیاس سے کام لیا تھا۔ اگرچہ یہ دونوں حیثیتیں دونوں فرقوں میں کسی قدر مشترک تھیں لیکن وصف غالب کے لحاظ سے ایک دوسرے سے ممتاز تھا۔ پہلا فرقہ اہل الروایہ اور اہل حدیث اور دوسرا فرقہ مجتہد اور اہل الرائے کے نام سے پکارا جاتا تھا۔"	"یہ بالکل غلط ہے۔ اصل اختلاف وہ ہے جو صاحب حجۃ اللہ نے باب سبب الاختلاف میں لکھا ہے یعنی ایک گروہ نے اساس کار کلیات مستخرجہ پر رکھا اور غدا لحاجتہ اسی پر تفریع کرنے لگے ہر جزئی کے لیے احادیث کے چنداں متلاشی نہ ہوئے۔ دوسرے گروہ نے بنیاد روایات پر رکھی۔ پہلا گروہ اہل الرائے ہے اور جہاں کہیں محدثین بر بنائے تفریع تضعیف کرتے ہیں اس سے مقصود یہی ہے نہ کہ استنباط۔"
۱۴۵	"علامہ ابن خلدون کی رائے کے بموجب فن حدیث میں امام ابو حنیفہ کا کبار مجتہدین	"سبحان اللہ کیا عجیب توثیق ہے یعنی ابن خلدون کے نزدیک امام ابو حنیفہ کے لیے بڑا شرف

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صفحہ/کتاب	متن/سیاق وسباق	حاشیۂ آزاد
	میں ہونا۔ اس سے ثابت ہے کہ ان کا مذہب محدثین میں معتبر خیال کیا جاتا ہے اور روداً و قبولاً اس سے بحث کی جاتی ہے۔	یہ ہے کہ محدثین نے ان کو کم از کم لائقِ خطاب صدوق تو تسلیم کیا۔"
۱۵۴	شبلی کی ایک تفصیلی بحث اس امر پر ہے کہ رسول اللہ ؐ کے زمانے سے لے کر ابوحنیفہ ؒ کے دور تک مختلف ادوار میں کس طرح احادیث یکجائی گئیں۔ اور کیسے کیسے وہ مرتب ہوئیں اور کس طرح اُن کی تدوین میں حالات زمانہ کے موافق دلچسپی لی گئی اور کیا کیا شبہات پیدا ہوئے۔ یہ طولانی بحث کتاب کے صفحہ ۱۴۷ سے شروع ہو کر ۱۵۴ پر ختم ہوتی ہے۔	"حاصل اس تمام بحث کا یہ ہے کہ امام ابوحنیفہ نے سلسلہ روایات و احادیث کو ناقابل احتجاج سمجھا اور اس لیے احکام کے متعلق شرعیات کے لحاظ سے صرف قرآن پر انحصار کیا اور باقی قیاس پر اور اسی لیے قرآن کے عموم کی احادیث سے بہت کم تخصیص کی اور یہ سچ ہے اور محدثین بھی اسی بناء پر متاسف ہیں۔ امام ابوحنیفہ کے لیے اس بارہ میں یقیناً مجبوریاں اور مشکلات تھیں لیکن وہ موانع بعد کو رفع ہو گئے۔ اور بیسیوں مسائل میں حصولِ نصوص کے بعد قیاس کی حاجت نہ رہی۔"
۱۶۹	"امام ابوحنیفہ نے درایت کے چند اصول بنائے تھے۔ مثلاً جو حدیث عقل قطعی کے مخالف ہو وہ اعتبار کے قابل نہیں۔ یہ وہ قاعدہ ہے جس کو ابن جوزی نے تمام اصول درایت پر مقدم رکھا ہے۔ ابن جوزی چھٹی صدی میں گذرے ہیں۔ اس وقت تک علوم اسلامی عروج کمال تک پہنچ	ؒ جب امام ابوحنیفہ کے زمانہ میں یہ حال تھا تو ظاہر ہے کہ عہد صحابہ میں تو اس سے بھی بڑھ کر جرم ہوگا۔ اور عہد نبوت کا حال تو پوچھنا ہی نہیں چاہیے۔ پس اس سے معلوم ہوا کہ عقل سے بڑھ کر اسلام میں کوئی شے بری نہیں کیونکہ جس قدر عہد نبوت سے بعد ہوتا گیا۔ عقل کا اعتراف بڑھتا گیا۔ تعجب

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صفحہ کالم	متن / سیاق و سباق	حاشیۂ آزاد
	گئے تھے۔ اور فلسفیانہ خیالات کا اثر زیادہ عام ہو گیا تھا۔ لیکن امام ابو حنیفہ کے زمانہ تک مذہب میں عقل کا نام لینا ایک جرم عظیم تھا۔"	ہے کہ مؤلف نے کیونکر اس جملے کو لکھا اور کیونکر ایک شخص یہ جملہ زبان سے نکال سکتا ہے جس کو اسلام کے دینِ فطری ہونے کا یقین ہو۔"
۱۶۹	شروع میں عقل کے خلاف کسی حدیث پر جب امام حنیفہ نے بے اعتباری ظاہر کی تو لوگوں نے سخت مخالفت کی۔ اس قسم کی حدیثیں جن میں ناممکن اور محال واقعات بیان کئے گئے ہیں جب امام صاحب کے سامنے پیش کی جائیں تو وہ اُن سے انکار کرتے تھے۔"	"اس طرح کے انکار کا ایک واقعہ بھی کہیں منقول نہیں۔"
۱۷۰	شبلی نے "تلک الغرانیق العلیٰ" کی حدیث کا ذکر کیا ہے جس کا مطلب ہے کہ رسول اللہ کی زبان سے سورہ نجم کی تلاوت کے وقت بتوں کی تعریف میں الفاظ ادا ہوئے۔ یہ الفاظ شیطان نے آنحضرتؐ کی زبان میں ڈال دیے تھے۔ چنانچہ تلاوت کے بعد جبرئیل آئے اور انھوں نے یہ شکایت کی کہ میں نے تو یہ الفاظ آپ کو نہیں سکھائے تھے۔ آپ نے کہاں سے پڑھ دیے۔ اس حدیث کو امام صاحب کے اصول کے موافق بعض محدثین مثلاً قاضی عیاض	"سب سے پہلے اس اصل کو امام صاحب کا قرار دادہ کسی معتمد حوالہ و مخرج فقہ و حدیث سے ثابت کیا جائے۔ پھر اس پر بحث کی جائے کہ یہ امام صاحب کے کمالات میں سے ہے یا نہیں روایت الغرانیق کو محض مخالف عقل ہونے کی بنا پر محدثین نے رد نہیں کیا بلکہ اصول روایت کی بنا پر عقل و درایت کا جو مطلب باقتضائے وقت مؤلف ثابت کرنا چاہتے ہیں۔ حاشا کہ سلف میں سے کسی محدث یا کسی فقیہ نے اس کا یہ مطلب قرار دیا ہو۔"

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صفحہ کتاب	متن / سیاق و سباق	حاشیۂ آزاد
	والوبکر بیہقی وغیرہ نے غلط کہا لیکن محدثین کا ایک بڑا گروہ اس کو اب بھی صحیح تسلیم کرتا ہے۔	
۱۷۳	بیع مصراۃ کی حدیث کو امام ابوحنیفہ نے قیاس کی بنا پر رد نہیں کیا تھا بلکہ اُس کے نسخ کا دعویٰ کیا ہے۔	• دعویٰ نسخ اس سے بڑھ کر باطل ہے جب ناسخ کوئی پیش نہیں کی۔ اصل یہ ہے کہ حنفیہ کے پاس آخری حربہ نسخ ہے۔ جب کسی طرح اختلاف احادیث صحیحہ و مذہب کو دور نہیں کیا جا سکتا تو نسخ کا دعویٰ کر دیتے ہیں جیسا کہ رفع الیدین عند الرکوع میں حنفیہ نے کیا ہے نسخ بجز دس حدیثوں کے ثابت نہیں اور ان میں بھی بعد غور و فکر چھ رہ جاتی ہیں"۔
۱۷۵	"اگرچہ امام ابوحنیفہ نے قیاس فقہی کو حدیث پر مقدم نہیں کیا تاہم اُن کے زمانہ تک قیاس کا لفظ نہایت وسیع معنوں میں مستعمل تھا اور ان معنوں کے لحاظ سے امام صاحب نے قیاس کو حدیثوں میں دخل دیا ہے۔ احکام شرعیہ کے متعلق اسلام میں شروع ہی سے دو فرقے تھے۔ ایک گروہ راوی کو ثقہ پاکر حدیث کو قبول کر لیتا تھا۔ لیکن دوسرا گروہ حسن و قبح اصل کا قائل تھا۔ اور اسباب و وجوہ پر غور کر کے اصل حقیقت کا پتہ لگاتا تھا۔ امام ابوحنیفہ کا بھی یہی مسلک تھا"	"اعمال و عبادات کہ ارکان و جوارح سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان میں راوی کی فقاہت کی کوئی ضرورت نہیں۔ پھر ان احادیث کے مخالف قیاس کرنے کی کیا تاویل ہو سکتی ہے۔ الا یہ کہ عدم حصول"۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صفحہ کتاب	متن / سیاق و سباق	حاشیۂ آزاد
۱۷۸	شریعت کے احکام اور مسائل اور اُن کے اسرار و مصالح کے تتبع اور استقراء سے ایسا ذوق حاصل ہو سکتا ہے جس سے یہ تمیز ہو سکے کہ رسول اللہ نے یہ حکم دیا ہوگا یا نہیں لیکن ان اسرار اور مصالح کا تتبع محدث کا فرض نہیں ہے۔ وہ مجتہد کے ساتھ مخصوص ہے۔ اور یہی وجہ ہے کہ جب ان دقیق وجوہ کے لحاظ سے امام ابوحنیفہ نے بعض حدیثوں کو معطل قرار دیا تو ارباب ظاہر نے مخالفت کی۔"	"محدث اور مجتہد کی تفریق خود باطل ہے۔ محدث غیر مجتہد کا وجود نہیں۔ محدثین کا مقصود فقہ و سیرۃ و اجتہاد کے جمع احادیث سے اور کچھ نہ تھا۔"
۱۸۰	شاہ ولی اللہ صاحب کی کتاب حجۃ البالغہ کے حوالے سے شبلی نے امام شافعی اور امام محمد کے مناظرات کا ذکر کیا ہے جو قرآن میں دادیوں کے حق میں وصیت کے سلسلہ میں ہوئے۔ یہ روایت بیہقی کی کتاب مناقب الشافعی سے لی ہے جس میں اور بھی بہت سی بے سروپا روایتیں مذکور ہیں۔ اس سے قبل صفحہ ۱۴۲ پر نضر بن شمیل اور امام احمد بن حنبل کے مکالمہ کا بھی ذکر ہے جو عقود الجمان کے حوالہ سے نقل کیا گیا ہے۔ اس گفتگو کو شبلی صحیح خیال کرتے ہیں۔	"یا سبحان اللہ۔ امام احمد اور نضر کا مکالمہ محض بوجہ روایت عقود الجمان صحیح ہے اور بیہقی کی روایت بے سروپا۔ ان ہذا لشیٔ عجاب۔"

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صفحہ کتاب	متن / سیاق و سباق	حاشیۂ آزاد
۱۸۱	شبلی نے جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا ہے شاہ ولی اللہ کی کتاب حجۃ البالغہ کے حوالے سے امام شافعی اور امام محمد کے مناظرہ کا ذکر کیا ہے۔ امام شافعی نے امام محمد سے کہا کہ کیا آپ کے نزدیک خبر واحد سے قرآن پر زیادتی نہیں ہو سکتی۔ امام محمد نے کہا ہاں۔ امام شافعی نے کہا قرآن مجید میں وارثوں کے حق میں وصیت کا حکم ہے۔	"افسوس مؤلف نے یہاں کس قدر سخت غلطی کی ہے اور صاحب حجۃ اللہ کو بلا وجہ الزام دیا ہے۔ قرآن مجید میں وارثوں کے لئے وصیت کا بھی حکم ہے اور اُن لوگوں کے پس ماندوں کے لئے جو بغیر وصیت کے مرجائیں حصص بھی بتلا دیے ہیں۔
۱۸۱	آپ اس حدیث کی بنا پر لا وصیت لوارث وصیت کو ناجائز کیوں قرار دیتے ہیں؟ شبلی نے اس روایت کو بر بنائے سند بیہقی رد کرتے ہوئے مزید لکھا ہے کہ ہم شاہ صاحب کی خدمت میں عرض کرتے ہیں کہ حنفیوں کے نزدیک وارثوں کے حق میں وراثت کا حکم کسی حدیث سے منسوخ نہیں ہوا بلکہ قرآن مجید کی اس آیت سے جس میں توریث کے احکام ہیں۔ یہ صرف حنفیوں ہی کی رائے نہیں بلکہ تمام مفسرین کا یہی قول ہے۔	دونوں اپنی جگہ قائم ہیں۔ نسخ کسی طرح ثابت نہیں اب نسخ کا دعویٰ جو کیا گیا تو صرف بر بنائے حدیث کہ لا وصیت لوارث اسی بنا پر امام شافعی نے کہا کہ یہ زیادتی قرآن پر ہوئی یا نہیں؟"
۲۰۵	پہلے بہ تفصیل فقہ کی تاریخ بیان کی ہے اُس کے بعد فقہ حنفی پر روشنی ڈالی ہے بعد ازاں لکھا ہے کہ عرب میں اُن کے مسائل کو اس	"اصل حقیقت یہ ہے کہ جب تک حکومت عربوں کے ہاتھ میں رہی جو علوم اسلامیہ سے براہ راست واقف ہوتے تھے۔ اس وقت

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حاشیۂ آزاد	متن / سیاق و سباق	نمبر شمار
تک فقہ حنفی کو عروج نہیں ہوا۔ جب عربی حکومت کا تنزل شروع ہوا اور ترکوں کا دور شروع ہوا جو محض جاہل و وحشی تھے اس وقت سے فقہ حنفی عموماً سلاطین کا مذہب قرار دیا گیا اور اُسی وقت سے تعین و تذہب و تعصب و جدال و خلاف کی بنیاد پڑی۔ مؤلف نے اس حقیقت کو چھپانا چاہا ہے"	لیے رواج نہ ہو سکا کہ مدینہ میں امام مالک اور مکہ میں دوسرے ائمہ اُن کے حریف موجود تھے لیکن عرب کے سوا تمام ممالک اسلامی میں فقہ حنفی کو رواج ہوا۔	
"اس کا کیا ثبوت ہے؟"	بعضوں کا خیال ہے اور خاصکر ابن حزم کا کہ حنفی مذہب کو قاضی ابو یوسف کے قاضی القضاۃ ہونے کی وجہ سے عروج ہوا۔ حالانکہ قاضی ابو یوسف کے عروج سے پہلے پچاس سال تک مذہب حنفی فروغ پاتا رہا تھا اور اس دور میں اُن کے سینکڑوں شاگرد قضا کے عہدوں پر مامور ہو چکے تھے۔	۲۰۷
